تصدیق شدہ اشاعت
گجرات، گوجرانوالہ، لاہور، اسلام آباد، خیبر پختونخوا کا واحد ترجمان منفرد روزنامہ اخبار

DAILY POWER OF PAKISTAN ISLAMABAD

★★★ ہر خبر آپ تک ★★★

روزنامہ پاور آف پاکستان اسلام آباد

Power of Pakistan News Agency

چیف ایڈیٹر: مرزا احمد علی

powerofpakistannewsagency.online

جلد نمبر 02 | جمعۃ المبارک 09 جنوری 2026، 19 رجب المرجب 1447ھ | صفحات 08 قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 147

پنجاب ری الیکشن نہیں بلکہ پرو ایکٹو گورننس پر یقین رکھتا ہے: مریم نواز

مائیں، بہنیں، بیٹیاں میدان عمل میں نکل آئیں تو پنجاب کو کوئی نہیں ہرا سکتا، 55 ہزار کمیونٹی ہیلتھ انسپکٹرز نکلیں گی تو پنجاب سے بیماریاں بھاگ جائینگی، حکومت اب انتظار نہیں کرے گی بلکہ خود چل کر گھروں تک جائیگی

کمیونٹی ہیلتھ انسپکٹرز پروگرام میں 25 ہزار لوگوں کو 50 ہزار روپے تنخواہ دے رہے ہیں، کام کر کے دکھائیں تو مزید تنخواہ بڑھائیں گے، اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے آج ہم ہر شعبے میں خود کفیل ہیں

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کمیونٹی ہیلتھ انسپکٹرز پراجیکٹ لانچنگ کی تقریب سے خطاب کر رہی ہیں۔

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ پنجاب ری الیکشن نہیں بلکہ پرو ایکٹو گورننس پر یقین رکھتا ہے، 55 ہزار کمیونٹی ہیلتھ انسپکٹرز میدان (بقیہ نمبر 1)

ضم اضلاع کے ترقیاتی پیکج کا نام رو بنانہ قبائل ہوگا، سہیل آفریدی

پشاور (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ ضم اضلاع کے ترقیاتی پیکج کا (بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد، سابق وزیر اعلیٰ کے پی علی امین گنڈاپور اشتہاری قرار



اسلام آباد (این این آئی) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اسلام آباد نے سابق وزیر اعلیٰ کے پی علی امین گنڈاپور (بقیہ نمبر 3)

اسلام آباد: وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت ایس ایم ای اور زراعت کے شعبوں کے قرضوں سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس ہوا۔

محسن نقوی کی چین کی وزارت پبلک سکیورٹی کے ہیڈ کوارٹر آمد

انسداد دہشت گردی، پولیس ٹریننگ ایکسچینج پروگرام اور مشترکہ مفادات کے شعبوں میں اشتراک بڑھانے پر تفصیلی بات چیت

بیجنگ (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بدھ کو بیجنگ میں چین کے وزیر داخلہ وانگ ژاو ہونگ سے اہم ملاقات کی جس میں چین کی وزارت پبلک سکیورٹی کے ہیڈ کوارٹر آمد پر چینی وزیر داخلہ وانگ ژاو ہونگ نے وفد کے ہمراہ پاکستانی ہم منصب محسن نقوی کا پرتپاک خیر مقدم (بقیہ نمبر 4)

سندھ اور پنجاب کے دریاؤں میں غیر مقامی مچھلیوں نے تباہی مچادی

لاہور/کراچی (این این آئی) سندھ اور پنجاب کے دریاؤں میں غیر مقامی (بقیہ نمبر 5)

مذاکرات کے لیے سیاسی کارکنوں اور قیدیوں کو رہا کر کے مقدمات ختم کیے جائیں: نیشنل ڈائیلاگ کمیٹی کانفرنس

اپوزیشن کمیٹی بنائی جائے جو سیاسی قیدیوں کے ساتھ مل کر ڈائیلاگ کمیٹی کو بڑھائے، سینیٹ اور قومی اسمبلی میں فوری طور پر اپوزیشن لیڈر کی تعیناتی کی جائے، اعلامیہ

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل ڈائیلاگ کمیٹی کے اجلاس میں صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم شہباز شریف اور مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز شریف کی مشاورت سے حکومتی مذاکراتی کمیٹی تشکیل دینے کی تجویز دی گئی ہے۔ اجلاس کے اعلامیے میں کہا گیا کہ اپوزیشن کمیٹی بنائی جائے جو سیاسی قیدیوں کے ساتھ مل کر ڈائیلاگ کمیٹی کو بڑھائے، سینیٹ اور قومی اسمبلی میں فوری طور پر اپوزیشن لیڈر کی تعیناتی کی جائے۔ (بقیہ نمبر 6)

قائمہ کمیٹی ہاؤسنگ کی مختلف محکموں ایڈجسٹ کئے گئے ملازمین کو فوری طور پر بقایا جات کی ادائیگی کی ہدایت

سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے ہاؤسنگ اینڈ ورکس میں پاک پی ڈبلیو ڈی ملازمین کے تنخواہوں اور ایڈجسٹمنٹ کا جائزہ لیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے ہاؤسنگ اینڈ ورکس نے مختلف محکموں ایڈجسٹ کئے گئے ملازمین کو فوری طور پر بقایا جات کی ادائیگی کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ تمام مذکورہ ملازمین کی تنخواہوں کی ادائیگی کی تصدیق کر کے واضح اور مستند رپورٹ کمیٹی (بقیہ نمبر 7)

سید یوسف رضا گیلانی کی منظور وٹو کے انتقال پر ان کے گھر جا کر تعزیت، فاتحہ خوانی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سابق وزیر اعلیٰ پنجاب میاں منظور وٹو کے انتقال پر تعزیت (بقیہ نمبر 8)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے سرمایہ کاری بورڈ جناب قیصر احمد شیخ یو ایس پاکستان بزنس الائنس (USPBA) پاکستان چیپٹر کی افتتاحی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔

بلوچستان میں 813 کلومیٹر طویل پاکستان ایکسپریس وے 2 سال میں مکمل ہوگی، وفاقی وزیر

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کی عبدالعلیم خان سے ملاقات، این ایچ اے و دیگر امور پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے کہا ہے کہ نیشنل ہائی وے اتھارٹی کراچی، کوئٹہ چمن کی 813 کلومیٹر طویل پاکستان ایکسپریس وے این 25 کو 2 سال میں مکمل کرے گا جس کے لئے ابتدائی طور پر کام کا آغاز ہو چکا ہے۔ اس امر کا اظہار انہوں نے (بقیہ نمبر 9)

برآمدات پر مبنی ترقیاتی اہداف کا حصول ہماری ترجیح ہے: شہباز شریف

وزیر اعظم نے ہدایت کی کہ چاول کی برآمدات میں اضافے کے حوالے سے رائس ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے ساتھ مل کر حکمت عملی ترتیب دی جائے اور ایکسپورٹرز کو سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے ادارہ جاتی اصلاحات پر کام مزید تیز کیا جائے

ملکی برآمدات کو گلوبل ویلیو چین کا حصہ بنانے کے حوالے سے بھی کام کیا جا رہا ہے۔ حکام کا مزید کہنا تھا کہ برآمد کنندگان کو سہولت دینے کے حوالے سے ملک میں پورٹس اور لاجسٹکس کے نظام کو بہتری لائی جا رہی ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ برآمد کنندگان کو ٹیکس ری فنڈ کے حوالے سے کوئی کوتاہی قابل قبول نہیں۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت ملکی برآمدات کے فروغ پر جائزہ اجلاس ہوا جس میں مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے شہباز شریف کا کہنا تھا کہ برآمدات پر مبنی ترقیاتی اہداف کا حصول ہماری ترجیح ہے، برآمد کنندگان کو ٹیکس ری فنڈ کے حوالے سے کوئی کوتاہی قابل قبول نہیں۔ انہوں نے کہا کہ برآمدات خصوصاً زرعی برآمدات میں اضافے اور تجارتی خسارے میں کمی کے (بقیہ نمبر 10)

60 سال سے ملک میں ہائبرڈ حکومتیں ہیں، شاہد خاقان

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیر اعظم اور عوام پاکستان پارٹی کے سربراہ شاہد خاقان عباسی نے کہا (بقیہ نمبر 13)

پولیٹیکل پولرائزیشن کی وجہ سے مشکلات ہیں، بیرسٹر سیف

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما بیرسٹر سیف نے کہا ہے کہ پولیٹیکل (بقیہ نمبر 12)

کوئی ایک بھی فیصلہ ٹھیک کیا؟ شیر افضل کی عمران خان کے فیصلوں پر برس پڑے

اسلام آباد (این این آئی) رکن قومی اسمبلی شیر افضل مروت نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کے فیصلوں پر (بقیہ نمبر 11)

کسی بھی ممکنہ تعاون کی بنیاد قومی ترجیحات پر رکھی جائیگی: وزیر خزانہ

مالیاتی نظام کو مضبوط بنانے کے لیے نئی ٹیکنالوجیز کے جائزے کی خاطر معتبر بین الاقوامی شراکت داروں کے ساتھ فعال طور پر رابطے میں ہیں، محمد اورنگزیب کی سجوانی گروپ کے وفد سے ملاقات میں گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ کسی بھی ممکنہ تعاون کی بنیاد قومی ترجیحات، شفافیت اور قابلِ اطلاق قوانین و پالیسیوں پر رکھی جائیگی، پاکستان اپنے مالیاتی نظام کو مضبوط بنانے کے لیے نئی ٹیکنالوجیز کے جائزے کی خاطر (بقیہ نمبر 14)

عمران خان سے ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی ملاقات کروا دی گئی

دونوں میاں بیوی 45 منٹ تک اکٹھے رہے، دونوں نے ایک دوسرے کا حال احوال دریافت کیا، ذرائع

راولپنڈی (این این آئی) عمران خان سے ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی ملاقات کروا دی گئی۔ جیل ذرائع کے مطابق سینٹرل جیل راولپنڈی میں پابند سلاسل سابق وزیر اعظم عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی منگل کو ملاقات کروائی گئی۔ ذرائع کے مطابق دونوں میاں بیوی 45 منٹ تک اکٹھے رہے اور اس دوران دونوں نے ایک دوسرے کا حال احوال دریافت کیا۔ جیل حکام کے مطابق گزشتہ منگل کو بھی دونوں میاں بیوی کی ملاقات کروائی گئی تھی تاہم بیرون جیل سے کسی عزیز، (بقیہ نمبر 15)

لاہور، بینک اکاؤنٹ کھلوانے کے بہانے موبائل چوری کرنے والے 2 ملزمان گرفتار

لاہور (این این آئی) سول لائن پولیس نے بینک میں اکاؤنٹ کھلوانے کے بہانے موبائل چوری کرنے والے 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق ملزمان چند روز قبل میزان بینک کے اسٹاف کا موبائل چوری کر کے رفو چکر ہو گئے تھے، ملزم کو سی سی ٹی وی فوٹیج میں بینک (بقیہ نمبر 16)

سائبر کرائم کے ذریعے ہونے والے مالیاتی جرائم میں 36 فیصد کمی کا دعویٰ

سائبر فراڈ اور مالیاتی گھپلوں میں ملوث ملزمان سے 461 ملین برآمد ہوئے

لاہور (این این آئی) نیشنل سائبر کرائم انویسٹیگیشن ایجنسی نے سالانہ کارکردگی رپورٹ جاری کر دی جس میں سائبر کرائم کے ذریعے ہونے والے مالیاتی جرائم میں 36 فیصد کمی کا دعویٰ کیا گیا ہے۔ سائبر کرائم، آن لائن فراڈ، ڈیٹا چوری اور دیگر سنگین نوعیت کی 2196 کیسز کی چھان بین کی گئی، سائبر کرائم کے ذریعے ہونے والے مالیاتی جرائم میں 36 فیصد کمی ہوئی، این سی سی آئی اے کے مطابق سائبر فراڈ اور مالیاتی گھپلوں میں ملوث ملزمان سے 461 ملین برآمد ہوئے، (بقیہ نمبر 17)

سی پیک منصوبے کو بدنام کرنے والی جعلی کمپنی کیخلاف ایف آئی اے نے تحقیقات مکمل کر لیں

سی پیک کے نام پر اراضی اور رقم ہتھیانے والے گینگ کے 2 کارندوں پر مقدمہ درج کر لیا گیا

لاہور (این این آئی) چین پاکستان اقتصادی راہداری منصوبے کو بدنام کرنے والی جعلی کمپنی کے خلاف ایف آئی اے نے تحقیقات مکمل کر لیں، سی پیک منصوبے کے نام پر اراضی اور لاکھوں روپے ہتھیانے والے گینگ کے دو کارندوں کے خلاف مقدمہ درج کر لیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق ملزمان نے خود کو کمپنی کا نمائندہ ظاہر کیا اور شکایت کنندہ سے پچاس لاکھ روپے نقد کے علاوہ دو کروڑ روپے مالیت کا کمرشل پلازہ ہتھیا لیا۔ اسی طرح ملزمان نے ساڑھے چار کروڑ کا مکان اور سیکٹر جی (بقیہ نمبر 18)

لاہور: صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق ستھرا پنجاب اتھارٹی کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

خیبر پختونخوا وہ صوبہ ہے جس نے سب سے زیادہ لاشیں اٹھائیں: طارق فضل چوہدری

دہشتگردی کیخلاف فیصلہ کن کارروائیوں کی مخالفت دراصل دہشت گردوں کے بیانیے کو تقویت دینے کے مترادف ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف فیصلہ کن کارروائیوں کی مخالفت دراصل دہشت گردوں کے بیانیے کو تقویت دینے کے مترادف ہے، خیبر پختونخوا وہ صوبہ ہے جس نے سب سے زیادہ لاشیں اٹھائیں، سب سے زیادہ قربانیاں دیں اور سب سے زیادہ تباہی دیکھی تاہم افسوس کہ آج اسی صوبے میں دہشت گردوں کے خلاف ریاستی اقدامات پر (بقیہ نمبر 29)

پنجاب ہارٹیکلچر اتھارٹی کی نئی ضلعی ایجنسیوں کو تفصیلی پلان پیش کرنے کی ہدایت

لاہور (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل پنجاب ہارٹیکلچر اتھارٹی ناہید گل بلوچ نے نئی قائم شدہ ضلعی ایجنسیوں کے سربراہان کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنے شہروں میں باغبانی سے متعلق ممکنہ اقدامات کے خاکہ پر مشتمل تفصیلی پلان پیش کریں۔ انہوں نے یہ ہدایت 11 نو تشکیل شدہ ایجنسیوں کے مینجنگ ڈائریکٹرز کے ساتھ میٹنگ (بقیہ نمبر 30)

لاہور: صوبائی وزیر لائیوسٹاک وڈیری ڈویلپمنٹ سید عاشق حسین کرمانی محکمے کے اہم امور بارے منعقدہ جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

عمران خان اور ان کے اہلِ خانہ پر حکومتی مظالم کی شدید مذمت کرتے ہیں، فہیم خان

کراچی (این این آئی) پی ٹی آئی کراچی ڈویژن کے سینئر نائب صدر و سابق رکن قومی اسمبلی فہیم خان نے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی کے سندھ کے دورے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ دورہ پی ٹی آئی کی جاری اسٹریٹ موومنٹ میں عوامی رابطے کو مضبوط بنانے میں اہم ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا کی قیادت نے محدود وسائل کے باوجود عوامی (بقیہ نمبر 31)

معاون خصوصی برائے فوڈ سیفٹی اینڈ کنزیومر پروٹیکشن سلیمی بٹ فوڈ اتھارٹی کے ہمراہ مری مال روڈ پر ملاوٹ مافیا کے خلاف گرینڈ آپریشن کر رہی ہیں۔

چند ماہ کے اندر سندھ میں ججوں کی کمی کو ختم کر دیا جائے گا، چیف جسٹس سندھ ہائی کورٹ

آج میں چیف جسٹس سندھ ہوں، کل کوئی اور ہوگا، یہ ایک تسلسل ہے جو جاری رہے گا، جسٹس ظفر احمد راجپوت

گھوٹکی (این این آئی) چیف جسٹس سندھ جسٹس ظفر احمد راجپوت نے کہا ہے کہ مستقبل نوجوانوں کا ہے۔ آج میں چیف جسٹس سندھ ہوں، کل کوئی اور ہوگا، یہ ایک تسلسل ہے جو جاری رہے گا۔ کچھ حاصل کرنے کے لیے نوجوان وکلا کو ایمانداری کے ساتھ سخت محنت کرنی چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ضلع بار کونسل گھوٹکی سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر چیف جسٹس سندھ نے کہا کہ نوجوان وکلا کو جدید دور کے تقاضوں کے مطابق محنت کرنی چاہیے، انہیں ہمارے دور کے (بقیہ نمبر 32)

چکوال بس کھائی میں گرنے سے 5 مسافر جاں بحق، 7 خواتین سمیت 27 زخمی

مسافر بس راولپنڈی سے کراچی جا رہی تھی موڑ کاٹتے ہوئے کھائی میں جا گری، زخمیوں میں 7 خواتین بھی شامل

چکوال (این این آئی) تلہ گنگ کے قریب جی ٹی روڈ پر ڈھوک پٹھان میں بس کھائی میں گرنے سے 5 افراد جاں بحق اور 27 زخمی ہو گئے، زخمیوں میں بعض کی حالت نازک ہے جس کے باعث ہلاکتوں میں اضافے کا خدشہ ہے۔ تفصیلات کے مطابق مسافر بس راولپنڈی سے کراچی جا رہی تھی کہ موڑ کاٹتے ہوئے کھائی میں جا گری، حادثے کی اطلاع پر پولیس کی بھاری نفری اور امدادی ٹیمیں فوری طور پر موقع پر پہنچیں اور (بقیہ نمبر 19)

پشاور سمیت خیبر پختونخوا میں دوسرے روز بھی شدید دھند، پروازیں متاثر

پشاور شہر اور مضافاتی علاقوں میں حدِ نگاہ صفر، دھند کے باعث پشاور ایئرپورٹ پر حدِ نگاہ 50 میٹر تک محدود

پشاور (این این آئی) پشاور سمیت خیبر پختونخوا کے میدانی علاقوں میں دوسرے روز بھی شدید دھند چھائی رہی، جس کے باعث معمولاتِ زندگی بری طرح متاثر ہوئے۔ تفصیلات کے مطابق پشاور شہر اور اس کے مضافاتی علاقوں میں حدِ نگاہ صفر تک ریکارڈ کی گئی، درجہ حرارت 2 ڈگری سینٹی گریڈ تک گر گیا جس سے سردی کی شدت میں مزید اضافہ ہوگیا۔ شیر گڑھ کے علاقوں جلالہ، (بقیہ نمبر 20)

راولپنڈی، مختلف علاقوں میں گیس لیکج سے 2 دھماکے، متعدد افراد زخمی

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کے مختلف علاقوں میں گیس لیکج سے 2 دھماکوں سے متعدد افراد زخمی ہوگئے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پہلا دھماکہ دھمیال روڈ احمد آباد کے علاقے اور دوسرا انگریز کے علاقے میں ہوا، مجموعی طور پر 4 افراد جھلس کر زخمی ہو گئے جنہیں طبی امداد کی فراہمی (بقیہ نمبر 21)

ملک بھر کے ہوائی اڈوں پر جدید آلات کی تنصیب کا فیصلہ

تمام ایئرپورٹس پر نئی اور جدید اسکیننگ مشینز لگائی جائیں گی، سروے مکمل

کراچی (این این آئی) ملک بھر کے ہوائی اڈوں پر جدید آلات کی تنصیب کا فیصلہ کر لیا گیا جس کے تحت تمام ایئرپورٹس پر نئی اور جدید اسکیننگ مشینز لگائی جائیں گی۔ ذرائع کے مطابق سول ایوی ایشن، پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی اور ایئرپورٹس سکیورٹی فورس (اے ایس ایف) نے ملک کے تمام ہوائی اڈوں پر جدید اسکیننگ مشینز کی تنصیب کے لیے سروے مکمل کر لیا ہے۔ نئی مشینز کی تنصیب سے مسافروں کے سامان کی بروقت اسکیننگ ممکن ہو سکے گی اور (بقیہ نمبر 22)

حضرت واصف علی واصف رحمۃ اللہ علیہ کا 34 واں سالانہ عرس 12 جنوری کو شروع ہوگا

لاہور (این این آئی) معروف روحانی رہنما و صوفی دانشور حضرت واصف علی واصف رحمۃ اللہ علیہ کا 34 واں سالانہ عرس ان کے مزار واقع میانی صاحب بہاولپور روڈ میں 12 جنوری سے شروع ہو رہا ہے جو کہ تین دن جاری رہے گا۔ پروگرام کے مطابق عرس کا آغاز ان کے مزار شریف پر بعد از نماز عصر رسم چادر پوشی سے ہوگا۔ (بقیہ نمبر 25)

لاہور: صوبائی وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین کو ایم ڈی پی ایچ اے لاہور راجہ منصور پراجیکٹ بارے بریفنگ دے رہے ہیں۔

خرم دستگیر کا ملک سے رواں سال دہشتگردی ختم کرنے کا اعلان

ملکی خوشحالی کی راہ میں نمبر ون رکاوٹ دہشت گردی ہے، دہشت گردی کے 80 فیصد واقعات خیبر پختونخوا میں ہو رہے ہیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) مسلم لیگ ن کے رہنما خرم دستگیر نے ملک سے رواں سال دہشتگردی ختم کرنے کا اعلان کر دیا۔ مسلم لیگ ن کے رہنما خرم دستگیر نے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکومت سنجیدہ ہے، 2026ء پاکستان سے دہشتگردی ختم کرنے کا سال ہوگا۔ خرم دستگیر نے کہا کہ ملکی خوشحالی کی راہ میں نمبر ون رکاوٹ دہشت گردی ہے، دہشت گردی کے 80 فیصد واقعات خیبر پختونخوا میں ہو رہے ہیں، (بقیہ نمبر 33)

لاہور: چیئرمین پنجاب ریونیو اتھارٹی معظم اقبال سپرا اور ڈی جی پیرا فورس مشترکہ درکنگ پلان بارے گفتگو کر رہے ہیں۔

فائیو جی اسپیکٹرم نیلامی: ٹیلی کام آپریٹرز نے جلد بازی کے معاشی خطرات سے خبردار کر دیا

کروڑوں موبائل صارفین اب بھی انٹرنیٹ کی سہولت سے محروم ہیں

کراچی (این این آئی) حکومت کی جانب سے فائیو جی اسپیکٹرم کی نیلامی کی تیاری کے دوران ٹیلی کام آپریٹرز نے خبردار کیا ہے کہ سستے اور قابلِ رسائی آلات کی دستیابی کے بغیر نئی نسل کے نیٹ ورکس کی جانب جلد بازی نقصان دہ ثابت ہو سکتی ہے۔ ٹیلی کام آپریٹرز کا کہنا ہے کہ قبل از وقت فائیو جی کے نفاذ سے قیمتی زرمبادلہ ضائع ہونے کا خدشہ ہے اور سرمایہ بہتر کنیکٹیوٹی کی بہتری (بقیہ نمبر 24)

اسلام آباد میں پولن الرجی کے خاتمے کیلئے حکومت نے جامع حکمت عملی و تاریخی مہم تیز

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد میں پولن الرجی کے خاتمے کیلئے حکومت نے جامع حکمت عملی و تاریخی مہم تیز کر دی گئی، وزیر اعظم کی ہدایت پر وزیر مملکت برائے صحت ڈاکٹر مختار احمد ملک کی صدارت میں پولن الرجی کے خاتمے کا (بقیہ نمبر 23)

پنجاب میں شوگر سیس نافذ، چینی کی قیمت بڑھنے کا خدشہ

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے شوگر سیس نافذ کر دیا جس سے صوبے میں میں چینی کی قیمت بڑھنے کا خدشہ ہے۔ پنجاب حکومت نے 40 کلو چینی پر 5 روپے شوگر سیس نافذ کر دیا۔ شوگر سیس پنجاب فنانس ایکٹ 1964ء کے تحت نافذ کیا گیا، ڈھائی روپے شوگر مل اور (بقیہ نمبر 27)

لاہور آرٹس کونسل الحمرا کا جدید دور سے ہم آہنگ ہونے کی جانب اہم قدم

ہالز، گیلریز اور سہولیات کی آن لائن بکنگ کے لیے فریم ورک اور روڈ میپ کی تیاری

لاہور (این این آئی) لاہور آرٹس کونسل الحمرا نے دورِ جدید کی ضروریات اور جدید ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ ہونے کے لیے ایک اہم اور قابلِ تحسین اقدام اٹھانے کا فیصلہ کیا ہے۔ الحمرا کے زیر انتظام ہالز، آرٹ گیلریز اور دیگر سہولیات کی ریزرویشن کو شفاف، موثر اور سہل بنانے کے لیے آن لائن بکنگ سسٹم متعارف کروانے پر سنجیدہ پیش رفت جاری ہے۔ اس سلسلے میں ایک اہم اجلاس لاہور آرٹس کونسل الحمرا میں منعقد ہوا، جس کی صدارت ایگزیکٹو ڈائریکٹر لاہور آرٹس کونسل الحمرا (بقیہ نمبر 26)

پنجاب میں 4 سال کے وقفے کے بعد 8ویں جماعت کے بورڈ کے امتحانات ہونگے

پنجاب ایگزامینیشن کمیشن نے پہلی بار امتحانی مراکز کے قیام کے لیے اسکول میپنگ کا عمل شروع کر دیا

لاہور (این این آئی) پنجاب میں چار سال کے وقفے کے بعد آٹھویں جماعت کے بورڈ امتحانات منعقد کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا ہے جس کے لیے مربوط امتحانی نظام کے تحت نئے قواعد نافذ کر دیئے گئے ہیں۔ پنجاب ایگزامینیشن کمیشن نے پہلی بار امتحانی مراکز کے قیام کے لیے اسکول میپنگ کا عمل شروع کر دیا ہے۔ پیکجا حکام کے مطابق صوبے بھر میں امتحانی مراکز کے قیام کے لیے نئی (بقیہ نمبر 34)

نجی یونیورسٹی کی تیسری منزل سے کودنے والی طالبہ کی حالت تشویشناک

لاہور (این این آئی) لاہور کی نجی یونیورسٹی کی تیسری منزل سے کودنے والی طالبہ کی حالت تشویشناک ہے۔ طالبہ کا علاج کرنے والے میڈیکل بورڈ کا اجلاس ہوا۔ میڈیکل بورڈ کے مطابق طالبہ کی حالت تشویشناک ہے لیکن دماغی حالت میں بہتری آئی ہے، پھیپھڑوں (بقیہ نمبر 35)

نجی سکولز چھٹیاں ختم ہونے سے قبل کھولنے پر سیل

لاہور (این این آئی) موسم سرما کی چھٹیاں ختم ہونے سے قبل ہی لاہور میں کئی نجی سکولز کھل گئے۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی (بقیہ نمبر 36)

ایئرپورٹس پر نئی جدید اسکیننگ مشینز لگانے کا فیصلہ

اسکیننگ مشینز سے سکیورٹی اقدامات بہتر کرنے میں معاونت ہوگی

لاہور (این این آئی) ملک بھر کے ایئرپورٹس پر نئی اور جدید اسکیننگ مشینز نصب کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق اس حوالے سے سول ایوی ایشن اتھارٹی، ایئرپورٹس اتھارٹی اور ایئرپورٹ سکیورٹی فورس کی جانب سے تمام بڑے اور چھوٹے ایئرپورٹس کا تفصیلی سروے (بقیہ نمبر 37)

لاہور: صوبائی وزیر کھیل ملک فیصل ایوب کھوکھر، 35ویں نیشنل گیمز کے میڈلسٹ کے اعزاز میں منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

اداروں پر اعتماد نہیں، مدارس کو کسی صورت سرکاری اداروں کے حوالے نہیں کریں گے: مولانا فضل الرحمان

پوری دنیا کی حکمرانی اگرچہ امریکا کے ہاتھ میں ہے لیکن ایمان کی طاقت اس کے پاس نہیں، اسی لیے دینی مدارس ایمان کی حفاظت کا فریضہ انجام دے رہے ہیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ مدارس دینِ اسلام کے محافظ ہیں، قرآن و حدیث کے علوم اور ایمان جیسی نعمت کے محافظ ہیں، انہیں کسی صورت سرکاری اداروں کے حوالے نہیں کیا جائے گا۔ راجہ بازار راولپنڈی میں مدرسہ تعلیم القرآن میں دستار بندی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمان کا کہنا تھا کہ مولانا اشرف علی کے مشکور ہیں جنہوں (بقیہ نمبر 28)

کمرشل مارکیٹوں میں ہر وقت صفائی کو ممکن بنایا جائے، ذیشان رفیق

وزیر بلدیات کی زیر صدارت اجلاس ... [illegible] ...یت پر مثالی گاؤں پروگرام میں بھی بائیو گیس پائلٹ پراجیکٹ شامل کیا جا رہا

لاہور (این این آئی) [illegible] ...فیز کا جائزہ لیا گیا۔ ستھرا ... مشاورت کی گئی۔ سیکرٹری ... میاں، اسپیشل سیکرٹری ارشد بیگ اور ایڈیشنل سیکرٹری قراۃ العین بھی اجلاس میں موجود تھے جبکہ ڈائریکٹر جنرل ستھرا پنجاب اتھارٹی بابر صاحب دین بذریعہ ویڈیو لنک شریک ہوئے۔

کالعدم تحریک لبیک کے گرفتار آٹھ عہدیداران چھ یوم جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے سپرد

چارسال قبل بورے والا چوک عارف والا میں مظاہرہ، اشتعال انگیز الزامات مقدمہ دہشت گردی

ساہیوال (این این آئی) [illegible] ...ڈسچارج کر دیا۔ 19 اکتوبر 2021 کو ملزموں نے بورے والا چوک عارف والا سٹی میں روڈ بلاک کر کے احتجاجی مظاہرہ کرتے ہوئے خادم حسین رضوی کی حمایت میں نعرے بازی کی، سرکاری گاڑیوں پر پتھراؤ کیا اور اشتعال انگیز تقریریں کیں جس پر پولیس عارف والا سٹی نے مقدمہ 7 انسداد دہشت گردی ایکٹ اور دیگر دفعات کے تحت درج کر لیا تھا۔ ڈسٹرکٹ دی عدالت ساہیوال ضیاء اللہ خان نے کالعدم تحریک لبیک کے گرفتار آٹھ عہدیداروں علی احمد، محمد حسن، کاشف، محمد عرفان، محمد کامران، عمران احمد، محمد بوٹا اور محمد عمران کا چھ یوم کا جسمانی ریمانڈ منظور کر کے پولیس عارف والا سٹی کے حوالے کر دیا اور پولیس کو حکم دیا کہ ملزموں کو دوبارہ 12 جنوری کو عدالت میں پیش کیا جائے۔ عدالت نے شناخت

جوہر ٹاؤن پنجاب فوڈ اتھارٹی، چھاپہ مار کر جعلی مکھن بنانے والی فیکٹری پکڑ لی، ڈیری سیل مقدمہ درج مالک فرار

ساہیوال (این این آئی) جوہر ٹاؤن میں پنجاب فوڈ اتھارٹی نے چھاپہ مار کر جعلی مکھن اور دیسی گھی بنانے والی فیکٹری پکڑ لی ٹیم نے لیبارٹری سے مکھن بنانے کے استعمال ہونے والے میٹریل کو چیکنگ کے بعد مضر صحت قرار دے دیا ٹیم نے میٹریل اور جعلی مکھن قبضہ میں لے لیا اور حسنین ڈیری فیکٹری کو سیل کر دیا۔ پولیس غلہ منڈی نے محمد فرحان خالد فوڈ سیفٹی آفیسر کی مدعیت میں مقدمہ پنجاب فوڈ اتھارٹی ایکٹ کی دفعات 2322 اور 24 اے، کے تحت درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔

کراچی: میئر کراچی ... [illegible]

معیشت کے حوالے سے ہر اقدام اسٹیک ہولڈرز کی قومی سطح کی نشست ہونی چاہیے، پیاف

مجموعی اعداد و شمار بیشک بہتر ہو رہے ہوں لیکن اصل کام اور چیلنجز اب بھی وہی ہیں، پیٹرن انچیف میاں سہیل نثار

لاہور (این این آئی) پاکستان انڈسٹری اینڈ ٹریڈرز ایسوسی ایشن فرنٹ (پیاف) کے پیٹرن انچیف میاں سہیل نثار، چیئرمین سید محمود غزنوی، سینئر وائس چیئرمین مدثر مسعود چودھری اور وائس چیئرمین راجہ وسیم حسن نے کہا ہے کہ پاکستان پر سود کے اخراجات اب بھی بلند سطح پر ہیں، مالی بہا ؤ پائیدار مالی اصلاحات نہیں بلکہ آئی ایم ایف کے سخت احکامات کی وجہ سے ہے، سالانہ بہتری حقیقی ہوسکتی ہے لیکن یہ واضح نہیں کہ یہ مستقل ہوگی یا نہیں۔ اپنے مشترکہ بیان میں پیاف کے عہدیداروں نے کہا کہ گزشتہ تین سال میں استحکام اور گروتھ کے درمیان فرق دیکھا گیا ہے، استحکام کے لئے ضروری ہے کہ ڈھانچہ جاتی کمزوریوں کو دور کرنے کیلئے ساری توانائیاں لگائی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ مجموعی اعداد و شمار بیشک بہتر ہو رہے ہوں لیکن اصل کام اور چیلنجز اب بھی وہی ہیں جن میں ٹیکس نیٹ کو وسیع کرنا، سرکاری اداروں میں اصلاحات، سبسڈیز کو منطقی بنانا، توانائی اور ریگولیٹری نظام کی کارکردگی میں بہتری اور نجی سرمایہ کاری و پیداواری صلاحیت کی حمایت کرنا ہے۔

پرائز بانڈ رکھنے والے افراد کے لیے اہم خبر، آئندہ سال کیلئے شیڈول جاری

کوئٹہ (این این آئی) سال 2026 میں ہونے والی قومی پرائز بانڈز کی قرعہ اندازی سے متعلق اہم تفصیلات سامنے آ گئی ہیں، سینٹرل ڈائریکٹوریٹ آف نیشنل سیونگز نے آئندہ سال کے لیے باقاعدہ شیڈول جاری کر دیا ہے جس میں مختلف مالیت کے بانڈز، قرعہ اندازی کی تاریخیں اور میزبان شہروں کی نشاندہی کی گئی ہے۔ اس اعلان کے بعد ملک بھر میں پرائز بانڈ رکھنے والے شہریوں کو اپنی سرمایہ کاری کی منصوبہ بندی میں سہولت مل گئی ہے۔

پتوکی نوسربازوں نے اوورسیز پاکستانی کو گھر پہنچنے سے پہلے لوٹ لیا

ملزمان 3070 سعودی ریال، 5300 پاکستانی کرنسی نوٹ لوٹ کر فرار، مقدمہ درج

[illegible] ...اوورسیز پاکستانی کو گھر پہنچنے سے پہلے لوٹ لیا 3070 سعودی ریال، 5300 پاکستانی کرنسی نوٹ لوٹ کر فرار مقدمہ درج۔ سعودیہ سے پاکستان پہنچنے والے محنت کش محمد اکرم کو نوسربازوں نے گھر پہنچنے سے پہلے لوٹ لیا متاثرہ اکرم مورخہ 05-01-2026 کو سعودیہ سے پاکستان پہنچا جسکے عزیز شفیق جاوید اسے لینے کیلئے لاہور ائیر ... پتوکی ہلہ بائی پاس پہنچے اسی دوران چار کس نامعلوم کار سوار ملزمان آئے جنھوں نے اپنے آپ کو ایجنسی کا بتاتے ہوئے کہ متاثرہ اوورسیز کی تلاشی لینی ہے آپکی جس پر متاثرہ فرد نے اپنی تلاشی دی اور ملزمان نے 3070 سعودی ریال، 5300 پاکستانی کرنسی نکال لئے اور ملزمان اسلحہ لہرا کر واپس لاہور کی جانب روانہ ہوگئے۔

جنگلات، سبزہ اور قدرتی حسن آنے والی نسلوں کی امانت ہیں، سعد رفیق

وزارت داخلہ کے ماتحت ادارہ سی ڈی اے اس حوالے سے اپنی پالیسی واضح کرے، سینئر رہنما پاکستان مسلم لیگ (ن)

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما سابق وفاقی وزیر خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ ... [illegible] ... درختوں، پودوں اور پھولوں کی بہترین ... اسلام آباد کی ماسٹر پلان کے مطابق جنگل میں ... [illegible]

کراچی: کاٹی کے صدر محمد اکرام راجپوت اور ایکٹنگ پیٹرن ان چیف زبیر چھایا وفاقی وزیر برائے میری ٹائم افیئرز جنید انور چوہدری کو شیلڈ پیش کر رہے ہیں۔

کراچی: ایڈیشنل آئی جی کراچی آزاد خان سے کمیونٹی پولیسنگ کراچی چیف مراد سونی کی قیادت میں 13 رکنی وفد ملاقات کر رہا ہے۔

چار خواتین کی عصمت دری، چادر اور چار دیواری کا تقدس پامال

سسرالیوں کا تشدد، گونگی بہری لڑکی سمیت 7 شدید زخمی، مقدمات درج، 14 گرفتار

ساہیوال (این این آئی) چار خواتین کی عصمت دری، چادر اور چار دیواری کا تقدس پامال سسرالیوں کا تشدد، گونگی بہری لڑکی سمیت 7 شدید زخمی، مقدمات درج، 14 گرفتار۔ چک 62 پانچ ایل میں ایک خاتون شمیم بی بی کے گھر داخل ہو کر مختار احمد، ولایت، محمد خالد، محمد ساجد نے احاطہ پر قبضہ کے لیے خاتون پر دھاوا بول دیا تشدد کیا بالوں سے پکڑ کر گھسیٹا تھپڑوں کی بارش کر دی اس دوران خاوند ممتاز آ گیا چھڑانے لگا تو ملزموں نے اسے بھی تشدد کا نشانہ بنایا خاتون کو نیم برہنہ کر دیا اور فرار ہو گئے۔ چک 118 نو ایل میں اسرار حسین کی بیٹی فوزیہ شاہین خاوند سے ناراض ہو کر میکے آ گئی تو اس کا خاوند رب نواز، اللہ دتہ، سرور بی بی سسرالیوں نے آ کر دھاوا بول دیا تشدد کیا اور زخمی کر کے گھسیٹتے ہوئے گھر سے باہر لے آئے دیہاتیوں نے چھڑا لیا تو ملزم فرار ہو گئے۔

پنجاب بھر میں تعلیمی سیشن مکمل کیے بغیر اساتذہ کو تبادلوں کی اجازت نہیں دی جائے گی، ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد سمیت پنجاب بھر میں اساتذہ کے تبادلوں سے متعلق اہم ہدایات جاری کر دی گئی ہیں، جن کے تحت تعلیمی سیشن مکمل کیے بغیر اساتذہ کو تبادلوں کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ نے ای ٹرانسفر پالیسی 2024 پر سختی سے عملدرآمد کا حکم دیتے ہوئے واضح کیا ہے کہ صرف وہی اساتذہ تبادلے کے اہل ہوں گے جو اپنی موجودہ تعیناتی پر کم از کم تین سال مکمل کر چکے ہوں۔

پی آر اے نے نادہندگان سے وصولی کے لئے پیرا فورس کی خدمات حاصل کر لیں

چیئرمین پنجاب ریونیو اتھارٹی معظم اقبال سپرا سے ڈی جی پیرا کیپٹن (ر) فرخ عتیق کی ملاقات

لاہور (این این آئی) پنجاب ریونیو اتھارٹی نے نا دہندگان سے وصولی کے لئے پیرا فورس کی خدمات حاصل کر لیں۔ چیئرمین پنجاب ریونیو اتھارٹی معظم اقبال سپرا سے ڈائریکٹر جنرل پیرا کیپٹن (ر) فرخ عتیق نے ملاقات کی جس میں پنجاب ریونیو اتھارٹی کے فیلڈ آپریشن اور پیرا قوانین بارے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ چیئرمین پی آر اے معظم اقبال سپرا نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر فیلڈ ٹیموں کا دائرہ کار وسیع کر دیا گیا ہے، اب ڈویژنل سطح سے اضلاع میں بھی ٹیکس پیئرز کی آسانی کیلئے دفاتر کا قیام عمل میں لایا گیا ہے، ضلعی دفاتر کے قیام سے مالی سال کی پہلی ششماہی میں ریکارڈ محصولات اکٹھے کیے گئے، آئی ٹی سیکٹر میں جدید اصلاحات، آن لائن ٹیکس ادائیگی اور شکایات کا اندراج کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیرا فورس کے قیام سے ناجائز تجاوزات کے خاتمے، ذخیرہ اندوزی اور گراں فروشوں کیخلاف موثر کارروائیاں کی گئیں۔

محکمہ موسمیات نے شعبان المعظم کے چاند کی پیشگوئی کر دی

لاہور (این این آئی) محکمہ موسمیات نے شعبان المعظم کے چاند سے متعلق پیش گوئی کرتے ہوئے کہا ہے کہ یکم شعبان 1447 ہجری 21 جنوری 2026 (بروز بدھ) کو متوقع ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق شعبان المعظم کا چاند 19 جنوری 2026ء کو رات 12 بج کر 52 منٹ پر پیدا ہوگا تاہم 19 جنوری کی شام کراچی سمیت ملک کے کسی بھی حصے میں چاند نظر آنے کا کوئی امکان نہیں۔

ڈپٹی کمشنر سرگودھا کا پریس کلب کی جگہ میڈیا ٹاور کے قیام میں مکمل معاونت کا اعلان

میڈیا ٹاور سے سرگودھا میں ایک معیاری اور جدید عمارت کا اضافہ ہوگا، ڈپٹی کمشنر محمد وسیم

سرگودھا (این این آئی) ڈپٹی کمشنر محمد وسیم نے سرگودھا پریس کلب کی مثبت اور موثر وصحت مند معاشرتی سرگرمیوں کو سراہتے ہوئے پریس کلب کی جگہ میڈیا ٹاور کے قیام میں مکمل معاونت کا اعلان کر دیا۔ ذرائع کے مطابق ڈپٹی کمشنر محمد وسیم نے سرگودھا پریس کلب قائداعظم سپورٹس گالا اور فیملی فیسٹیول کی تقریب تقسیم انعامات میں پریس کلب کی جگہ میڈیا ٹاور کے قیام میں مکمل معاونت فراہم کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ میڈیا ٹاور سے سرگودھا میں ایک معیاری اور جدید عمارت کا اضافہ ہوگا بلکہ اس سے صحافیوں کے معاشی مسائل میں نمایاں کمی آئے گی۔ انہوں نے قائداعظم سپورٹس گالا اینڈ فیملی فیسٹیول کی 11 روزہ تقریبات کے انعقاد پر انتظامیہ اور ممبران کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ سرگودھا کے صحافیوں نے ایک ایسا مثالی ایونٹ منعقد کیا۔

سکھر: وزیر داخلہ سندھ ضیا الحسن لنجار، آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں۔

شزہ فاطمہ سے سجوانی گروپ کے وفد کی ملاقات، خواتین کی ڈیجیٹل شمولیت پر تفصیلی بریفنگ

وزیراعظم شہباز شریف کا ڈیجیٹل نیشن پاکستان وژن حکومت کی ڈیجیٹل پالیسیوں کی بنیاد ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شزہ فاطمہ خواجہ نے کہا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف کا ڈیجیٹل نیشن پاکستان (ڈی این پی) وژن حکومت کی ڈیجیٹل پالیسیوں کی بنیاد ہے۔ وزارت آئی ٹی و ٹیلی کمیونیکیشن کی طرف سے جاری بیان کے مطابق دبئی کی معروف رئیل اسٹیٹ کمپنی داماک پراپرٹیز کے سجوانی بزنس کے وفد کا وزارت آمد پر وفاقی وزیر شزہ فاطمہ خواجہ نے استقبال کیا۔

کراچی کو دنیا کے بہترین شہروں میں شامل کرنے کیلئے 84 ارب روپے سے زائد کا پیکیج

ترقی کا جامع منصوبہ نافذ کرنا چاہتے ہیں، میگا اور اہم منصوبوں کی بہترین ڈیزائننگ ہونی چاہیے، وزیراعلیٰ سندھ کی ہدایات

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ کراچی کو دنیا کے بہترین شہروں میں شامل کرنے کے لیے 84 ارب روپے سے زائد کا پیکیج دینا چاہتا ہوں۔ فرنٹیئر ورکس آرگنائزیشن کے وفد نے ڈی جی میجر جنرل عبدالسمیع کی سربراہی میں وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سے ملاقات کی، وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ ہم کراچی کی ترقی کا جامع منصوبہ نافذ کرنا چاہتے ہیں۔ میں کراچی کے لیے 84 ارب 79 کروڑ 60 لاکھ روپے کا پیکیج دینا چاہتا ہوں۔

علماء کا کردار ملک کے لئے ریڑھ کی ہڈی کی مانند ہے' حافظ محمد افضال

پنجاب حکومت کی طرف سے جاری آئمہ مساجد کارڈ علماء کو سیاست سے دور رکھنے کی سازش ہے

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام شالامار ٹاؤن کے صدر مولانا حافظ محمد افضال اور سیکرٹری جنرل محمد عثمان خان نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ علما کا کردار ملک کے لیے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے۔ علما نے ہمیشہ دین کے ساتھ ساتھ قومی سلامتی، نظریاتی سرحدوں اور عوامی حقوق کے تحفظ میں بھی تاریخی کردار ادا کیا، پنجاب حکومت کی جانب سے آئمہ مساجد کارڈ کے اجرا کو علما کو سیاست سے دور رکھنے کی ایک منظم سازش ہے یہ اقدام علما کو سیاسی میدان سے باہر کرنے کی ناکام کوشش ہے، جسے کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔ رہنماں کا کہنا تھا کہ علما کرام نے ہر دور میں حق اور سچ کا ساتھ دیا ہے اور وہ عوامی مسائل پر آواز بلند کرتے رہیں گے۔ کسی بھی قسم کی پابندی، دباؤ یا انتظامی ہتھکنڈوں کے ذریعے علما کو ان کے آئینی اور جمہوری حقوق سے محروم نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے مزید کہا کہ علما نہ صرف مذہبی رہنمائی فراہم کرتے ہیں

کینال پر فلوٹنگ ریسٹورنٹس کی تعمیر کے خلاف لاہور ہائیکورٹ میں درخواست دائر

لاہور (این این آئی) کینال پر فلوٹنگ ریسٹورنٹس کی تعمیر کے خلاف لاہور ہائیکورٹ میں درخواست دائر کر دی گئی۔ آئینی درخواست اعجاز انور سمیت دیگر نے دائر کی، درخواست میں پنجاب حکومت، ایل ڈی اے، پی ایچ اے سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا کہ کینال کو تجارتی استعمال میں لانا ماحولیاتی قوانین اور ورثہ تحفظ کی خلاف ورزی ہے، فلوٹنگ ریسٹورنٹس سے کینال کا قدرتی بہاؤ متاثر ہونے کا اندیشہ ہے۔

لاہور پولیس کے 66 کانسٹیبلز کی ہیڈ کانسٹیبل کے عہدے پر ترقی

ترقی پانے والوں میں سی ون کے 61 اور سی ٹو کے 5 کانسٹیبلز شامل

لاہور (این این آئی) لاہور پولیس کے 66 کانسٹیبلز کو ہیڈ کانسٹیبل کے عہدے پر ترقی دے دی گئی۔ اس سلسلے میں محکمانہ پروموشن بورڈ کا اجلاس ڈی آئی جی (ایڈمن) عمران کشور کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں ایس ایس پی (ڈسپلن) عاطف نذیر اور ایس پی (ہیڈکوارٹرز) منزہ کرامت نے شرکت کی۔ ترقی پانے والوں میں سی ون کے 61 اور سی ٹو کے 5 کانسٹیبلز شامل ہیں، جن کا تعلق آپریشنز، انویسٹی گیشن، سکیورٹی ڈویژن اور دیگر یونٹس سے ہے۔ سی ون کیٹیگری میں دل نواز امین، شہزاد علی، اصغر علی، حسن عطا، محمد خاور، خالد پرویز، محمد مبشر اور خالد محسن کو ہیڈ کانسٹیبل کے عہدے پر ترقی دی گئی، جبکہ سی ٹو کیٹیگری میں احمد خان، محمد الیاس، لیاقت اور احمد حسن شامل ہیں۔ کیپٹل سٹی پولیس آفیسر لاہور بلال صدیق کمیانہ نے ترقی پانے والے پولیس اہلکاروں کو مبارکباد دیتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

تھانہ سٹی پتوکی کے علاقوں میں ڈکیتی کی وارداتیں، ڈاکوؤں کا شہری پر تشدد

پتوکی (این این آئی) تھانہ سٹی پتوکی کے علاقوں میں ڈکیتی کی مزید دو وارداتیں ڈاکوؤں نے شہری پر تشدد بھی کیا شہری نقدی رقم اور موبائل فون سے محروم۔ تھانہ سٹی پتوکی کے علاقوں میں ڈکیتی کی دو وارداتیں ہوئیں برجھالم چک نمبر 35 چھ مور اسٹور کے قریب دو کس نامعلوم مسلح ڈاکوؤں نے شہری راشد علی کو روک لیا اور اس سے 35 ہزار روپے نقدی رقم، ایک عدد کمپیوٹر کنڈا، دو عدد موبائل فون مالیتی 95 ہزار روپے کے چھین لئے ایک کس ملزم نے متاثرہ شہری کے چہرے پر بٹ مارا۔

لاہور کینال پر فلوٹنگ ریسٹورنٹس کی تعمیر لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج

عدالت فلوٹنگ ریسٹورنٹس کی تعمیر کالعدم قرار دے اور پٹیشن کے حتمی فیصلہ تک حکم امتناع جاری کرے، استدعا

لاہور (این این آئی) لاہور کینال پر فلوٹنگ ریسٹورنٹس کی تعمیر کو لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا گیا۔ لاہور ہائیکورٹ میں آئینی درخواست ڈاکٹر اعجاز انور سمیت دیگر نے دائر کی، درخواست میں پنجاب حکومت، ایل ڈی اے، پی ایچ اے سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا کہ کینال کو تجارتی استعمال میں لانا ماحولیاتی قوانین اور ورثہ تحفظ کی خلاف ورزی ہے، فلوٹنگ ریسٹورنٹس سے کینال کا قدرتی بہاؤ متاثر ہونے کا اندیشہ ہے۔ دائر درخواست میں نکتہ اٹھایا گیا کہ کینال لاہور کا تاریخی اور ثقافتی ورثہ ہے، کینال لاہور پر فلوٹنگ ریسٹورنٹ کی تعمیر سے ماحولیاتی آلودگی میں اضافہ ہو رہا ہے، فلوٹنگ ریسٹورنٹس سے کینال کے کناروں پر تجاوزات اور غیر قانونی تعمیرات ہو سکتی ہیں۔ درخواست میں استدعا کی گئی کہ عدالت فلوٹنگ ریسٹورنٹس کی تعمیر کالعدم قرار دے اور پٹیشن کے حتمی فیصلہ تک حکم امتناع جاری کرے۔

جے یو آئی وزیراعلی پنجاب اعزازیہ کارڈ کو مسترد کرتی ہے' مولانا محب النبی

آئمہ مساجد کی آواز کو خاموش کرانے یا سرکاری بیانیے تک محدود کرنے کی کوئی بھی کوشش ناقابل قبول ہے

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام لاہور کے امیر شیخ الحدیث حضرت مولانا محب النبی، جنرل سیکرٹری مولانا عبدالرحمان، مولانا امجد سعید، جمال عبدالناصر، حافظ محمد اشرف گجر، پروفیسر مولانا محمد ابوبکر چوہدری، مفتی خلیل احمد، پروفیسر گل نایاب، شاہد اسرار صدیقی، قاری معاویہ مکی، مولانا عبدالشکور یوسف، محمد یوسف حنفی، قاری غلام حسین فاروقی، مولانا یوسف جام اور قاری سید طارق احمد شاہ نے حکومت پنجاب کی جانب سے آئمہ مساجد کے لیے شروع کیے گئے وزیراعلی پنجاب اعزازیہ کارڈ پروگرام کو مسترد کر دیا ہے۔ جے یو آئی کے رہنماں کا کہنا ہے کہ یہ اقدام آئمہ کرام کی فلاح کے نام پر کنٹرول کا ذریعہ ہے اور اس سے منبر و محراب کی آزادی سلب کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔

ایف آئی اے میں 4 ماہ کے دوران محکمانہ انکوائریز میں 271 افسران، اہلکاروں کو سزائیں

لاہور (این این آئی) وفاقی تحقیقاتی ادارے میں گزشتہ چار ماہ کے دوران محکمانہ انکوائریز میں 271 افسران اور اہلکاروں کو سزائیں ہوئیں جس کی رپورٹ وزارت داخلہ بھجوا دی گئی۔ رپورٹ کے مطابق چار ماہ کے دوران ایف آئی اے میں 78 اہلکاروں کو برطرف جبکہ 9 کی نچلے عہدے پر تنزلی کی گئی۔ 130 اہلکاروں کو ایف آئی اے ہیڈکوارٹر، وزارت داخلہ اور انسداد منشیات سیل سے معمولی سزائیں ہوئیں۔

لاہور: پرنسپل لاہور جنرل ہسپتال پروفیسر ڈاکٹر فاروق افضل عطیہ میں وصول ہونے والی ادویات کی فہرست کا جائزہ لے رہے ہیں۔

انٹرنیشنل یونیورسٹی چاہ بہار کا سرگودھا یونیورسٹی سے باہمی تعاون کا معاہدہ

سرگودھا (این این آئی) انٹرنیشنل یونیورسٹی چاہ بہار نے تعلیمی و تحقیقی تعاون کے فروغ کے لیے سرگودھا یونیورسٹی سے باہمی تعاون کا معاہدہ کیا جس پر انٹرنیشنل یونیورسٹی آف چاہ بہار وائس چانسلر ڈاکٹر عبدالغفور بادپا اور سرگودھا یونیورسٹی کے وائس چانسلر قیصر عباس نے دستخط کیے۔ جس کے تحت دونوں جامعات کے درمیان مشترکہ تحقیق، اساتذہ و طلبہ کے تبادلے، تحقیقی اشاعتوں، کانفرنسز، سیمینارز اور مختصر تربیتی پروگرامز کے انعقاد کو یقینی بنایا جائے گا۔

کوئٹہ، جوائنٹ روڈ پر گرلز اسکول کے قریب دستی بم حملہ ناکام

خوش قسمتی سے پھینکا گیا دستی بم دھماکے سے پھٹ نہ سکا، علاقہ بڑا جانی نقصان ہونے سے بچ گیا

کوئٹہ (این این آئی) شہر کے مصروف علاقے جوائنٹ روڈ پر اُس وقت خوف و ہراس پھیل گیا جب نامعلوم افراد نے گرلز اسکول کے قریب دستی بم پھینک دیا۔ خوش قسمتی سے پھینکا گیا دستی بم دھماکے سے پھٹ نہ سکا جس کے باعث ایک بڑا جانی نقصان ہونے سے بچ گیا۔ پولیس حکام کے مطابق واقعہ جوائنٹ روڈ پر پیش آیا، جہاں حملہ آوروں نے گرلز اسکول کے نزدیک دستی بم پھینک کر موقع سے فرار ہو گئے۔ اطلاع ملتے ہی پولیس اور سیکیورٹی فورسز نے فوری طور پر علاقے کو گھیرے میں لے لیا اور ٹریفک معطل کر دی گئی۔ بعد ازاں بم ڈسپوزل اسکواڈ کو طلب کیا گیا، جس نے دستی بم کو اپنی تحویل میں لے کر محفوظ طریقے سے ناکارہ بنا دیا۔

پشاور: وزیراعلیٰ محمد سہیل آفریدی ضم اضلاع کیلئے خصوصی ترقیاتی پیکیج کی تیاری بارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

راولپنڈی، ریلوے قلیوں، صفائی کرنے والے عملے اور دیگر کلاس چہارم کے ملازمین میں 225 راشن بیگز تقسیم

حکومت ریلوے کے محنت کش ملازمین کو درپیش معاشی مشکلات کم کرنے کے لیے عملی اور موثر اقدامات کر رہی ہے، وزیر ریلوے

راولپنڈی (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی کے مزدور دوست اقدامات کے تحت راولپنڈی ڈویژن میں ریلوے قلیوں، صفائی کرنے والے عملے اور دیگر کلاس چہارم کے ملازمین میں 225 راشن بیگز تقسیم کیے گئے۔ راشن کی یہ تقسیم ڈی ایس ریلوے راولپنڈی کی نگرانی میں عمل میں لائی گئی۔ اس موقع پر بتایا گیا کہ وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی کم آمدنی والے ریلوے ملازمین کی فلاح و بہبود کو اپنی اولین ترجیحات میں شامل کیے ہوئے ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ راشن بیگز کی فراہمی کا یہ سلسلہ ماہانہ بنیادوں پر باقاعدگی سے جاری رکھا جائے گا تاکہ محنت کش طبقے کو مسلسل ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ وفاقی وزیر ریلوے کے خصوصی پیغام میں کہا گیا کہ ریلوے کے قلی اور کلاس چہارم کے ملازمین ادارے کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں اور ان کی فلاح و بہبود کے بغیر ریلوے کی ترقی ممکن نہیں، حکومت ریلوے کے محنت کش ملازمین کو درپیش معاشی مشکلات کم کرنے کے لیے عملی اور مؤثر اقدامات کر رہی ہے۔

کراچی: امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان ادارہ نورحق میں جماعت اسلامی کے ٹاؤن چیئرمینوں کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں۔

ناقص پراسیکیوشن اور کمزور تفتیش کے باعث ملزمان بری ہونے لگے

لاہور ہائیکورٹ کا 2 کلو منشیات برآمدگی کے مقدمے میں ساڑھے 3 سال قید کی سزا کاٹنے والے مجرم کو بری کرنیکا حکم

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے 2 کلو منشیات برآمدگی کے مقدمے میں ساڑھے 3 سال قید کی سزا کاٹنے والے مجرم کو بری کرنے کا حکم دیدیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس فاروق حیدر اور جسٹس طارق ندیم پر مشتمل 2 رکنی بنچ نے مقدمے کے مجرم اشفاق کی اپیل پر 13 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کیا۔ فیصلے کے مطابق مجرم اشفاق پر 2022ء میں جڑانوالہ پولیس نے دو کلو منشیات برآمدگی کا مقدمہ درج کیا تھا۔

سی پیک، اس کے راستے میں آنے والے علاقوں میں خشک سالی سے نمٹنے کیلئے تحقیق

کاشغر سے گوادر تک موسمیاتی خشک سالی کے زرعی خشک سالی میں منتقلی کے تعلقات کا جائزہ لیا گیا

لاہور (این این آئی) چین، پاکستان اقتصادی راہداری اور اس کے راستے میں آنے والے علاقوں میں خشک سالی سے نمٹنے کے لئے ایک تحقیق کی گئی ہے۔ یہ تحقیق ''ایٹموسفیرک ریسرچ'' جریدے میں شائع ہوئی ہے جس میں سی پیک کے راستے، کاشغر سے گوادر تک موسمیاتی خشک سالی کے زرعی خشک سالی میں منتقلی کے تعلقات کا جائزہ لیا گیا ہے۔ مطالعے میں یہ جانچ کی گئی ہے کہ کس طرح موسمیاتی خشک سالی سی پیک راہداری کے ساتھ ساتھ مٹی میں نمی کی کمی اور زرعی خشک سالی میں تبدیل ہوتی ہے۔ مصنفین کے مطابق یہ راہداری چین کے سنکیانگ کے شہر کاشغر سے شروع ہو کر پاکستان کے جنوب مغرب میں واقع بندرگاہ گوادر تک پھیلی ہوئی ہے۔ محققین کا کہنا ہے کہ خشک سالی ماحولیاتی نظام اور معاشرے کے لیے بڑے خطرات پیدا کرتی ہے

سرگودھا، سنگدل ماں نے نومولود بچی کو جنم دے کر ویرانے میں پھینک دیا

سرگودھا (این این آئی) سنگدل ماں نے نومولود بچی کو جنم دے کر ویرانے میں پھینک دیا جسے شدید سردی کی حالت میں ٹھٹھرتے ہوئے برآمد کر کے ہسپتال منتقل کر دیا گیا اور پولیس معاملہ کی تحقیقات میں مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا ریجن کے علاقہ میانوالی شہر میں سنگدل ماں نے نومولود بچی کو جنم دے کر ویرانے میں پھینک دیا جو شدید سردی کے حالت میں ٹھٹھرتے ہوئے تھانہ ریلوے پولیس نے ریلوے اسٹیشن چوک سے برآمد کر کے ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل کر دیا۔

سال کے پہلے نصف میں تقریباً 50 گیگاواٹ شمسی پینل درآمد کیے گئے

لاہور (این این آئی) بین الاقوامی توانائی ایجنسی کی رپورٹ کے مطابق پاکستان دنیا کی سب سے تیزی سے بڑھتی ہوئی شمسی مارکیٹس میں ابھر رہا ہے۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان نے سال کے پہلے نصف میں تقریباً 50 گیگاواٹ شمسی پینل درآمد کیے جس کی وجہ سے قیمتوں میں کمی اور شعبوں میں وسیع پیمانے پر اپنانے کا رجحان دیکھا گیا۔ رپورٹ کے مطابق اس اضافے نے پاکستان کو چینی شمسی پینلز کے لیے تیسری بڑی مارکیٹ بنا دیا ہے، جس نے عالمی توجہ حاصل کی ہے۔

کراچی: وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان کی زیر صدارت امریکن بزنس کونسل کے صدر اور سابق ممبران کا اجلاس ہو رہا ہے۔

کچے میں ایک بڑا آپریشن شروع کرنے جا رہے ہیں، ضیا الحسن لنجار

ہتھیار ڈالنے والوں کو موقع دیا جائے گا، کچے میں آپریشن کے لیے فی الحال فوج کی ضرورت نہیں، وزیر داخلہ سندھ

سکھر (این این آئی) وزیر داخلہ سندھ ضیا الحسن لنجار نے کہا ہے کہ کچے میں ایک بڑا آپریشن شروع کرنے جا رہے ہیں، ڈاکوؤں کے خلاف بے رحمانہ کارروائی کریں گے۔ سکھر میں آئی جی سندھ کے ہمراہ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر داخلہ سندھ نے کہا کہ ہتھیار ڈالنے والوں کو موقع دیا جائے گا، کچے میں آپریشن کے لیے فی الحال فوج کی ضرورت نہیں۔ انہوں نے کہا کہ جو ڈاکو اپنے آپ کو چیمپئن سمجھتے ہیں ان کے خلاف سخت کارروائی ہوگی، سندھ پولیس کے ساتھ رینجرز بھی آپریشن میں حصہ لے گی۔ وزیر داخلہ کا کہنا تھا کہ اس آپریشن میں پنجاب پولیس کی بھی ضرورت پڑے گی، آئی جی سندھ کو آئی جی پنجاب سے بھی رابطے کا کہا ہے۔ ضیا لنجار نے مزید کہا کہ صوبے میں امن و امان کی صورتحال بہتر ہے، سندھ میں اب کہیں بھی حفاظتی کانوائے نہیں چل رہے۔ ایک سوال پر وزیر داخلہ سندھ نے کہا کہ ڈاکوؤں کے سہولت کاروں کے خلاف بھی کارروائی کی جا رہی ہے۔

لاہور: ڈی جی پی ایچ اے ناہید گل بلوچ نو تشکیل شدہ ہارٹی کلچر ایجنسیز کے ایم ڈیز سے بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس کر رہی ہیں۔

کراچی: بھاری پتھر نما پرزے رہائشی علاقے میں گرنے سے مکینوں میں خوف و ہراس

مشین کا بھاری پرزہ ٹوٹ کر فیکٹری کی دیوار توڑ کر رہائشی مکان کی چھت پر جا گرا، پولیس

کراچی (این این آئی) منگھوپیر محمد خان کالونی میں فیکٹری میں دھماکے کے بعد بھاری پتھر نما پرزے رہائشی علاقے میں گرنے سے مکینوں میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ تفصیلات کے مطابق کراچی کے علاقے منگھوپیر محمد خان کالونی میں ایک فیکٹری میں دھماکے کے نتیجے میں ایک شخص زخمی ہو گیا۔ دھماکے سے فیکٹری اور آس پاس کے گھروں کی دیواریں ٹوٹ گئیں جبکہ بھاری پتھر نما پرزے رہائشی علاقے میں گرنے سے مکینوں میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ پولیس نے بتایا کہ منگھوپیر محمد خان کالونی میں نجی سریا مل میں مشین کا پرزہ ٹوٹنے کا واقعہ پیش آیا اور مشین کا بھاری پرزہ ٹوٹ کر فیکٹری کی دیوار توڑ کر رہائشی مکان کی چھت پر جا گرا۔ تاہم واقعے میں جانی نقصان نہیں ہوا، صرف 21 سالہ نوجوان معمولی خراشوں کے ساتھ زخمی ہوا۔ ایس ایچ او تھانہ منگھوپیر اور نفری موقع پر پہنچ گئی ہے اور پولیس قانونی و حفاظتی پہلوؤں سے واقعے کی مزید تحقیقات کر رہی ہے۔

الزام اور جوابی الزام کی سیاست نہیں ہونی چاہیے، فاروق ستار

مشترکہ مسائل کے حل کیلئے بیٹھنا ہوگا، مائنس پلس کے بجائے ڈیوائیڈ اور ملٹی پلائی کی سیاست کی بات کرتا ہوں، انٹرویو

کراچی (این این آئی) ایم کیو ایم کے رہنما فاروق ستار نے کہا کہ الزام اور جوابی الزام کی سیاست نہیں ہونی چاہئے۔ ایک انٹرویو میں ایم کیو ایم کے رہنما فاروق ستار نے کہا کہ مشترکہ مسائل کے حل کیلئے بیٹھنا ہوگا، مائنس پلس کے بجائے ڈیوائیڈ اور ملٹی پلائی کی سیاست کی بات کرتا ہوں، چاروں صوبوں کے وزرائے اعلیٰ کے درمیان فورم بننا چاہئے۔ فاروق ستار نے کہا کہ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کو کراچی آمد پر خوش آمدید کہیں گے۔

اوکاڑہ میں مزدا ٹرک اور ٹرالر میں تصادم، ایک شخص جاں بحق، 3 شدید زخمی

اوکاڑہ (این این آئی) اوکاڑہ میں منی مزدا ٹرک اور ٹرالر میں تصادم سے ایک شخص جاں بحق اور 3 زخمی ہو گئے۔ حادثہ مین جی ٹی روڈ اوکاڑہ ٹول پلازہ پر پیش آیا، منی مزدا ٹرک تیز رفتاری کے باعث پیچھے سے ٹرالر سے ٹکرایا، حادثے کی اطلاع پر پولیس کے اعلیٰ حکام اور امدادی ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر جاں بحق ہونے والے شخص کی لاش اور زخمی کو ہسپتال منتقل کر دیا۔ ریسکیو حکام نے بتایا کہ جاں بحق ہونے والے کی شناخت مقبول کے نام سے ہوئی ہے

کراچی: سپر ہائی وے پر ٹریفک حادثے میں کار سوار ایک شخص جاں بحق، دوسرا شدید زخمی

تیز رفتار کار سڑک پر مخالف سمت سے آ رہی تھی، سامنے سے آنے والے ویگو ڈالے کو بچاتے ہوئے کھمبے سے ٹکرا گئی

کراچی (این این آئی) سپر ہائی وے پر واقع نجی ہاؤسنگ سوسائٹی میں ٹریفک حادثے میں کار سوار ایک شخص جاں بحق اور دوسرا شدید زخمی ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق گڈاپ سٹی تھانے کے علاقے سپر ہائی وے پر واقع نجی ہاؤسنگ سوسائٹی میں ڈمپر کٹ کے قریب ٹریفک حادثے میں کار سوار شخص جاں بحق اور ایک زخمی ہو گیا جنھیں قریبی اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ حادثے میں جاں بحق ہونے والے شخص کی شناخت 35 سالہ نادر ولد نور محمد اور زخمی کی شناخت 30 سالہ طارق ولد نظام الدین کے نام سے کی گئی۔ ایس ایچ او گڈاپ سٹی سرفراز جتوئی کے مطابق تیز رفتار کار سڑک پر مخالف سمت سے آ رہی تھی اور سامنے سے آنے والے ویگو ڈالے کو بچاتے ہوئے فٹ پاتھ اور بجلی کے کھمبے سے ٹکرا گئی۔ حادثے میں گاڑی میں سوار ایک شخص جاں بحق اور دوسرا شدید زخمی ہو گیا۔

کراچی، ڈکیتی مزاحمت پر شہری جان کی بازی ہار گیا

کراچی (این این آئی) کراچی میں ڈکیتی مزاحمت پر ایک اور شہری جان کی بازی ہار گیا۔ کراچی کے علاقے محمود آباد کشمیر کالونی میں ڈکیتی مزاحمت پر فائرنگ سے 25 سال کا نوجوان جاں بحق ہو گیا۔ پولیس کے مطابق جاں بحق نوجوان کی شناخت عابد علی کے نام سے کی گئی، لاش ہسپتال منتقل کر دی گئی۔ دوسری جانب کورنگی میں پولیس مقابلے میں مبینہ ڈاکو مارا گیا۔

کراچی: سینئر صوبائی وزیر سندھ شرجیل انعام میمن کراچی پریس کلب کے دورے کے موقع پر صحافیوں سے گفتگو کر رہے ہیں، صدر پریس کلب فاضل جمیلی اور سیکرٹری اسلم خان بھی موجود ہیں۔

محکمہ موسمیات نے شعبان المعظم کے چاند کی پیشگوئی کر دی، 21 جنوری کو یکم شعبان متوقع

شعبان المعظم کا چاند 19 جنوری 2026 کو رات 12 بج کر 52 منٹ پر پیدا ہوگا، 19 جنوری کو نظر آنے کا کوئی امکان نہیں

لاہور (این این آئی) محکمہ موسمیات نے شعبان المعظم کے چاند سے متعلق پیش گوئی کرتے ہوئے کہا ہے کہ یکم شعبان 1447 ہجری 21 جنوری 2026 (بروز بدھ) کو متوقع ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق شعبان المعظم کا چاند 19 جنوری 2026 کو رات 12 بج کر 52 منٹ پر پیدا ہوگا، تاہم 19 جنوری کی شام کراچی سمیت ملک کے کسی بھی حصے میں چاند نظر آنے کا کوئی امکان نہیں۔ غروب آفتاب کے وقت چاند کی عمر 17 سے 18 گھنٹے کے درمیان ہوگی۔

وزیر اعلیٰ کے پی کی خوش آمدید، قانون کے دائرے میں تمام سرگرمیوں کی اجازت، شرجیل میمن

ہمیں صرف تحریک انصاف کی طرز سیاست پر اعتراض ہے۔ طالبان کا دفتر کھولنے اور جیل سے طالبان کو رہا کرنے پر اعتراض ہے

کراچی (این این آئی) وزیر اطلاعات سندھ شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کو سندھ میں خوش آمدید کہتے ہیں، بحیثیت وزیراعلیٰ انہیں پروٹوکول دیا جائے گا۔ کراچی پریس کلب میں نئے عہدیداران کو مبارکباد پیش کرنے کے بعد میڈیا سے گفتگو میں شرجیل میمن نے کہا کہ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سندھ میں سیاسی سرگرمی کرنے آ رہے ہیں تو ہم انہیں خوش آمدید کہتے ہیں۔ وزیراعلیٰ کے پی کو آئین و قانون کے دائرے میں تمام سرگرمیوں کی اجازت ہے۔

کیا آپ عمارت تعمیر کروانے جا رہے ہیں تو

نقشہ بنوانا مت بھولیے گا

خصوصی رپورٹ

آپ کوئی بھی عمارت تعمیر کروائیں، چاہے وہ گھر ہو، دفتر یا کوئی تجارتی عمارت، اس میں سب سے بنیادی اور اہم ترین عنصر نقشہ یا فلور پلان ہوتا ہے۔ جس طرح سے کوئی بھی منصوبہ شروع کرنے سے پہلے اس کا ایک روڈ میپ دیا جاتا ہے کہ اسے کس طرح آگے لے کر بڑھا جائے گا، اس کا لائحہ عمل کیا ہوگا، اہداف کیا ہوں گے اور انھیں کس طرح حاصل کیا جائے گا، عمارت کا نقشہ بھی اس کی تعمیر کا تفصیلی روڈ میپ فراہم کرتا ہے۔

ہم سب کا خواب ہوتا ہے کہ ایک دن ہمارا اپنا گھر ہوگا، جب ہم اپنے گھر کی بات کرتے ہیں تو ہم اس کے اندر ہر چیز اپنی مرضی اور خواہش کے مطابق چاہتے ہیں۔ اس لیے ضروری ہے کہ تعمیر شروع کرنے سے پہلے ہر چیز کے بارے میں آپ کی سوچ اور منصوبہ واضح ہونا چاہیے کہ آپ کیا چاہتے ہیں اور اسے کیسے حاصل کریں گے؟ یہی وہ مرحلہ ہوتا ہے، جہاں نقشہ یا 'فلور پلان' کا کردار شروع ہوجاتا ہے۔ دراصل، اپنا خوابوں کا گھر بنانے میں فلور پلان ہی بنیادی اور اوّلین سنگ میل ہوتا ہے، جس کی تیاری ناگزیر ہوتی ہے۔

عمارت کے نقشہ کی تیاری

نقشہ عمارت یا گھر کی تعمیر کے لیے اسکیل کیا گیا ایک خاکہ ہوتا ہے، جس میں یہ واضح ہوتا ہے کہ آپ دستیاب جگہ میں کون سا کمرہ، کس کونے میں اور کیسے تعمیر کریں گے؟ اگر ہم گھر کے نقشہ کی بات کریں تو اس میں کمروں سے مراد بیڈروم، لیونگ روم، کچن، ڈائننگ روم، اسٹور وغیرہ ہے۔ فلور پلان میں فرنیچر، گھر کے آلات اور ہر کمرے کا سائز بھی درج ہوتا ہے۔

جب یہ فلور پلان ایک کاغذ پر تیار ہوجاتا ہے تو آپ اس پر ایک نظر ڈال کر، گھر کے پورے نقشے کو اپنے ذہن میں رکھ کر تصور کرینگے تو تیار گھر کا خاکہ آپ کی آنکھوں کے سامنے اُبھر آئے گا۔ آپ اپنی ضرورت کے مطابق، فلور پلان کو 2D یا 3D میں تیار کروا سکتے ہیں۔

گھر کی تعمیر کے لیے نقشہ ایک بنیادی دستاویز کی حیثیت رکھتا ہے، جسے مدِنظر رکھ کر گھر ڈیزائن کیا جاتا ہے۔ گھر کی تعمیر میں، فلور پلان آپ کو ڈیزائن اور ضروریات کی مکمل اور ہر رُخ سے حقیقی تصویر پیش کرتا ہے۔ فلور پلان کو دیکھ کر آپ پتہ لگا سکتے ہیں کہ تعمیر مکمل ہونے کے بعد، کس چیز کے لیے آپ کے پاس کتنی جگہ دستیاب ہوگی؟

فلور پلان کو دیکھ کر آپ کو یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ آپ کا گھر اندر سے کیسا دِکھے گا؟ ایلیویشن ڈرائنگ، اسٹرکچرل ڈرائنگ، بلیو پرنٹ اور تعمیر کے تمام مراحل کی بنیاد فلور پلان ہی فراہم کرتا ہے۔ یہاں تک کہ، فِنشنگ کے تمام کاموں جیسے وائرنگ، پلمبنگ، پینٹنگ اور ٹائلنگ کے لیے بھی فلور پلان ہی کو بنیادی اہمیت حاصل ہوتی ہے۔

ایک بار جب فلور پلان تیار ہوجاتا ہے، اس کے بعد اس کا جائزہ لیا جاتا ہے کہ تیار ہوکر آنے والا نقشہ، آپ کے خوابوں کے گھر سے کس قدر قریب یا عکاس ہے۔ اس مرحلے پر آپ اگر چاہیں تو اس میں اپنے ہدف کے مطابق، مطلوبہ تبدیلیاں کروا سکتے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ڈیزائن میں اگر بروقت تبدیلیاں کردی جائیں تو اس سے بہت سارا وقت اور توانائی بچ جاتی ہے۔

ایک اور اہم بات، جب آپ کو گھر فروخت کرنا ہو تو اس وقت گھر کی تصاویر دِکھانے کے بجائے، فلور پلان خریدار کو گھر کی واضح شکل پیش کرنے میں زیادہ مددگار اور معاون ثابت ہوگا۔ نقشہ، چونکہ گھر کی تعمیر کی بنیادی دستاویز ہوتی ہے، اس لیے اسے آپ کی توجہ کی ضرورت ہوتی ہے۔ اسے بناتے وقت کئی پہلو قابلِ غور ہوتے ہیں، جن میں سے چند اہم درج ذیل ہیں:

بجٹ: فلور پلان ڈیزائن کرتے وقت بجٹ ایک ناگزیر پہلو ہے، جسے آپ کو مدِنظر رکھنا ہوتا ہے۔ ہمیشہ تخمینہ کردہ بجٹ سے 15-20 فیصد اضافی رقم کا بندوبست کرکے رکھیں کیونکہ دورانِ تعمیر لاگت بڑھنے سمیت کئی اَن دیکھے خرچے سامنے آجاتے ہیں۔

سائز: فلور پلان تیار کرتے وقت آپ کو گھر کے سائز کو مدِنظر رکھنا ہوتا ہے۔ آپ گھر کتنی منزلوں میں بنائیں گے، کتنے کمرے، کچن اور باتھ رومز کی آپ کو ضرورت ہے؟ اپنے خاندان کی مستقبل کی ضرورت کو بھی مدنظر رکھیں، تب ہی آپ بہتر فیصلے پر پہنچ پائیں گے۔ اگر آپ خاندان بڑھانے کا منصوبہ رکھتے ہیں تو آپ کو مستقبل میں زیادہ بڑے گھر کی ضرورت ہوگی۔

ایک اور قابل غور پہلو آپ کی 'پرائیویسی' ہے۔ آپ گھر کے کچھ حصوں کو زیادہ پرائیویٹ رکھنا چاہتے ہیں، تو اس بات کو بھی آپ کو فلور پلان پر لانا پڑے گا۔ آپ کو یہ بھی دیکھنا ہوگا کہ آپ کے لیے 'اوپن فلور پلان' زیادہ موزوں رہے گا یا 'کلوزڈ فلور پلان'؟ اوپن فلور پلان میں جگہ کا اچھا استعمال ہوتا ہے، جبکہ کلوزڈ فلور پلان میں آپ زیادہ پرائیویسی حاصل کرسکتے ہیں۔

پلاٹ کی ہیئت: گھر کی تعمیر کے لیے آپ کو پلاٹ کی ہیئت یعنی شکل کو بھی مدنظر رکھنا ہوگا۔ اپنے آرکیٹیکٹ کے ساتھ مل بیٹھیں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ پلاٹ کے سائز اور ہیئت کا بہترین استعمال کیا جائے۔ بصورت دیگر، آپ کو تعمیراتی لاگت مہنگی پڑسکتی ہے۔

ماحولیاتی عناصر: فلور پلان بناتے وقت آپ کو ماحولیاتی عناصر کو بھی مدنظر رکھنا ہوگا۔ مثلاً آپ کو یہ فیصلہ کرنا ہوگا کہ کچھ کمروں کے لیے پلاٹ کا شمالی حصہ بہتر رہے گا یا جنوبی؟ اس فیصلے پر پہنچنے کے لیے آپ کو دھوپ اور ہوا کے بہاؤ کے رُخ کو ذہن میں رکھنا ہوگا۔ سورج کی روشنی سے زیادہ مستفید ہونے کے لیے آپ کو اس کے مطابق کھڑکیوں اور دروازوں کے لیے جگہ کا انتخاب کرنا ہوگا۔

آپ کو باہر کے ماحولیاتی شور کو بھی مدنظر رکھنا ہوگا اور کوشش کرنی ہوگی کہ کمروں کو اندر کی طرف رکھیں، جہاں باہر کا شور کم سے کم پہنچتا ہو۔ اس کے علاوہ، کمروں کی ترتیب اس طرح رکھیں کہ گھر میں ایک کونے سے دوسرے کونے تک چہل پہل کرنا اور پہنچنا سہل ہو اور اس میں کوئی رکاوٹ نہ ہو۔

نیز، اپنے خوابوں کے گھر کی تعمیر کے لیے نقشہ سازی کے بنیادی اور ناگزیر اصولوں پر عمل کرتے ہوئے آپ بہترین تعمیراتی معیارات کو یقینی بنا سکتے ہیں۔

کووڈ-19 کی عالمگیر وبا کے

تعمیرات کے شعبہ پر اثرات

میگزین رپورٹ

کووڈ-19 وبائی مرض کے متعدد شعبوں پر دوررس اثرات مرتب ہوئے ہیں۔ ان ہی میں سے ایک شعبہ تعمیرات کا بھی ہے، جو محققین کی توجہ کا مرکز بنا ہوا ہے۔ چونکہ دنیا اب وبائی مرض کے بعد کی دنیا میں منتقل ہورہی ہے، لہٰذا آج کے مضمون میں کووڈ-19 کے رہائشی جگہوں پر پڑنے والے اثرات اور شہری اور رہائشی ڈیزائن کے مستقبل پر نظر ڈالی جارہی ہے۔

تقاضوں کی تبدیلی

صرف دو سالوں میں دنیا میں گہری اور بے مثال تبدیلیاں آئی ہیں۔ کووڈ-19 کا اثر دنیا بھر میں نافذ ہونے والے لاک ڈاؤن، روزمرہ ماسک کے استعمال میں اضافے اور صحت عامہ کے پیغامات میں دیکھا جا سکتا ہے جو لوگوں کو سماجی دوری کے لیے خبردار کرتے رہے ہیں اور اپنے ہاتھ زیادہ باقاعدگی سے دھونے پر زور دیتے رہے ہیں۔

ساتھ ہی اس کا تعمیر شدہ ماحول اور جدید ڈیزائن کے نمونوں پر بھی کافی اثر ہوا ہے۔ دنیا بھر میں تعمیراتی صنعت ان چند صنعتی شعبوں میں سے ایک تھی جو لاک ڈاؤن کے دوران بھی کھلی رہتی تھی۔ اس صنعت کو وبائی مرض کے اندر معاشرے کی بدلتی ہوئی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے جدت طرازی پر توجہ دینی پڑی اور اب جبکہ دنیا وبائی مرض کے بعد نئے معمول کی طرف بڑھ رہی ہے، ایسے میں جدت طرازی کا یہ عمل اب بھی جاری ہے۔

وبائی مرض کے آغاز کے بعد سے بیماری کے پھیلاؤ کو کم کرنے کے لیے وینٹی لیشن میں اضافے پر زور دیا گیا۔ وینٹی لیشن میں اضافہ اور سورج کی روشنی تک رسائی نہ صرف بیماری کے پھیلاؤ کو کم کرنے کا اثر رکھتی ہے بلکہ لوگوں کی ذہنی صحت کو بھی بہتر بناتی ہے۔ ایک اور معاشرتی عنصر جس پر کووڈ-19 کے پھیلاؤ نے روشنی ڈالی، وہ شہری کثافت ہے۔

مزید برآں، وائرس سطحوں سے منتقل کے ذریعے بھی پھیل سکتے ہیں، جب متاثرہ افراد کے سانس کے قطرے ان پر جم جاتے ہیں، یا لوگ اپنے ہاتھوں کو صحیح طریقے سے صاف نہیں کرتے اور متاثرہ سطحوں کو چھوتے ہیں۔ جدید عمارتیں عام طور پر سماجی اختلاط کو فروغ دینے کے لیے بنائی گئی ہیں، جن میں تجارتی جگہوں پر دفاتر کے لیے اوپن اسپیس اور رہائشی جگہوں پر کھیل کے کھلے میدان ممکنہ طور پر بیماری کے پھیلاؤ میں معاون ہیں۔

گھر سے کام

وبائی مرض کے دوران اپنایا جانے والا ایک اہم عمل، جو وبائی مرض میں بدلتے ہوئے رویے کی عکاسی کرتا ہے، وہ ہے گھر سے کام کرنے کا رجحان۔ وبائی مرض سے پہلے، امریکا میں کام کرنے والی افرادی قوت کا صرف 5 فیصد گھر سے کام کرتا تھا۔ اگر گھر سے کام کرنا ایک مستقل رجحان بن جاتا ہے، تو یہ تعداد 20 فیصد تک پہنچنے کی امید ہے۔

لوگ اپنے رہنے کی جگہ کو گھریلو ماحول سے زیادہ بڑھ کر دیکھ رہے ہیں، یعنی رہائشی جگہیں اب گھر اور کام کی جگہ کا ہائبرڈ بن رہی ہیں۔ یہ رجحان رہائشی ڈیزائن کے بارے میں نئے طریقے سوچنے کی سہولت فراہم کرے گا۔ مزید یہ کہ ایرگونومک ڈیزائن، خلفشار کو دور کرنے اور کام اور تفریح کے درمیان حد بندی بھی بہت ضروری ہے۔

ایسے لوگ جن کی باغیچے تک رسائی ہے، انھیں شیڈ یا اسی طرح کے ڈھانچے میں گھریلو دفتر میں کام کرتے ہوئے گھر اور کام کی زندگی کے درمیان جسمانی حد بندی کی کافی حد تک آزادی ہوتی ہے۔ شمالی لندن میں پلیٹ فارم 5 آرکیٹیکٹ کا ڈیزائن، Shoffice ایک مجسمہ سازی کی شکل ہے جو جگہ کو بہتر بناتی ہے، جس میں ایسے خیالات پر توجہ دی جاتی ہے جو دماغی صحت کے لیے ضروری ہیں۔ اندرونی کام/گھر کی جگہوں کے بارے میں، اسٹولن اسٹوڈیو کا فاریسٹ میوز ڈیزائن، تعمیراتی سوچ میں جدت کی ایک مثال ہے۔

کثیر رہائشی عمارتیں

کثیر رہائشی عمارتیں شہری علاقوں کا ایک عام عنصر ہیں۔ یہ افراد اور خاندانوں کو چھوٹی رہائشی جگہیں فراہم کرتے ہوئے شہروں میں جگہ کے مسئلے کو حل کرنے میں مدد دیتی ہیں۔

SARS-CoV-2 زیادہ گنجان آباد علاقوں، خاص طور پر کثیر رہائشی عمارتوں کی کافی تعداد والے شہروں میں زیادہ تیزی سے پھیلا ہے۔ ڈیزائنرز کو نئے معمول میں صحت، حفاظت اور انفیکشن کنٹرول کے بارے میں تیزی سے سوچنا چاہیے۔

BKNC کے پرنسپل آرکیٹیکٹ جوناتھن کنگ کا کہنا ہے کہ ڈیزائنرز کو بصری طور پر لبھانے والی جگہوں اور صفائی اور دیکھ بھال کی بڑھتی ہوئی ترجیحات کے درمیان توازن پیدا کرنا چاہیے۔ مزید یہ کہ، موجودہ کثیر رہائشی جگہوں کو ایسے عناصر کے ساتھ دوبارہ تیار کرنے کی صلاحیت موجود ہے جو انفیکشن کنٹرول کو فروغ دیتے ہیں۔ ٹیکنالوجی، انفیکشن کنٹرول میں بھی مدد کر سکتی ہے، مثال کے طور پر موبائل ایپس جنھیں رہائشی لفٹ کے بٹن کو چھوئے بغیر لفٹ کو کال کرنے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

تعمیراتی صنعت کیلئے چیلنجز

اس وبائی مرض نے معماروں اور تعمیراتی صنعت کے لیے چیلنجز پیش کیے ہیں، لیکن یہ جدت طرازی کے لیے بھی بڑے مواقع فراہم کرتا ہے۔ بائیوفیلک ڈیزائن بھی مستقبل میں رہائشی جگہوں میں بڑھتا ہوا کردار ادا کرسکتا ہے، جس کے رہائشیوں کی ذہنی صحت پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے جبکہ وینٹی لیشن اور موسمیاتی کنٹرول میں اضافہ ہوگا۔ انفیکشن کنٹرول اور دماغی صحت کے تحفظات تیزی سے عمارت کے ڈیزائن کے اہم عناصر بنتے جا رہے ہیں اور مستقبل میں یہ رجحان بڑھنے کا امکان ہے۔

گھر کی تعمیر پر ہونے والے پوشیدہ اخراجات

ان اخراجات سے آگاہی ہی گھر کی تعمیر کے لیے بجٹ کے درست تعین میں مددگار ثابت ہوسکتی ہے

عمیر حسن

اپنا گھر ہر کسی کا خواب ہوتا ہے۔ گھر کی ملکیت کے بہت سے فائدے ہیں۔ یہ مالی طور پر فائدہ مند ہوسکتا ہے کیونکہ وقت کے ساتھ ساتھ پراپرٹی کی قیمت بڑھتی رہتی ہے۔ اگر آپ نے بینک سے قرض لے کر مکان خریدا یا تعمیر کیا ہے تو اس کی اقساط کی ادائیگیاں وقت کے ساتھ ساتھ کرائے کی مد میں کی جانے والی ادائیگیوں سے کم ہوسکتی ہیں اور آخر میں آپ ذاتی مکان کے مالک بھی بن جائیں گے۔

مکان کی ملکیت ٹیکس کے فوائد اور آپ کو اپنی ساکھ بنانے میں مدد بھی کرسکتی ہے۔ جب آپ ذاتی مکان کے مالک بن جاتے ہیں تو آپ کو بہت سے پوشیدہ اخراجات بھی برداشت کرنے پڑتے ہیں۔ ان میں سے کچھ اخراجات معمول کے ہوتے ہیں جبکہ دوسرے کبھی کبھار اور غیر متوقع ہوتے ہیں، جو آپ کے لیے پریشانی کا باعث بن سکتے ہیں۔

مالک مکان بننے کیلئے رقم

مالک مکان بننے میں کتنی رقم خرچ ہوتی ہے؟ اس کا انحصار مکان پر ہے۔ پراپرٹی ٹیکس، بجلی، گیس اور پانی وغیرہ کی ادائیگی کے لیے تو رقم خرچ ہوتی ہی ہے لیکن مالک مکان کو غیر متوقع اخراجات جیسے کہ چھت کو تبدیل کرنا یا دیگر تزئین نو کے کام کے لیے تیار رہنا چاہیے۔ اگر آپ کا مکان بڑے رقبے پر تعمیر شدہ ہے تو آپ کو دیکھ بھال اور حفاظت پر اٹھنے والا خرچہ برداشت کرنا ہوگا اور اگر آپ کنڈومینیم یا گیٹڈ کمیونٹی میں رہتے ہیں، تو آپ کو اس حوالے سے طے شدہ رقم ادا کرنی ہوگی۔

ماہانہ اور سالانہ مرمت کے اخراجات

کچھ مالیاتی ماہرین مکان کی قیمت کے ایک یا دو فیصد کے مساوی رقم مکان کی سالانہ دیکھ بھال اور مرمت کے طور پر بجٹ میں رکھنے کا مشورہ دیتے ہیں۔ لیکن آپ کو جو رقم رکھنی چاہیے، درحقیقت اس کا انحصار آپ کے گھر کی عمر، حالت اور سائز پر ہوتا ہے۔ مکان مالکان ماہانہ اخراجات میں ٹیکس، بجلی، گیس، پانی، سیکیورٹی اور صفائی وغیرہ کے پیسے ادا کرتے ہیں۔ اگر کسی نے مکان کے لیے بینک سے قرض حاصل کر رکھا ہے تو ہر ماہ اس کی ادائیگی بھی کی جاتی ہے۔

چھت

باہر سے آنے والا پانی آپ کے مکان کا سب سے بڑا دشمن ہے۔ چھت کے بنیادی کاموں میں سے ایک کام پانی کو مکان میں داخل نہ ہونے دینا ہے۔ ٹپکتی ہوئی چھت مکان کے اندرونی حصے کو نقصان پہنچا سکتی ہے، لیکن یہ بھی اس بات پر منحصر ہے کہ رساؤ کتنا شدید ہے اور اندر موجود سامان کو کتنا خراب اور صحت کے مسائل یا ساختی مسائل کا سبب بن سکتا ہے۔ اسفالٹ شِنگلز والی چھت کو ہر 15 سے 20 سال بعد تبدیل کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔

ہیٹنگ، وینٹیلیشن اور ایئر کنڈیشننگ سسٹم آپ کو شاید کسی وقت نئے یونٹ خریدنے کی ضرورت پڑے گی کیونکہ موجودہ یونٹ وقت کے ساتھ خراب ہوجاتے ہیں۔ تیل اور ایئر کنڈیشنر کے فلٹرز کو بار بار تبدیل کرنے سے مشینوں کو مؤثر طریقے سے چلانے میں مدد ملتی ہے۔



مکان مالک کو سال میں کم از کم ایک بار اپنے HVAC سسٹم کا معائنہ کرانا چاہیے۔ بہت سی کمپنیاں خدمت کے معاہدے یا دیکھ بھال کے منصوبے پیش کرتی ہیں، جو سالانہ معائنے کی لاگت کو کم، نیم سالانہ معائنے کی پیشکش، اور پارٹس کی قیمتوں میں کمی اور کم لاگت والے ایمرجنسی وزٹس جیسے دیگر فوائد فراہم کرسکتی ہیں۔

الیکٹریکل سسٹم

آرک فالٹس، ناقص وائرنگ اور الیکٹریکل شارٹس بڑی تعداد میں بجلی سے لگنے والی آگ کا سبب بنتے ہیں۔ تمام مکان مالکان کو اس بات کی بنیادی سمجھ ہونی چاہیے کہ گھروں اور خاندانوں کو محفوظ رکھنے کے لیے برقی نظام کس طرح کام کرتا ہے اور ساتھ ہی اس حوالے سے اپنی صلاحیتوں کو سمجھیں۔ جب بھی کوئی مسئلہ آئے یا بحالی کا کام کروانا ہو تو پیشہ ور ماہر کی خدمات حاصل کریں تاکہ وہ یہ یقینی بنائے کہ چیزیں صحیح طریقے اور حفاظتی معیارات کے مطابق انسٹال کی جائیں۔

پلمبنگ

پلمبنگ کے چھوٹے مسائل کبھی کبھار پیش آتے ہیں لیکن پرانے مکانات میں پلمبنگ کے مسائل اکثر آتے رہتے ہیں۔ ان گھروں میں اکثر لوہے کے پائپ ہوتے ہیں، جو وقت کے ساتھ منرلز سے بھر جاتے اور آہستہ آہستہ پانی کے دباؤ کو کم کرتے ہیں۔ ان پائپوں کی مرمت نہیں کی جاسکتی، انہیں تبدیل کرنا پڑتا ہے۔

دیمک

دیمک لکڑی اور نمی کی طرف راغب ہوتی ہے اور وہ آپ کے گھر میں سب سے چھوٹی دراڑوں کے ذریعے بھی داخل ہوسکتی ہے۔ اپنے گھر کو ہونے والے مہنگے ساختی نقصان سے بچانے کے لیے اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کے گھر کے قریب کوئی لکڑی زمین کو چھونے والی نہیں ہے (جیسے لکڑی یا درختوں کے سٹمپ)۔ اس بات کو یقینی بناتے ہوئے کہ آپ کے گھر سے زمینی ڈھلوان دور ہے، اپنی فاؤنڈیشن کے ارد گرد کسی بھی قسم کی نمی کو جمع ہونے سے روکیں، اور باقاعدگی سے کیڑوں کا معائنہ کرنے کے لیے ایک ایکسٹرمینیٹر کی خدمات حاصل کریں۔

اس کے علاوہ، اگر آپ کا گھر بہت مرطوب ہے، تو ایئر کنڈیشنر یا ڈی ہیومیڈیفائر سڑنے (mold) کو بڑھنے سے روکنے میں مدد کرے گا۔ سڑنے کا عمل ہمیشہ نظر نہیں آتا، اسے وال پیپر کے پیچھے، قالین کے نیچے، اور مختلف جگہوں پر دیکھا جاسکتا ہے۔ سڑنا الرجک یا پریشان کن ردعمل اور دمہ کے حملوں کا سبب بن سکتا ہے۔

لینڈ اسکیپنگ

چاہے آپ لینڈ اسکیپنگ کا کام خود کریں یا کسی پیشہ ور کی خدمات حاصل کریں، آپ کو اپنی زمین کی تزئین کو برقرار رکھنے کے لیے کچھ رقم خرچ کرنا پڑے گی۔ باغیچے کا سامان مہنگا ہوسکتا ہے اور اگر آپ کے پاس کافی رقبہ ہے، تو آپ کو اسنو بلور یا لیف بلور جیسے آلات کی بھی ضرورت پڑسکتی ہے۔

درختوں سے لٹکنے والے اشیا گرسکتی ہیں اور چھتوں اور کھڑکیوں کو نقصان پہنچا سکتی ہیں جبکہ پتوں کی کثرت یا زیادہ بڑھے ہوئے پودے نکاسی کے نظام کو بند کرسکتے ہیں، جس سے نکاسی آب، پلمبنگ، اور بیرونی HVAC یونٹ کے نظام متاثر ہوتے ہیں۔

پاک چین سٹریٹجک ڈائیلاگ

پاکستان اور چین کے درمیان ساتویں سٹریٹجک ڈائیلاگ میں دہشت گردی کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی، افغانستان سے دہشت گرد گروپوں کے خاتمے، ایک دوسرے کی مکمل حمایت اور دوطرفہ سکیورٹی تعاون مزید بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ دفترِ خارجہ سے جاری کیے گئے اعلامیے کے مطابق بیجنگ میں ہونے والے پاک چین سٹریٹجک ڈائیلاگ کی چینی وزیرِ خارجہ وانگ ژی اور وزیرِ خارجہ اسحاق ڈار نے مشترکہ صدارت کی۔ مشترکہ اعلامیے میں مسئلہ کشمیر کے پُرامن حل کے لئے اقوام متحدہ کی قراردادوں کی اہمیت پر اتفاق کیا گیا۔ غزہ میں غیر مشروط، جامع اور مستقل جنگ بندی کا مطالبہ کرتے ہوئے فلسطینی عوام کے حقِ خود ارادیت اور دوریاستی حل کی حمایت کا اعادہ کیا، مغربی کنارے کی صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے فوری توجہ کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ دونوں ملکوں نے دوسری جنگِ عظیم کی فتح کے نتائج کے تحفظ، اقوامِ متحدہ کے چارٹر کے اصولوں کی پاسداری، تاریخی حقائق مسخ کرنے کی کوششوں کی مخالفت اور فاشزم و عسکریت پسندی کی واپسی کے خلاف موقف کو دہرایا۔ اعلامیے میں پاکستان نے "ایک چین پالیسی" کے تحت تائیوان، سنکیانگ، تبت، ہانگ کانگ، جنوبی بحیرہ چین کے متعلق چین کی مکمل حمایت کا اعادہ کیا جبکہ چین نے پاکستان کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بھرپور تعاون کا اعلان کیا۔ پاکستان اور چین آہنی دوست، سٹریٹجک شراکت دار اور بااعتماد ساتھی ہیں۔ فریقین نے جن دوطرفہ تعلقات اور مختلف شعبوں میں تعاون پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا اُن میں سٹریٹجک اور سیاسی تعاون، دفاع اور سلامتی، معیشت، تجارت، سرمایہ کاری، ثقافتی اور عوامی روابط شامل تھے جبکہ اِس دوران باہمی دلچسپی کے علاقائی اور عالمی امور پر بھی گفتگو کی گئی۔ فریقین نے سٹریٹجک روابط مضبوط بنانے، باہمی اعتماد کو گہرا کرنے، مشترکہ مفادات کے تحفظ، دونوں ممالک کی معاشی وسماجی ترقی کے فروغ کے علاوہ خطے کے اندر اور باہر اَمن، ترقی اور خوشحالی کے فروغ پر اتفاق کیا۔ پاکستان اور چین نے اِس اَمر کا اعادہ بھی کیا کہ علاقائی اَمن، استحکام اور ترقی کے لئے پاک چین تعلقات کی مضبوطی اور مستحکم ترقی انتہائی اہم ہے۔ مزید کہا گیا کہ دونوں ممالک کے رہنماؤں کے درمیان طے پانے والے اہم اتفاقِ رائے پر عملدرآمد اور ایکشن پلان (2025-2029ء) کے نفاذ کے علاوہ مشترکہ مستقبل کی تعمیر صفِ اوّل پر رکھنے پر مکمل اتفاق ہے۔

چین نے دہشت گردی کے خلاف پاکستان کے جامع اقدامات اور پاکستان میں چینی شہریوں، منصوبوں اور اداروں کے تحفظ کو سراہا اور دہشت گردی کے خلاف پاکستان کی قربانیوں کو تسلیم کیا۔ دونوں ملکوں نے دہشت گردی کی ہر شکل کے خلاف زیرو ٹالرنس کی پالیسی پر اتفاق کرتے ہوئے سلامتی اور انسدادِ دہشت گردی تعاون مزید گہرا کرنے پر زور دیا تاکہ سی پیک محفوظ اور ہموار انداز میں آگے بڑھے جبکہ دونوں نے دہشت گردی پر دوہرے معیار کی مخالفت بھی کی۔ فریقین نے نہ صرف ترقیاتی منصوبوں میں ہم آہنگی بڑھانے اور سی پیک ٹو کی تعمیر بلکہ صنعت، زراعت اور معدنیات کے شعبوں پر توجہ، گوادر بندرگاہ کی تعمیر اور آپریشن، قراقرم ہائی وے کی روانی اور پاکستان کی پائیدار ترقی کی صلاحیت بڑھانے پر بھی اتفاق کیا۔ اعلامیے کے مطابق سی پیک میں تیسرے فریق کی شمولیت کو خوش آئند قرار دیا گیا بشرطیکہ یہ شمولیت دونوں ممالک کے طے شدہ طریقہ کار کے مطابق ہو۔ دونوں فریق اِس پر بھی متفق تھے کہ مالیاتی اور بینکاری شعبوں میں تعاون بڑھانے کے علاوہ علاقائی اور عالمی مالیاتی فورموں پر ایک دوسرے کی حمایت کی جائے۔ پاکستان اور چین نے جنوبی ایشیاء میں اَمن اور استحکام کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے تمام تنازعات کو مذاکرات کے ذریعے حل کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ پاکستان نے جموں اور کشمیر کی صورتحال پر بریفنگ دی جس پر چین نے واضح کیا یہ ایک تاریخی تنازعہ ہے جسے اقوام متحدہ کی قراردادوں اور دوطرفہ معاہدوں کے مطابق حل کیا جانا چاہئے۔ دونوں ممالک نے سہ فریقی وزرائے خارجہ (چین، افغانستان اور پاکستان) مکالمے کے علاوہ چین، بنگلہ دیش اور پاکستان کے درمیان تعاون کے فریم ورک کو مزید فعال بنانے پر اتفاق کیا۔ عالمی ترقی، عالمی سلامتی، عالمی تہذیب اور عالمی حکمرانی کے اقدامات کے تحت تعاون بڑھانے اور عالمی نظام کو زیادہ منصفانہ بنانے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ اقوامِ متحدہ اور شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) میں تعاون مزید گہرا کرنے پر بھی اتفاق ہوا، چین نے 2026-27ء کے لئے ایس سی او کی صدارت سنبھالنے پر پاکستان کی حمایت کا اظہار کیا۔ افغان مسئلے پر قریبی رابطہ رکھنے، افغان حکومت کو جامع سیاسی فریم ورک اپنانے، اعتدال پسند پالیسیوں، ترقی پر توجہ اور ہمسایہ ممالک سے اچھے تعلقات کی ترغیب دینے پر اتفاق کیا گیا۔ دونوں ممالک نے افغان عبوری حکومت سے مطالبہ کیا کہ افغانستان میں موجود تمام دہشت گرد تنظیموں کے خاتمے کے لئے مؤثر اقدامات کرے۔ دونوں فریقوں نے سٹریٹجک ڈائیلاگ کا آئندہ اجلاس اسلام آباد میں منعقد کرنے پر بھی اتفاق کیا۔

پاک چین تعلقات کی نوعیت کسی سے ڈھکی چُھپی نہیں ہے، دونوں ممالک ایک دوسرے کی ہر ممکن مدد کرنے کو ہمہ وقت تیار رہتے ہیں۔ پاکستان کو اِس وقت جہاں معاشی مسائل کا سامنا ہے وہاں دہشت گردی اِس کے لئے وبالِ جان بنی ہوئی ہے جس پر قابو پائے بغیر پاکستان اپنی معاشی ترقی کو یقینی نہیں بنا سکتا۔ دہشت گردوں کی کارروائیوں میں گزشتہ ایک دو ماہ کے دوران اگرچہ کچھ کمی آئی ہے تاہم مجموعی طور پر گزشتہ سال دہشت گردی کے لحاظ سے بدترین رہا، 5,400 واقعات ہوئے 1,235 قانون نافذ کرنے والے اہلکار اور عام شہری شہید ہوئے جبکہ 2,597 دہشت گردوں کو جہنم واصل کیا گیا۔ گزشتہ سال ملک بھر میں انٹیلی جنس کی بنیاد پر 75 ہزار آپریشنز کیے گئے

یعنی ملک کے مختلف حصوں میں دوسو سے زائد آپریشن روزانہ کیے جارہے ہیں جس سے واضح ہوجاتا ہے کہ ملک کے محافظ اَمن قائم رکھنے کے لئے دن رات کوشاں ہیں اور دہشت گردوں کو ڈھونڈ ڈھونڈ کر اور چُن چُن کر جہنم واصل کیا جارہا ہے، بہادر جوان اِس کی بھاری قیمت اپنی جانیں دے کر ادا کر رہے ہیں۔ دوسری جانب ملک دشمن عناصر سرتوڑ کوشش کر رہے ہیں کہ پاکستان کو عدم استحکام کا شکار کیا جائے، یہاں تک کہ وہ دہشت گردی کے لئے بچوں کے استعمال سے بھی گریز نہیں کر رہے۔ گزشتہ سال کے آخری ایام میں ایک بچی کو گرفتار کیا گیا جسے خودکش حملے کے لئے تیار کیا گیا تھا۔ اِسی طرح دو روز قبل ہی کراچی میں دہشت گردی کا ایک بڑا منصوبہ ناکام بنایا گیا، سکیورٹی اداروں نے دو ہزار کلوگرام سے زائد تیار بارودی مواد قبضے میں لیکر تین دہشت گردوں کو گرفتار کیا۔ یہ بارودی مواد ریس گوٹھ میں ایک ٹرک میں چھپایا گیا تھا جس میں 30 سے زائد ڈرم اور پانچ گیس سلنڈر شامل تھے۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ سے متعلق پاکستان اپنا موقف پوری دنیا پر نہ صرف واضح کر چکا ہے بلکہ پوری دنیا اِسے تسلیم بھی کر رہی ہے۔ افغانستان کے حالات کسی سے ڈھکے چُھپے نہیں ہیں، وہ اپنا راستہ تبدیل کرنے کو تیار نہیں ہے باوجود اِس کے کہ پاکستان اور چین نے سی پیک کی توسیع کرتے ہوئے افغانستان کو اُس میں شامل کیا تاکہ اُس کی معیشت کو سہارا دیا جا سکے لیکن اُس کی ترجیح منشیات، سمگلنگ، کرپشن اور دیگر ایسے ذرائع ہیں جن کی مہذب دنیا اجازت نہیں دے سکتی۔ سپیشل انسپکٹر جنرل فار افغان ری کنسٹرکشن کی چند روز پہلے منظرِ عام پر آنے والی رپورٹ چشم کُشا ہے

اصل سردی اور ختم ہوتی تعطیلات

تحریر: رفیع صحرائی

سردیوں کی اصل شدت کا آغاز پنجاب سمیت ملک بھر میں اب ہوا ہے۔ اس سے قبل سردی قابلِ برداشت تھی مگر 8 جنوری کی صبح طلوع ہوئی تو پنجاب کے بیشتر علاقوں میں درجہ حرارت ایک سے پانچ سنٹی گریڈ کے درمیان تھا۔ پہاڑی علاقوں میں درجہ حرارت منفی ہو چکا ہے۔ گھروں سے نکلنا محال ہو گیا ہے۔ ٹھٹھرا دینے والی سردی سے کاروبارِ زندگی سست روی کا شکار ہے۔ دوسری طرف تعلیمی اداروں کی تعطیلات اختتام کو پہنچ گئی ہیں۔ 12 جنوری سے پنجاب کے تعلیمی ادارے سردیوں کی چھٹیوں کے بعد دوبارہ کھل رہے ہیں۔ طلبہ، والدین اور اساتذہ سبھی پریشان ہیں کہ شدید سرد موسم میں تعلیمی عمل جاری رکھنا کیسے ممکن ہو سکے گا؟ گزشتہ چند برسوں سے سردیوں کی شدت میں مسلسل اضافہ دیکھا جا رہا ہے۔ دھند، یخ بستہ ہوائیں اور کم درجۂ حرارت معمول بن چکا ہے۔ ایسے حالات میں تعلیمی اداروں میں طلبہ کو بٹھانا کسی امتحان سے کم نہیں۔ پنجاب کے تمام سرکاری سکولوں اور کالجوں میں کلاس رومز کے لیے ہیٹر موجود نہیں ہیں، نہ ہی سردی سے بچاؤ کا کوئی مؤثر انتظام کیا گیا ہے۔ بعض علاقوں میں تو بچے سرد فرش پر بیٹھ کر تعلیم حاصل کرنے پر مجبور ہیں جو صحت کے لیے خطرناک ہے۔ پاکستان بنے 78 سال سے زائد ہو چکے مگر چھٹیوں کے معاملے میں ہم اب تک انگریزوں کی مقرر کردہ تاریخوں پر عمل پیرا ہیں۔ ہر سال ہی پانچ جنوری سے بیس جنوری تک ہمارے ہاں سخت سردی پڑتی ہے۔ دسمبر کے مہینے کے آخری عشرے میں اب شدید سردی نہیں ہوتی۔ ہمارے موسم کی صورتِ حال میں تبدیلی آچکی ہے۔ انگریزوں نے سردی کی چھٹیاں دسمبر میں اس مقصد کے تحت رکھی تھیں کہ کرسمس کا تہوار انہی دنوں میں آتا ہے۔ یوں ایک پنتھ دو کاج والا معاملہ ہو جاتا تھا۔ مگر اب سردی دسمبر کی بجائے جنوری میں پڑنا شروع ہو گئی ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ اب بدلتے موسم کے مطابق چھٹیوں کا فیصلہ کیا جائے۔ بچے قوم کا مستقبل ہوتے ہیں۔ اپنے مستقبل کی حفاظت ہم سب کی اجتماعی ذمہ داری ہے۔ نزلہ، زکام، بخار، نمونیا اور سانس کی بیماریاں سردیوں میں عام ہو جاتی ہیں۔ کم عمر بچوں اور بچیوں کے لیے یہ موسم خاص طور پر حساس ہوتا ہے۔ سکول کھولنے کا فیصلہ مکمل سوچ بچار کے بعد کرنا چاہیے۔ چند تعلیمی دن زیادہ کروانے کے لیے ہمیں اپنے بچوں کی صحت کو داؤ پر لگانے سے گریز کرنا چاہیے۔ اساتذہ کا مسئلہ بھی کم سنگین نہیں۔ اساتذہ کی ایک بڑی تعداد دور دراز سکولوں میں اپنے فرائض سرانجام دے رہی ہے۔ بچوں کی ایک بہت بڑی تعداد دیہات سے روزانہ شہری سکولوں میں جا کر تعلیم حاصل کرتے ہیں۔ یخ بستہ سردی میں سفر کر کے اساتذہ اور طلبہ کا بروقت سکول پہنچنا بہت مشکل ہوگا۔ سرد موسم میں ٹریفک حادثات بھی بڑھ جاتے ہیں کہ سردی میں سفر کے دوران خصوصاً موٹر سائیکل سواروں کے ہاتھ شل ہو جاتے ہیں۔ اگر بچے اور اساتذہ شدید سردی میں سکول پہنچ بھی جائیں گے تو تدریسی عمل انجام دینا نہ صرف مشکل بلکہ بعض اوقات ناممکن ہو جائے گا۔ نتیجتاً تعلیم کا معیار متاثر ہوگا۔ شدید سردی کی وجہ سے اکثر والدین اپنے بچوں کو سکول بھیجنے سے گریز کریں گے جس کی وجہ سے طلبہ کی حاضری بھی بہت کم ہوگی۔ ہم وزیرِ تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات سے پُرزور اور سنجیدہ اپیل کرتے ہیں کہ وہ طلبہ و طالبات کی صحت اور حفاظت کو اولین ترجیح دیتے ہوئے تعلیمی اداروں کی سردیوں کی تعطیلات میں معقول اضافہ کریں۔ یہ فیصلہ کسی کمزوری کی علامت نہیں بلکہ ایک ذمہ دار اور دور اندیش حکمرانی کا ثبوت ہوگا۔ مزید یہ کہ آئندہ تعطیلات کے شیڈول کا تعین کرتے وقت صرف روایتی تاریخوں پر انحصار نہ کیا جائے بلکہ گوگل، محکمۂ موسمیات اور جدید موسمی ڈیٹا سے رہنمائی حاصل کی جائے۔ جب موسم غیر معمولی ہو چکا ہے تو فیصلے بھی غیر معمولی دانشمندی کے متقاضی ہیں۔ آخر میں اتنا ہی کہنا کافی ہے کہ تعلیم اہم ہے، مگر صحت اس سے بھی زیادہ قیمتی ہے۔ اگر بچے ہی محفوظ نہیں تو تعلیمی کیلنڈر کی پابندی کس کام کی؟

پلِ صراط!!!

جاگتے رہو......
عظمیٰ حمید گل دختر جنرل حمید گل

سارے افغان طالبان کی ہمدردیاں ٹی ٹی پی کے ساتھ نہیں لیکن ٹی ٹی پی ان کی مجبوری ضرور بن گئی ہے۔ دو دہائیوں تک امریکی مفادات کو مقدم رکھنے والی، امریکی ایماء پر قائم افغان حکومتیں، افغانستان میں امریکہ اور ہندوستان کی موجودگی سے استفادہ حاصل کرتی رہی ہیں۔ امریکہ سے ڈالروں کی کھیپ آتی اور انہی مفاد پرستوں میں تقسیم ہوجاتی۔ بہت سے اعلیٰ عہدوں پر براجمان اپنے ہی گھروں کے تہ خانوں میں ان ڈالروں کا ذخیرہ کیا کرتے۔ حتیٰ کہ 15 اگست 2021 میں جب اچانک سقوطِ کابل ہوا تو وہ اپنے ڈالروں کے خزانے باہر نہ نکال سکے اور یوں آج بھی افغانستان میں رہنے پر مجبور ہیں۔ اس حقیقت سے بخوبی آگاہ طالبان نے سیکورٹی کی آڑ میں ان شخصیات کے گھروں پر نظر رکھنے کیلئے اپنے خاص بندے تعینات کر رکھے ہیں۔ ان دو دہائیوں میں امریکہ، ہندوستان اور دو ریاستوں نے افغانستان میں موجود پاکستان مخالف عناصر کو خوب بڑھاوا دیا۔ ایک طرف انہوں نے پاکستان کی علیحدگی پسند تحاریک کی آبیاری کی تو دوسری جانب پاکستان میں دہشت گردی کی آگ بھڑکائی۔ جبکہ ناجائز افغان حکومتیں افغانستان میں ہونے والی ہر خرابی کے لیے پاکستان کو موردِ الزام ٹھہراتیں رہیں۔ ہماری حکومت پر امریکہ سے دباؤ ڈلوایا جاتا، غیر معمولی رعایتیں اور سہولیات لی جاتیں اور افغان طالبان کے خلاف ہمارا بھرپور استعمال بھی کروایا جاتا۔ نتیجتاً پاکستان کا یہ حال ہوا کہ "نہ خدا ہی ملا نہ وصالِ صنم"۔ 2021 میں افغان طالبان کے کابل فتح کرنے پر پاکستانی عوام نے اسی جوش و خروش سے خوشیاں منائیں، مبارکبادیں دیں اور لیں جیسے یہ ہماری اپنی فتح ہو۔ اس کے برعکس جس روز کابل فتح ہو رہا تھا ہماری ناعاقبت اندیش حکومت نے طالبان مخالف جماعتوں کا ایک اکٹھ پاکستان میں بلا کر انہیں پورا پروٹوکال دیا، میڈیا اور پریس کے سامنے بٹھایا جہاں انہوں نے طالبان مخالف پراپیگنڈے میں کوئی کسر نہ چھوڑی۔ اس پر طرۂ یہ کہ سابق وزیراعظم عمران خان اور ان کے دیگر حکومتی نمائندے بیانات داغتے رہے کہ افغانستان میں ہمیں اسٹریٹیجک ڈیپتھ یعنی دوست اور ہمدرد حکومت کی ضرورت نہیں۔ محض ڈیڑھ ماہ کے اندر ہی افغان وزیر داخلہ سراج الدین حقانی کے مشورے کے برخلاف ٹی ٹی پی سے معاملات طے ہوئے، ان کے 45 ہزار افراد کے پی کے میں اور پانچ سے 10 ہزار بلوچستان میں آباد کیے گئے۔ خفیہ سرکاری فنڈ سے فنڈنگ کرنے کے علاوہ ان کے 114 خطرناک دہشتگرد بھی رہا کیے گئے جن میں سے کچھ سانحۂ اے پی ایس میں ملوث تھے۔ تاہم ان کی اسلحہ ترک کر کے ملکی دھارے میں شامل ہونے کے وعدوں پر رہائی اور آباد کاری کا تحریری معاہدہ ریکارڈ پر موجود نہیں۔ راقمہ نے اس وقت ہی لکھا تھا کہ ٹی ٹی پی سے اس قدر رورعایت اُسے پی ٹی آئی کا عسکری ونگ بنانے کے لیے کی گئی ہے۔ آج ٹی ٹی پی افغان طالبان کی اس لئے مجبوری ہے کہ پاکستان سے ملک بدری کے بعد انہوں نے افغانستان میں طالبان کے شانہ بشانہ غیر ملکی تسلط کے خلاف جنگ لڑی، ان کے درمیان اپنی جگہ بنائی، ان کے بہت سے اہم عہدوں کے مستحق ٹھہری۔ افغان طالبان کے ساتھ رہنے اور لڑنے کے باعث آپس میں بھائی چارے اور باہمی عزت و احترام کے تعلقات قائم کیے۔ اس لیے جب سراج الدین حقانی پاکستان کو کہتے تھے کہ آپ ہمارے توسط سے ٹی ٹی پی سے مذاکرات کریں تو وہ جانتے تھے کہ ٹی ٹی پی سے کیسے معاملات طے کرنا ہیں۔ لیکن فیض حمید صاحب اور سابق وزیراعظم نے ٹی ٹی پی سے براہِ راست معاملات طے کرنے پر اصرار کیا جو بالآخر دہشت گردی کی شدید خونی لہر پر منتج ہوئے۔ اب پاکستان نے حالیہ دہشت گردی کے خلاف انتہائی سخت اقدامات اٹھائے ہیں جن میں افغانستان میں موجود دہشت گردی کے خفیہ ٹھکانوں پر فضائی حملے کرنا، افغانستان سے دہشت گردوں کے پاکستان میں داخل ہوتی تشکیلوں کا ڈرون حملوں سے قلع قمع کرنا، دوطرفہ تجارت و ٹرانزٹ ٹریڈ روٹ بند کرنا، غیر قانونی و رجسٹرڈ افغان مہاجرین کی واپسی اور سب سے بڑھ کر بین الاقوامی سطح پر معاملات سلجھانے کے لیے دیگر ممالک کی ثالثی قبول کرنا ہیں۔ افغانستان ہمارا برادر اسلامی ملک ہے، پچھلے 78 سالوں میں ہم دونوں نے بہت سے اونچ نیچ دیکھے ہیں خصوصاً روس کے خلاف مزاحمت میں پاکستان نے دامے، درمے، سخنے اپنے افغان بھائیوں کی نہ صرف مدد کی بلکہ 30 لاکھ افغان مہاجرین کو بھی اپنے ہاں پناہ دی۔ پاکستان نے اپنے ان مہمان بھائیوں کی واپسی کا قدم بھی بڑے بوجھل دل سے اٹھایا جس کی وجہ طالبان حکومت کا ٹی ٹی پی کے ساتھ تعاون اور دہشت گردی میں شامل افغان شہریوں کی ذمہ داری لینے سے انکار تھا۔ ادھر افغان حکومت میں شامل پاکستان دوست دھڑے بالکل بےبس نظر آتے ہیں کیونکہ افغان عوام میں پاکستان مخالف جذبات رکھنے والوں کی ٹی ٹی پی کی دہشت گردانہ کارروائیوں کی پزیرائی اور پاکستان مخالف پراپیگنڈا اعروج پر ہے۔ ایک جانب پاکستان سے مہاجرین کی واپسی، ٹرانزٹ ٹریڈ بند ہونے اور اشیاء خورد ونوش کی خوفناک مہنگائی سے متاثر غریب افغانوں کے مسائل سے یکسر لاپرواہ افغان حکومتی عناصر ہیں۔ جو پاکستان دشمنی کے عوض، امریکہ، ہندوستان اور دونوں ریاستوں سے اپنے ذاتی مالی مفادات سمیٹ رہے ہیں۔ دوسری جانب پاکستان سے بہتر تعلقات کے خواہاں اور ان مطلب پرست بیرونی حکومتوں کے پسِ پردہ چھپے مفادات سے آگاہ، طالبان بیرونی دباؤ میں خاموش کرا دیے گئے ہیں۔ واحد حل افغان امیر المومنین ملا ہبت اللہ اخونزادہ سے براہِ راست معاملات طے کرنا ہیں جو ہمارے اندر کے چند عناصر کو کبھی قبول نہیں نہ وہ اس راستے سے مسئلے کا حل چاہتے ہیں۔ افغانستان اور پاکستان کے عوام دونوں جانب سے بیرونی سازشوں کا شکار ہو چکے ہیں۔ اگر طول پکڑتے ہوئے اس گھمبیر مسئلے کا جلد حل تلاش نہ کیا گیا تو معاملات اس نہج پر جا پہنچیں گے کہ واپسی ممکن نہ رہے گی۔ ہمیں اس بات کا بخوبی ادراک ہونا چاہیے کہ امریکہ اور ہندوستان اس خطے میں چین کے قدموں کے نشانات مٹانے کے در پے ہیں۔ امریکہ اور اسرائیل کی ضرورت "بگرام بیس" حاصل کرنا ہے تاکہ جوہری پاکستان اور جوہری منزل کی جانب بڑھتے ایران پر جاسوسی یا حملہ کیا جا سکے۔ امریکہ کی طفیلی، اسرائیلی مفادات کی محافظ دونوں ریاستیں پسِ پردہ پاکستان کے خلاف کام کر رہی ہیں۔ ایک گوادر بندرگاہ کی کامیابی سے خائف ہے جبکہ دونوں سے جوہری پاکستان کی سعودی عرب سے قربت اور دفاعی تعاون ہضم نہیں ہو پا رہا۔ ماضی میں بھی یہ دونوں ریاستیں کبھی کھل کر اور کبھی چھپ کر سعودی مفادات کو ذک پہنچانے کی کوشش کرتی رہی ہیں۔ پاکستان کو ان ریاستوں کے حوالے سے کسی خوش فہمی کا شکار نہیں ہونا چاہیے۔ اسے اپنے دوست اور دشمن میں تمیز کرنے کی ضرورت ہے اور یاد رکھنا چاہیے کہ اپنے ملک و قوم کے دیرپا مفاد کو مقدم رکھتے ہوئے سخت سے سخت فیصلے لینے میں ہچکچاہٹ کا شکار نہیں ہونا چاہیے۔ کب تک رہے محکومیٔ انجم میں مری خاک

ہم لکیر کے فقیر ہی کیوں بنے ہوئے ہیں

تحریر۔ محمد انور بھٹی

بندن میاں اس سوال کو اپنے دل میں یوں گھماتا پھرتا ہے جیسے سردیوں میں ہاتھ جیبوں میں گھمائے جاتے ہیں ایک وقت تھا بندن میاں کہتا ہے کہ سندھ کی سردی بھی باقاعدہ نظم و ضبط کی پابند تھی نومبر میں آہستہ آہستہ دروازہ کھٹکھٹاتی دسمبر میں پورے جوبن پر آتی اور سب کو معلوم ہوتا کہ اب سردی ہے اب رضائیاں نکلیں گی اب بچوں کے کان ڈھانپے جائیں گے اور اسی فطری ترتیب کو سامنے رکھ کر اسکولوں کالجوں میں موسم سرما کی چھٹیاں بھی رکھی جاتی تھیں تاکہ نہ بچوں کی صحت متاثر ہو نہ والدین کی نیند اور نہ گھروں کا سکون مگر وقت بدلا موسم بدلا ہوا کے مزاج بدلے اور اب پچھلے کئی برسوں سے یہ حقیقت سب کے سامنے ہے کہ سردی دسمبر کے آخر میں آنکھیں ملتی ہے اور جنوری کے پہلے اور دوسرے ہفتے میں ایسی شدت اختیار کرتی ہے کہ بڑے بڑے صحت مند لوگ بھی کھانس کھانس کر دن گزارنے لگتے ہیں مگر بندن میاں حیران ہے کہ موسم بدل گیا عقل کیوں نہیں بدلی فطرت نے اپنا کیلنڈر تبدیل کرلیا مگر ہم اب بھی پرانی تاریخوں کے قیدی بنے بیٹھے ہیں جنوری کی یخ بستہ صبحوں میں ننھے بچے بستے اٹھائے اندھیرے اور دھند میں اسکول جات

سب کچھ ہے، سوائے سمت کے

اتنا خوبصورت پاکستان، وسیع و عریض سمندر کی بے کراں وسعتیں، اتنے وسیع اور بے مثال قدرتی وسائل، سونا اُگلتی زمینیں، چار واضح موسم، بلند و بالا پہاڑ، بہتے دریا، سرسبز میدان اور پھیلا ہوا چولستان گویا قدرت نے اس خطۂ زمین پر اپنی نعمتوں کی انتہا کر دی ہے۔ دنیا کے نقشے پر شاید ہی کوئی اور ملک ہو جہاں اتنی جغرافیائی، موسمی اور قدرتی تنوع ایک ساتھ موجود ہو۔ اس کے ساتھ ساتھ اگر ہم اپنے لوگوں کی بات کریں تو پاکستانی ذہانت، محنت، جفاکشی اور صلاحیت کے حوالے سے دنیا بھر میں پہچانے جاتے ہیں۔ ڈاکٹر ہوں، انجینئر، آئی ٹی ماہرین، سائنسدان، بزنس لیڈر، کھلاڑی یا مزدور پاکستانی دنیا کے ہر کونے میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا رہے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ اگر ہمارے پاس سب کچھ موجود ہے تو پھر یہاں کمی کس چیز کی ہے؟ ایسا کیا خلل ہے کہ یہی ٹیلنٹ اپنے ہی ملک میں پنپ نہیں پاتا اور ضائع ہو جاتا ہے؟ اس سوال کا سیدھا اور تلخ جواب ایک ہی ہے: قیادت کا بحران۔ پاکستان کا سب سے بڑا مسئلہ وسائل کی کمی نہیں، بلکہ درست سمت دینے والے لیڈروں اور راہبروں کی عدم موجودگی ہے۔ قیادت صرف اقتدار حاصل کرنے کا نام نہیں، بلکہ وژن، دیانت، قربانی اور قوم کو ساتھ لے کر چلنے کا فن ہے۔ بدقسمتی سے ہماری سیاست اور اجتماعی نظام میں قیادت ایک پیشہ بن چکی ہے، خدمت نہیں۔ یہاں لیڈر بننے کا مقصد قوم کو آگے لے جانا نہیں بلکہ ذاتی مفادات، خاندان اور گروہوں کو مضبوط کرنا ہے۔ تعلیم کو لیجیے۔ ایک ایسا شعبہ جو کسی بھی قوم کی بنیاد ہوتا ہے۔ ہمارے ہاں تعلیم کو ہمیشہ ثانوی حیثیت دی گئی۔ نصاب پر تجربات، اساتذہ کی کم تربیت، تحقیق سے دوری اور رٹہ سسٹم نے تخلیقی ذہنوں کو دبا دیا۔ ایک باصلاحیت طالب علم سوال کرتا ہے، نئے زاویے تلاش کرتا ہے، مگر ہمارا نظام اسے خاموش رہنا سکھاتا ہے۔ نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ وہ یا تو مایوس ہو جاتا ہے یا ملک چھوڑ کر ایسے ماحول کی تلاش میں نکل جاتا ہے جہاں اس کی صلاحیت کی قدر ہو۔ اسی طرح میرٹ کا فقدان ایک اور بڑی خامی ہے۔ جب ایک نوجوان یہ دیکھتا ہے کہ نوکری، ترقی یا مواقع قابلیت پر نہیں بلکہ سفارش، تعلق اور خوشامد پر ملتے ہیں تو اس کا اعتماد ٹوٹ جاتا ہے۔ میرٹ کے بغیر کوئی بھی نظام دیرپا نہیں ہو سکتا۔ دنیا کی ترقی یافتہ اقوام نے ادارے مضبوط کیے، افراد نہیں۔ ہمارے ہاں افراد طاقتور ہیں اور ادارے کمزور۔ یہی وجہ ہے کہ ٹیلنٹ سسٹم کے نیچے دب جاتا ہے۔ بیوروکریسی اور نظامِ حکومت بھی اس مسئلے میں برابر کے شریک ہیں۔ فائلوں کی گردش، غیر ضروری قوانین، تاخیر اور کرپشن نے کاروبار، تحقیق اور جدت کے دروازے بند کر دیے ہیں۔ ایک نوجوان اگر کوئی نیا آئیڈیا لے کر آئے تو اسے حوصلہ افزائی کے بجائے رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اس کے برعکس ترقی یافتہ ممالک میں ریاست خود نوجوانوں کو مواقع فراہم کرتی ہے، فنڈنگ دیتی ہے اور ناکامی کو بھی سیکھنے کا ذریعہ سمجھا جاتا ہے۔ یہاں ذی جنریشن کا ذکر نہایت سنجیدگی اور کرب کے ساتھ کرنا ہوگا، کیونکہ یہی نسل اس وقت سب سے زیادہ نظر انداز، کنفیوژ اور بے سمت ہے۔ یہ وہ نسل ہے جو موبائل، انٹرنیٹ اور سوشل میڈیا کے ساتھ پلی بڑھی، جس نے دنیا کو ایک اسکرین پر سمٹتے دیکھا، مگر اپنے ہی ملک میں مواقع کو سکڑتے محسوس کیا۔ ذی جنریشن نہ صرف سوال کرتی ہے بلکہ فوری جواب چاہتی ہے، یہ نعروں پر نہیں بلکہ نتائج پر یقین رکھتی ہے۔ مگر جب اسے ایک ایسا نظام ملتا ہے جو سفارش، خوشامد اور برسوں کی قطار کا تقاضا کرے تو اس کے اندر بغاوت جنم لیتی ہے۔ یہ نسل ذہنی دباؤ، شناخت کے بحران اور مقصد کی تلاش میں سرگرداں ہے۔ سوشل میڈیا پر دوسروں کی کامیابیاں دیکھ کر خود کو کمتر سمجھنا، معاشی غیر یقینی، اور مستقل مایوسی نے اسے اضطراب کا شکار بنا دیا ہے۔ نتیجہ یہ ہے کہ یا تو یہ نسل ملک چھوڑنے کا خواب دیکھتی ہے، یا پھر خاموشی سے خود کو ایک بے حس سسٹم کے حوالے کر دیتی ہے۔ اگر اس نسل کو سمت، اعتماد اور مواقع نہ دیے گئے تو یہ ٹیلنٹ نہیں، ایک پورا مستقبل ضائع ہو جائے گا۔ معاشی عدم استحکام بھی ٹیلنٹ کے ضیاع کی ایک بڑی وجہ ہے۔ جب روزگار غیر یقینی ہو، مہنگائی بے قابو ہو اور مستقبل دھندلا نظر آئے تو ہنر مند افراد ہجرت کو ترجیح دیتے ہیں۔ یہ صرف برین ڈرین نہیں بلکہ قومی نقصان ہے۔ ایک ملک اپنے بہترین دماغوں کو خود باہر دھکیل دیتا ہے اور پھر شکوہ کرتا ہے کہ نوجوان ملک چھوڑ رہے ہیں۔ سماجی رویے بھی اس زوال میں کردار ادا کرتے ہیں۔ ہم تنقید کو برداشت نہیں کرتے، اختلافِ رائے کو دشمنی سمجھتے ہیں اور نئی سوچ سے خوفزدہ رہتے ہیں۔ ہمارا معاشرہ روایت پرستی میں اتنا الجھا ہوا ہے کہ جدت کو شک کی نظر سے دیکھا جاتا ہے۔ حالانکہ ترقی ہمیشہ سوال کرنے، آزمانے اور بدلنے سے آتی ہے۔ میڈیا اور بیانیہ سازی بھی اہم ہے۔ ہمارے ہیروز زیادہ تر وہ لوگ بن جاتے ہیں جو شور مچاتے ہیں، نہ کہ وہ جو خاموشی سے کام کرتے ہیں۔ علم، تحقیق اور خدمت کرنے والے پس منظر میں چلے جاتے ہیں جبکہ سطحی شہرت کو اصل کامیابی سمجھ لیا جاتا ہے۔ اس کا اثر نوجوان ذہنوں پر پڑتا ہے اور وہ غلط رول ماڈلز کو فالو کرنے لگتے ہیں۔ اب سوال یہ ہے کہ حل کیا ہے؟ حل ایک دن میں نہیں آئے گا، مگر سمت درست کرنا ہوگی۔ سب سے پہلے قیادت کے معیار بدلنے ہوں گے۔ ہمیں نعروں نہیں، وژن پر یقین رکھنے والے لیڈرز چاہئیں۔ تعلیم کو قومی ترجیح بنانا ہوگا، میرٹ کو ہر سطح پر نافذ کرنا ہوگا، اداروں کو مضبوط اور خودمختار بنانا ہوگا، اور نوجوانوں کو فیصلہ سازی میں شامل کرنا ہوگا۔ پاکستان میں خامی ٹیلنٹ کی نہیں، نظام کی ہے۔ یہ زمین بانجھ نہیں، اسے سنبھالنے والے نااہل ہیں۔ اگر خلوص، دیانت اور دوراندیشی کے ساتھ اصلاح کی جائے تو یہی پاکستان دنیا کی قیادت کر سکتا ہے۔ سوال صرف یہ ہے کہ کیا ہم واقعی بدلنا چاہتے ہیں، یا صرف شکوے ہی کرتے رہیں گے؟ یہ کالم الزام تراشی کے لیے نہیں بلکہ خود احتسابی کے لیے ہے۔ کیونکہ جب تک ہم اپنی خامیوں کو تسلیم نہیں کریں گے، تب تک ہمارا ٹیلنٹ یونہی ضائع ہوتا رہے گا، اور پاکستان اپنی تمام تر خوبصورتی کے باوجود پیچھے ہی رہ جائے گا۔

نیند کے دوران جسم پر مہلک دباؤ، جاپانی ماہر نے انکشاف کر دیا

تحریر: انجینئر بخت سید یوسفزئی۔ قلمِ حق

جاپان کے معروف ماہرِ دردِ عضلات اور ریڑھ کی ہڈی ڈاکٹر ہیروشی تاناکا کی تازہ ترین تحقیق نے صحت کے ماہرین اور عام لوگوں دونوں کو چونکا دیا ہے۔ اس تحقیق میں یہ چونکا دینے والا انکشاف سامنے آیا ہے کہ وہ عام تکیہ، جسے لوگ سکون، آرام اور بہتر نیند کی علامت سمجھتے ہیں، درحقیقت خاموشی کے ساتھ انسانی گردن، کندھوں اور اعصابی نظام کو نقصان پہنچا رہا ہے۔ یہ تحقیق ٹوکیو اسپائن انسٹی ٹیوٹ میں کی گئی، جہاں جدید سائنسی آلات کے ذریعے انسانی جسم پر نیند کے اثرات کا باریک بینی سے جائزہ لیا گیا۔ ڈاکٹر تاناکا کے مطابق نیند کے دوران گردن کا قدرتی خم برقرار رہنا نہایت ضروری ہوتا ہے، کیونکہ یہی خم ریڑھ کی ہڈی کے توازن کو درست رکھتا ہے۔ بدقسمتی سے عام تکیے اس قدرتی ساخت کو سہارا دینے کے بجائے اسے بگاڑ دیتے ہیں، جس کے نتیجے میں گردن ایک غیر فطری زاویے پر آجاتی ہے اور یہی زاویہ کئی گھنٹوں تک برقرار رہتا ہے۔ اس تحقیق میں جدید مسل مانیٹرنگ ٹیکنالوجی استعمال کی گئی، جو پوری رات عضلات کی سرگرمی، تناؤ اور حرکت کو ریکارڈ کرتی ہے۔ حاصل ہونے والے ڈیٹا نے واضح طور پر دکھایا کہ گردن اور کندھوں کے درمیان موجود نہایت اہم عضلہ، یعنی ٹریپیزیئس مسل، نیند کے دوران بھی مکمل طور پر آرام نہیں کرتا بلکہ مسلسل تناؤ کی حالت میں رہتا ہے۔ عام طور پر یہ تصور کیا جاتا ہے کہ نیند جسم کے لیے مرمت اور بحالی کا وقت ہوتی ہے، مگر ڈاکٹر تاناکا کی تحقیق اس تصور کو چیلنج کرتی ہے۔ ان کے مطابق اگر نیند کے دوران جسم غلط پوزیشن میں رہے تو نیند خود ایک ایسی اذیت بن جاتی ہے جو بظاہر محسوس نہیں ہوتی مگر اندرونی طور پر مسلسل نقصان پہنچاتی رہتی ہے۔ ڈاکٹر تاناکا اس کیفیت کی وضاحت ایک سادہ مثال سے کرتے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ اگر کسی شخص کو دن کے وقت آٹھ گھنٹے تک گردن موڑ کر یا ایک ہی زاویے پر کھڑا رہنے کو کہا جائے تو وہ چند منٹ بھی برداشت نہیں کر پائے گا، مگر یہی عمل ہم روزانہ نیند کے دوران غیر شعوری طور پر کرتے ہیں۔ اس مسلسل دباؤ کا پہلا اثر عام طور پر گردن کے درد کی صورت میں سامنے آتا ہے۔ ابتدا میں یہ درد ہلکی اکڑن یا معمولی کھچاؤ محسوس ہوتا ہے، جسے لوگ عام تھکن یا نیند کی کمی سمجھ کر نظر انداز کر دیتے ہیں اور سنجیدگی سے نہیں لیتے۔ وقت کے ساتھ ساتھ یہی درد شدت اختیار کر لیتا ہے اور گردن کی حرکت میں رکاوٹ پیدا ہونے لگتی ہے۔ بعض افراد کو گردن موڑنے، جھکانے یا سیدھا رکھنے میں دشواری ہوتی ہے، جو روزمرہ کاموں، گاڑی چلانے اور حتیٰ کہ آرام سے بیٹھنے میں بھی مسئلہ بن جاتی ہے۔ گردن کے درد کے ساتھ سر درد کی شکایت بھی عام ہو جاتی ہے، جو اکثر کنپٹیوں، آنکھوں کے پیچھے یا سر کے پچھلے حصے میں محسوس ہوتی ہے۔ یہ درد خاص طور پر صبح کے وقت زیادہ ہوتا ہے، جس سے دن کا آغاز ہی بوجھل اور پریشان کن ہو جاتا ہے۔ نیند جو عام حالات میں انسان کو تازگی، توانائی اور ذہنی سکون فراہم کرتی ہے، آہستہ آہستہ غیر مؤثر محسوس ہونے لگتی ہے۔ انسان پوری رات بستر پر رہنے کے باوجود خود کو تھکا ہوا، بے چین اور غیر مطمئن پاتا ہے، جس کا اثر اس کے مزاج اور کارکردگی دونوں پر پڑتا ہے۔ ایسی صورتحال میں اکثر لوگ مہنگے علاج، درد کش ادویات، مساج تھراپی یا فزیوتھراپی کا سہارا لیتے ہیں۔ اگرچہ ان طریقوں سے وقتی طور پر کچھ آرام مل جاتا ہے، مگر مسئلہ دوبارہ لوٹ آتا ہے کیونکہ بنیادی وجہ بدستور موجود رہتی ہے۔ ڈاکٹر تاناکا کے مطابق اصل مسئلہ اس وقت تک حل نہیں ہو سکتا جب تک نیند کے دوران گردن کی پوزیشن درست نہ کی جائے۔ محض علاج پر انحصار کرنا ایسے ہی ہے جیسے ٹپکتے نل کے نیچے برتن رکھ دیا جائے مگر نل بند نہ کیا جائے۔ تحقیق یہ بھی ظاہر کرتی ہے کہ مسلسل عضلاتی تناؤ ریڑھ کی ہڈی کے اوپری حصے پر اضافی دباؤ ڈالتا ہے، جو وقت کے ساتھ اعصابی مسائل کو جنم دے سکتا ہے۔ اس کے نتیجے میں ہاتھوں میں سن ہونا، کندھوں میں جلن یا بازوؤں میں کمزوری جیسی علامات پیدا ہو سکتی ہیں۔ جدید طرزِ زندگی نے اس مسئلے کو مزید سنگین بنا دیا ہے۔ دن بھر موبائل فون، لیپ ٹاپ اور کمپیوٹر استعمال کرنے سے گردن پہلے ہی دباؤ کا شکار ہوتی ہے، اور رات کو غلط تکیہ اس دباؤ کو کم کرنے کے بجائے کئی گنا بڑھا دیتا ہے۔ ڈاکٹر تاناکا کی تحقیق کے مطابق غلط زاویے میں سونے سے خون کی روانی بھی متاثر ہوتی ہے۔ جب عضلات تک مناسب مقدار میں خون نہیں پہنچ پاتا تو ان کی مرمت اور بحالی کا قدرتی عمل سست پڑ جاتا ہے، جس کے نتیجے میں درد دیرپا شکل اختیار کر لیتا ہے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ بہت سے افراد کو اپنی تکلیف کی اصل وجہ کا اندازہ ہی نہیں ہوتا۔ وہ سمجھتے ہیں کہ یہ درد بڑھتی عمر، ذہنی دباؤ یا کام کی زیادتی کا نتیجہ ہے، حالانکہ اصل مسئلہ ان کے بستر میں موجود ہوتا ہے۔ ڈاکٹر تاناکا اس بات پر زور دیتے ہیں کہ انسانی جسم ایک متوازن نظام ہے۔ جب ہم نیند جیسے بنیادی عمل میں اس توازن کو خراب کرتے ہیں تو جسم خاموشی سے اس کے نتائج برداشت کرتا رہتا ہے، یہاں تک کہ بیماری کی صورت میں ردعمل ظاہر کرتا ہے۔ یہ مسئلہ صرف بڑی عمر کے افراد تک محدود نہیں بلکہ نوجوان نسل بھی اس سے تیزی سے متاثر ہو رہی ہے۔ خاص طور پر وہ لوگ جو گھنٹوں بیٹھ کر کام کرتے ہیں یا مسلسل اسکرین کے سامنے رہتے ہیں، ان میں گردن اور کندھوں کے مسائل کم عمری میں ہی سامنے آرہے ہیں۔ نیند کا مقصد صرف آنکھیں بند کرنا نہیں بلکہ جسم اور دماغ کو مکمل آرام فراہم کرنا ہے۔ اگر نیند کے دوران ہی عضلات تناؤ میں رہیں تو نیند کا بنیادی مقصد ہی فوت ہو جاتا ہے اور جسم مسلسل تھکن کا شکار رہتا ہے۔ ڈاکٹر تاناکا کی تحقیق ہمیں مجبور کرتی ہے کہ ہم اپنی روزمرہ عادتوں پر نظر ثانی کریں۔ اکثر ہم چھوٹی چیزوں کو غیر اہم سمجھ کر نظر انداز کر دیتے ہیں، حالانکہ یہی معمولی چیزیں وقت کے ساتھ بڑے مسائل کی بنیاد بن جاتی ہیں۔ ایک عام سا تکیہ، جو ہر رات ہمارے سر کے نیچے ہوتا ہے، اگر جسمانی ساخت کے مطابق نہ ہو تو وہ خاموشی کے ساتھ صحت کو نقصان پہنچاتا رہتا ہے۔ اس نقصان کا احساس اس وقت ہوتا ہے جب درد معمول کی زندگی کو متاثر کرنے لگتا ہے۔ یہ تحقیق دراصل ایک سنجیدہ وارننگ ہے کہ سہولت اور عادت کے نام پر صحت سے سمجھوتہ کرنا دانشمندی نہیں۔ بستر، تکیہ اور سونے کا انداز ایسے عوامل ہیں جن پر توجہ دینا طویل المدت صحت کے لیے ناگزیر ہے۔ آخرکار یہ حقیقت واضح ہو جاتی ہے کہ درد اکثر اچانک پیدا نہیں ہوتا بلکہ برسوں کی لاپرواہی کا نتیجہ ہوتا ہے۔ ایک غلط تکیہ بھی وقت کے ساتھ گردن، کندھوں اور اعصابی نظام کو شدید متاثر کر سکتا ہے۔ ڈاکٹر تاناکا کی دریافت ہمیں یہ پیغام دیتی ہے کہ صحت کے تحفظ کے لیے شعور، احتیاط اور درست انتخاب ضروری ہیں۔ نیند کو واقعی آرام کا ذریعہ بنانا ہی ایک متوازن، فعال اور صحت مند زندگی کی بنیاد ثابت ہو سکتا ہے۔

حکومتِ پنجاب سے معذور افراد کی رمضان کے حوالے سے فریاد

تحریر: ایس طاہرہ جمیل

۔رمضان المبارک رحمت، مغفرت اور ہمدردی کا مہینہ ہے۔ یہ وہ مہینہ ہے جب ہر دل چاہتا ہے کہ سب لوگ سکھ، عزت اور سکون کے ساتھ روزہ رکھ سکیں لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ہمارے معاشرے کے معذور افراد آج بھی مہنگائی، بے روزگاری اور وسائل کی کمی کے باعث شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ معذوری ہماری کمزوری نہیں، مگر حالات ہمیں بے بس بنا دیتے ہیں۔ جب افطار کے وقت دسترخوان سادہ ہو، جب سحری کے لیے راشن پورا نہ ہو، جب دوائی اور بجلی کے بل میں سے ایک کا انتخاب کرنا پڑے تب دل صرف اللہ کے بعد حکومت کی طرف دیکھتا ہے۔ ہم حکومت پنجاب، خصوصاً محترم وزیرِ اعلیٰ پنجاب سے پُرخلوص اپیل کرتے ہیں کہ 1: رمضان المبارک میں معذور افراد کے لیے خصوصی ریلیف پیکیج 2: راشن، مالی امداد اور یوٹیلیٹی بلز میں رعایت 3: خصوصی رمضان امدادی پروگرام کا اعلان کیا جائے تاکہ ہم بھی باعزت طریقے سے اس بابرکت مہینے کی خوشیاں منا سکیں۔ یہ خیرات نہیں، یہ ہمارا حق ہے۔ آئیں اور ہمدرد وزیر اعلیٰ ہوتے ہوئے ہمارے مسائل کا مداوا کیجیے۔ آپکا ایک ہمدرد فیصلہ آپ کے لئے لاکھوں لوگوں کی دعا بن سکتا ہے۔ معذور افراد کو رمضان میں تنہا نہ چھوڑیں۔

لغوبات سے گریز کیجیے

ڈاکٹر یونس حسنی

مسلمانوں کے نزدیک شب و روز کے الٹ پھیر میں ان کے لیے پابندی نہیں بلکہ ایام کی یہ گردش انسانوں کے اعمال و افعال کی پابند اور ان کی سرگرمیوں کا مظہر ہوتی ہے۔ مسلمانوں کے لیے عید، بقرعید، رمضان کی طاق راتیں اور ان سے متعلق دن محترم قرار دیے گئے ہیں، ان دنوں میں عبادات کی خصوصی اہمیت ہے اور ان کا انداز اور منانے کا طریقہ بھی شریعت اسلامی میں متعین ہے۔ لہٰذا ان کی پیروی کرنا ضروری ہے۔

پاکستانی عوام من حیث القوم چند ایسے ایام بھی مناتے ہیں جو ایک طرف ان کے ملی تشخص کے آئینہ دار ہیں تو دوسری طرف پاکستان کے وجود میں آنے کی یادگار بھی ہیں، اس لیے 14 اگست کو یوم آزادی، 25 دسمبر کو پاکستانی مملکت کے خالق قائداعظم محمد علی جناح کے یوم پیدائش کو بھی اہتمام سے منایا جاتا ہے۔

ان ایام کو منانے کے آداب بھی ہیں، ان کی حدود بھی متعین ہیں اور انھی حدود میں رہ کر یہ ایام منائے جانے چاہئیں، لیکن اب ہم کچھ ایسے ایام کو بھی فوقیت دینے لگے ہیں جو اس کے مستحق نہیں، مثلاً یکم جنوری جو انگریزی سال کا پہلا دن ہے اور نئے سال کو اہتمام کے ساتھ منانے کا دراصل اہل مغرب کا طریقہ تھا، اگر سالوں کی آمد و رفت انسانی زندگی پر اثر انداز ہونے والی کوئی شے ہوتی تو بھی یکم محرم الحرام نئے سال کا دن قرار پاتا۔ مگر تقریباً صد سالہ سے زیادہ غلامی میں گزارے ہوئے دنوں کے طفیل اب ہم یکم جنوری کو جشن کے طور پر مناتے ہیں۔ اس کے علاوہ بھی چند ایام منائے جاتے ہیں جو مغربی تہذیب کا حصہ ہیں اور ان کا تعلق ہمارے دین سے ہے نہ ہماری روایات سے ہے۔

چلیے یہ بھی بطور بدعت گوارا کر لیں مگر اس جشن کو برپا کرنے کا جو انداز اب اختیار کیا گیا ہے، وہ خالصتاً غیر انسانی، فضول خرچی پر مبنی اور لوگوں کے لیے تکلیف کا باعث بن گیا ہے اور یہ جشن، جشن نہیں رہا بلکہ سالانہ ''قومی دردِ سر'' کا باعث ہے۔

ہوتا یوں ہے کہ 31 دسمبر کو غروب آفتاب کے ساتھ ہی گھر کی عورتوں، بچوں اور بزرگوں کے دل دھڑکنے لگتے ہیں کہ اب بارہ بجتے ہی شہر بھر میں ایک طوفان بدتمیزی برپا ہوگا۔ پٹاخوں کی آوازیں جو کانوں کو پھاڑ ڈالنے والی ہوتی ہیں، دیر تک جاری رہتی ہیں۔ چھوٹے بچے سہم جاتے ہیں، خواتین خوفزدہ ہوتی ہیں اور بوڑھے جان سے بےزار ہونے لگتے ہیں۔ یہ عمل ہر سال پابندی اور پوری ''وضع داری'' کے ساتھ دہرایا جاتا ہے۔ ذرائع ابلاغ اس سرگرمی کو دوسرے دن نمایاں کر کے شائع کرتے اور نشریاتی ادارے اس کی خبریں شائع کر کے اپنی خبرداری کا اظہار اور دوسروں کو باخبر رکھنے کے لیے کوشاں رہتے ہیں۔

ہر سال حکومت اس جشن کے بے معنی اور فضول جزو پر قابو پانے کے اقدامات کرتی، انھیں شائع کر کے عوام کو متنبہ بھی کرتی ہے مگر پرنالہ وہیں پر گرتا ہے۔ اس سال بھی حسب روایت شہر کے گلی، کوچے، دھماکوں اور فائرنگ سے گونج اٹھے۔ شہریوں کی بڑی تعداد جس میں منچلے نوجوان بھی شامل تھے نئے سال کا جشن منانے کے لیے کراچی کے ساحل سی ویو پر پہنچ گئے۔ رات کے بارہ بجتے ہی منچلے نوجوانوں نے ڈھول کی تھاپ پر رقص کیا اور ایک دوسرے سے گلے مل کر نئے سال کی مبارکباد دیتے رہے جب کہ پولیس کی جانب سے بھی سیکیورٹی کے سخت انتظامات دیکھنے میں آئے۔ نئے سال کی آمد میں ہی ہوائی فائرنگ، ہلڑ بازی، ون ویلنگ جیسے غیر قانونی اقدامات اس سے گریز کرنے کی ہدایات جاری کر دی گئیں۔ مگر ان ہدایات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے یہی تمام حرکات زور و شور کے ساتھ جاری رہیں۔

ڈسٹرکٹ سینٹرل نے ہوائی فائرنگ کرنے والوں کا پتا چلانے کے لیے ڈرون کی مدد بھی حاصل کی مگر سب بے سود رہا۔ گھنٹہ بھر کے قریب جاری رہنے والی فائرنگ کے نتیجے میں نامعلوم سمت سے آکر لگنے والی گولیوں سے 23 افراد کے زخمی ہونے کی تصدیق ہوئی ہے، مگر گولی نامعلوم سمت سے آئی اس لیے اس کا چلانے والا ابھی نامعلوم ہی رہا۔

یہ ہر سال کا معمول ہے۔ 2 جنوری کے اخبارات گولیوں کے زخم خوردہ افراد کی تعداد بتاتے ہیں، ظاہر ہے کہ اس جرم کے مجرم لاپتا ہوتے ہیں اور لاپتا مجرم کا پتا چلانا اور اسے گرفتار کرنا حکومت کی ذمے داری ہوتی ہے، اس لیے ان زخمیوں کے علاج معالجے کے اخراجات حکومت کے ذمے ہونا چاہئیں مگر کوئی نہیں پوچھتا، ان بے چاروں کا پرسان حال کوئی نہیں ہوتا۔

البتہ اس بار ایک خوش آیند خبر آئی ہے کہ اس بار گولی باری اور ممنوعہ قسم کے پٹاخوں کی گھن گرج کے دوران ناظم آباد پولیس نے چار افراد کو گرفتار کر لیا ہے۔ پولیس نے ملزمان کے قبضے سے 4 نائن ایم ایم پستول، لوڈ میگزین اور گولیاں برآمد کر لی ہیں۔ ان ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے ان کے خلاف قانونی کارروائی کا عمل شروع کر دیا گیا ہے۔

توقع ہے کہ آئندہ اس سے بہتر کارکردگی کا مظاہرہ ہو سکے گا تاکہ اس ''بے ہودہ'' انداز حسرت پر قابو پایا جا سکے۔ تہوار یا خوشی منانے کا طریقہ ہنگامہ آرائی یا بےہودگی نہیں ہوتی۔

وکلاء قیادت کی ذمے داری



ڈاکٹر توصیف احمد خان

سٹی کورٹ، کراچی میں ایک ٹک ٹاکر پر وکلاء کے تشدد سے انصاف دلانے والے کارکنوں کی ساکھ متاثر ہوئی ہے۔ عدالت کے احاطے میں اس طرح کے واقعات سے عدلیہ کی آزادی کی تحریک کو بھی دھچکا لگا۔ سندھ کے وزیر قانون ضیاء النجار جو سندھ بار کونسل کے رکن بھی ہیں، نے سندھ کے چیف جسٹس ظفر راجپوت کو ایک خط بھی لکھا ہے۔ سندھ بار کونسل کے قانون کے مطابق سندھ بار کونسل تشدد میں ملوث وکلاء کا لائسنس منسوخ کر سکتی ہے۔ تشدد میں ملوث وکلاء کے خلاف فوجداری مقدمات درج ہوئے مگر ہڑتال ہوگئی اور اب اطلاعات آئی ہیں کہ یہ معاملہ پنجاب بار کونسل تک پہنچ گیا ہے، البتہ ایک وکیل کا لائسنس معطل ہوا، مگر بار کی تاریخ شاہد ہے کہ وکلاء کے خلاف عموماً کارروائی نہیں ہوتی

-

وکلاء برادری کا اس ملک میں جمہوریت کی بحالی، آزاد عدلیہ اور بنیادی انسانی حقوق کے تحفظ کے تناظر میں تاریخی کردار رہا ہے۔ سندھ کے وکلاء نے صوبہ کے حقوق کے لیے بڑی جدوجہد کی ہے۔ جب 2007 میں سابق صدر پرویز مشرف نے اس وقت کے چیف جسٹس افتخار محمد چوہدری کو ان کے عہدے سے معزول کیا اور انھیں نظر بند کر دیا گیا تو پاکستان کے وکلاء نے اس وقت کے چیف جسٹس افتخار محمد چوہدری کی بحالی کے لیے تاریخی جدوجہد کی تھی۔ منیر اے ملک، بیرسٹر اعتزاز احسن، عاصمہ جہانگیر، رشید اے رضوی، علی احمد کرد اور حامد خان وغیرہ اس تحریک کو منظم کرنے والوں میں شامل تھے۔

اس تحریک کے دوران وکلاء کی قیادت سمیت پورے ملک سے سیکڑوں وکلاء گرفتار ہوئے تھے۔ جب جسٹس افتخار محمد چوہدری کراچی آئے تو کراچی میں مختلف مقامات پر فائرنگ سے 10 سے زائد افراد جاں بحق ہوئے۔ شہر کی تمام سڑکوں پر رکاوٹیں کھڑی کر دی گئی تھیں۔ افتخار چوہدری اور ان کے ساتھ آنے والے وکلاء کے کراچی میں داخلے پر پابندی لگا دی گئی تھی اور یہ قافلہ واپس اسلام آباد چلا گیا، یہ تحریک گاؤں گاؤں تک پہنچی تھی۔ اس زمانہ میں ٹی وی چینلز نے پہلی دفعہ وکلاء تحریک کو 24 گھنٹوں تک اپنی اسکرین پر جگہ دے کر رائے عامہ کو ہموار کرنے میں بنیادی کردار ادا کیا تھا۔ ٹیلی وژن چینلز کا کسی عوامی تحریک کو اجاگر کرنے کا یہ پہلا موقع تھا۔ بہرحال انھیں حالات میں دسمبر 2007 میں بے نظیر بھٹو راولپنڈی میں شہید ہوئیں۔ ملک میں عام انتخابات منعقد ہوئے۔ پیپلز پارٹی کے رہنما یوسف رضا گیلانی وزیر اعظم کے عہدے پر فائز ہوئے۔

پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ ن کے مابین ججوں کی بحالی کے بارے میں مری میں ایک معاہدہ ہوا تھا۔ اس معاہدے کے تحت تمام جماعتیں پرویز مشرف کے مواخذے پر متفق ہوئی تھیں۔ سابق وزیراعظم میاں نواز شریف نے چیف جسٹس افتخار چوہدری کی بحالی کے لیے لاہور سے اسلام آباد مارچ شروع کیا مگر یہ مارچ گوجرانوالہ پہنچا تھا کہ جسٹس افتخار چوہدری کی بحالی کی خبر آگئی۔ اگرچہ یہ تحریک عدلیہ کی آزادی کے لیے چلائی گئی تھی مگر معاملہ صرف جسٹس افتخار چوہدری اور ان کے ساتھی چند ججز کی بحالی تک محدود رہا۔ انھوں نے روزانہ فیصلوں کے ذریعے ایک متوازی حکومت قائم کر لی۔ اب پورے ملک میں وکلاء منظم گروہوں کی صورت میں نظر آنے لگے۔ المیہ یہ ہوا کہ یہ وکلاء جمہوری کلچر کو قبول نہ کرسکے۔

وکلاء نے اب ماتحت عدالتوں میں دباؤ ڈال کر اپنی مرضی کے فیصلے کرانے کی کوشش شروع کر دی۔ ایک وقت ایسا آیا کہ ماتحت عدلیہ نے عدالتی کام جاری رکھنے سے انکار کر دیا۔ پنجاب ہائی کورٹ کے اس وقت کے چیف جسٹس صاحبان نے بڑی مشکل سے حالات کو بحال کیا۔ تحریک انصاف کے دور میں وکلاء گردی کا بدترین مظاہرہ سیکڑوں وکلاء کا لاہور کے امراض قلب کے اسپتال پر دھاوا بولنا تھا۔ اخبارات میں اس واقعے کی جو رپورٹیں شائع ہوئی تھیں ان سے اندازہ ہوتا ہے کہ وکلاء جن میں خواتین وکلاء بھی شامل تھے، اسپتال کے آپریشن تھیٹر میں داخل ہوگئے اور وہاں توڑ پھوڑ کی۔

کئی وکلاء کے خلاف مقدمات بھی قائم ہوئے۔ بانی پی ٹی آئی کے بھتیجے جو لندن سے بیرسٹری کی سند لے کر آئے تھے ان وکلاء میں شامل تھے۔ لاہور پولیس نے اس مقدمہ میں بہت سے وکلاء کو گرفتار کیا تھا مگر پھر سارے وکلاء رہا ہوگئے۔ سب سے بڑی بدقسمتی کی بات ہے کہ وکلاء کی قیادت جو عدالتوں میں قانون کی بالادستی کے لیے روز دلائل دیتی تھی، اس موقع پر خاموش رہی بلکہ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ کچھ سینئر وکلاء نے امراض قلب کے اسپتال پر حملے کو اس بات پر درست قرار دیا تھا کہ اس اسپتال کے ڈاکٹروں نے وکیلوں کی بےعزتی کی تھی۔

پورے معاشرے کی طرح وکلاء برادری میں بھی مذہبی انتہا پسندی شدت اختیار کر گئی، یوں ان کے مذہبی بیانیے سے انحراف کرنے والے افراد ان وکلاء کی نفرت کا شکار ہونے لگے۔ عجیب بات یہ ہے کہ جب بھی بار ایسوسی ایشن کے انتخابات ہوتے ہیں تو جو امیدوار کامیاب ہوتے ہیں ان کے حامی ہوائی فائرنگ کرتے ہیں۔ فائرنگ کرنے والوں میں خواتین وکلاء بھی شامل ہوتی ہیں اور یہ لوگ بڑے فخر سے سوشل میڈیا کے پلیٹ فارم پر ان وڈیوز کو اپ لوڈ کرتے ہیں۔ ایک سینئر وکیل کا کہنا ہے کہ اس صورتحال کی ذمے داری وکلاء تحریک کے قائدین پر عائد ہوتی ہے۔ محض انتخابات میں کامیابی کے لیے ایسے عناصر کی حوصلہ افزائی کی گئی، یوں یہ گروہ پریشر گروپ کی صورت اختیار کر گئے ہیں۔ یہ پریشر گروپ بار کے انتخابات میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

محض پریشر گروپ ہونے کی وجہ سے ان کے خلاف کوئی کارروائی نہیں ہوتی۔ ایک سینئر صحافی کا کہنا ہے کہ کراچی بار نے آئین کی بحالی کے لیے تاریخی جدوجہد کی ہے۔ اس واقعے سے بار کا تشخص متاثر ہوا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ سندھ بار کونسل کو اس واقعے کا نوٹس لینا چاہیے۔ ایک اور صحافی کا کہنا تھا کہ آئے دن وکلاء خود فریق بن کر اسی طرح پرائیوٹ سائلین پر عدالتوں کے احاطوں میں حملہ آور ہوں گے تو ان کی عزت میں بے پناہ کمی ہوگی۔ ان تمام تر تبصروں کے بعد یہ حقیقت روزِ روشن کی طرح اجاگر ہے کہ جو وکلاء وکیلوں کی قیادت کرنا چاہتے ہیں، ان کی یہ ذمے داری ہے کہ اپنے ساتھیوں کو برداشت اور جمہوری کلچر سے روشناس کرائیں اور اگر کوئی وکیل قانون شکنی کا مرتکب ہو، تو اس کی حمایت نہ کی جائے۔

سٹی کورٹ، کراچی میں ایک ٹک ٹاکر پر وکلاء کے تشدد سے انصاف دلانے والے کارکنوں کی ساکھ متاثر ہوئی ہے۔ عدالت کے احاطے میں اس طرح کے واقعات سے عدلیہ کی آزادی کی تحریک کو بھی دھچکا لگا۔ سندھ کے وزیر قانون ضیاء النجار جو سندھ بار کونسل کے رکن بھی ہیں، نے سندھ کے چیف جسٹس ظفر راجپوت کو ایک خط بھی لکھا ہے۔ سندھ بار کونسل کے قانون کے مطابق سندھ بار کونسل تشدد میں ملوث وکلاء کا لائسنس منسوخ کر سکتی ہے۔ تشدد میں ملوث وکلاء کے خلاف فوجداری مقدمات درج ہوئے مگر ہڑتال ہوگئی اور اب اطلاعات آئی ہیں کہ یہ معاملہ پنجاب بار کونسل تک پہنچ گیا ہے، البتہ ایک وکیل کا لائسنس معطل ہوا، مگر بار کی تاریخ شاہد ہے کہ وکلاء کے خلاف عموماً کارروائی نہیں ہوتی

-

وکلاء برادری کا اس ملک میں جمہوریت کی بحالی، آزاد عدلیہ اور بنیادی انسانی حقوق کے تحفظ کے تناظر میں تاریخی کردار رہا ہے۔ سندھ کے وکلاء نے صوبہ کے حقوق کے لیے بڑی جدوجہد کی ہے۔ جب 2007 میں سابق صدر پرویز مشرف نے اس وقت کے چیف جسٹس افتخار محمد چوہدری کو ان کے عہدے سے معزول کیا اور انھیں نظر بند کر دیا گیا تو پاکستان کے وکلاء نے اس وقت کے چیف جسٹس افتخار محمد چوہدری کی بحالی کے لیے تاریخی جدوجہد کی تھی۔ منیر اے ملک، بیرسٹر اعتزاز احسن، عاصمہ جہانگیر، رشید اے رضوی، علی احمد کرد اور حامد خان وغیرہ اس تحریک کو منظم کرنے والوں میں شامل تھے۔

اس تحریک کے دوران وکلاء کی قیادت سمیت پورے ملک سے سیکڑوں وکلاء گرفتار ہوئے تھے۔ جب جسٹس افتخار محمد چوہدری کراچی آئے تو کراچی میں مختلف مقامات پر فائرنگ سے 10 سے زائد افراد جاں بحق ہوئے۔ شہر کی تمام سڑکوں پر رکاوٹیں کھڑی کر دی گئی تھیں۔ افتخار چوہدری اور ان کے ساتھ آنے والے وکلاء کے کراچی میں داخلے پر پابندی لگا دی گئی تھی اور یہ قافلہ واپس اسلام آباد چلا گیا، یہ تحریک گاؤں گاؤں تک پہنچی تھی۔ اس زمانہ میں ٹی وی چینلز نے پہلی دفعہ وکلاء تحریک کو 24 گھنٹوں تک اپنی اسکرین پر جگہ دے کر رائے عامہ کو ہموار کرنے میں بنیادی کردار ادا کیا تھا۔ ٹیلی وژن چینلز کا کسی عوامی تحریک کو اجاگر کرنے کا یہ پہلا موقع تھا۔ بہرحال انھیں حالات میں دسمبر 2007 میں بے نظیر بھٹو راولپنڈی میں شہید ہوئیں۔ ملک میں عام انتخابات منعقد ہوئے۔ پیپلز پارٹی کے رہنما یوسف رضا گیلانی وزیر اعظم کے عہدے پر فائز ہوئے۔

پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ ن کے مابین ججوں کی بحالی کے بارے میں مری میں ایک معاہدہ ہوا تھا۔ اس معاہدے کے تحت تمام جماعتیں پرویز مشرف کے مواخذے پر متفق ہوئی تھیں۔ سابق وزیراعظم میاں نواز شریف نے چیف جسٹس افتخار چوہدری کی بحالی کے لیے لاہور سے اسلام آباد مارچ شروع کیا مگر یہ مارچ گوجرانوالہ پہنچا تھا کہ جسٹس افتخار چوہدری کی بحالی کی خبر آگئی۔ اگرچہ یہ تحریک عدلیہ کی آزادی کے لیے چلائی گئی تھی مگر معاملہ صرف جسٹس افتخار چوہدری اور ان کے ساتھی چند ججز کی بحالی تک محدود رہا۔ انھوں نے روزانہ فیصلوں کے ذریعے ایک متوازی حکومت قائم کر لی۔ اب پورے ملک میں وکلاء منظم گروہوں کی صورت میں نظر آنے لگے۔ المیہ یہ ہوا کہ یہ وکلاء جمہوری کلچر کو قبول نہ کرسکے۔

وکلاء نے اب ماتحت عدالتوں میں دباؤ ڈال کر اپنی مرضی کے فیصلے کرانے کی کوشش شروع کر دی۔ ایک وقت ایسا آیا کہ ماتحت عدلیہ نے عدالتی کام جاری رکھنے سے انکار کر دیا

SAP کا یہ جدید خودکار نظام تمام ٹیکسز کی کٹوتی از خود کرتا ہے

آل سیکرٹریٹ ایمپلائز ایسوسی ایشن کی جانب سے محکمہ حسابات کے خلاف احتجاج

سیکریٹ ایمپلائز ایسوسی ایشن کے صدر شریف اعوان اس احتجاج کی آڑ میں محکمہ حسابات کے افسران و ملازمین پر دباؤ ڈالنے کی کوشش کر رہے ہیں

مظفرآباد(بیورو رپورٹ) آل سیکرٹریٹ ایمپلائز ایسوسی ایشن کی جانب سے محکمہ حسابات کے خلاف احتجاج اور لانگ مارچ کے اعلان پر محکمہ حسابات آزاد جموں وکشمیر کے ملازمین کی نمائندہ تنظیم اکاؤنٹس ویلفیئر ایسوسی ایشن آزاد جموں وکشمیر نے اپنا مؤقف جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ سیکریٹ ایمپلائز ایسوسی ایشن کے صدر شریف اعوان اس احتجاج کی آڑ میں محکمہ حسابات کے افسران و ملازمین پر دباؤ ڈالنے کی کوشش کر رہے ہیں تاکہ حال ہی میں سیکرٹریٹ ملازمین کے سپیشل الاؤنس کے بقایاجات کی ادائیگی سے متعلق حکومتی نوٹیفکیشن کے تحت تقریباً تین ارب روپے کے بلات میں انکم ٹیکس کی کٹوتی سے استثنیٰ حاصل کیا جاسکے۔ اکاؤنٹس ویلفیئر ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری سید شجاعت علی کاظمی نے وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ حسابات میں تمام ادائیگیاں آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر اور کنٹرولر جنرل آف اکاؤنٹس آزاد کشمیر کی جانب سے جاری کردہ طریقہ کار کے مطابق SAP سسٹم اور جدید ایم پی جی (MPG) کے تحت براہ راست متعلقین کے بنک اکاؤنٹ میں یقینی بنائی جاتی ہیں۔ انہوں کہا SAP کا یہ جدید خودکار نظام تمام ٹیکسز کی کٹوتی از خود کرتا ہے، جس میں کسی قسم کی تبدیلی ممکن نہیں۔ انہوں نے کہا کہ سیکرٹریٹ ایمپلائز ایسوسی ایشن کی اس احتجاج کی آڑ میں یہ خواہش کہ تین ارب روپے کے بقایاجات کی ادائیگیاں سسٹم سے ہٹ کر کی جائیں، خلاف قواعد اور ریاستی مفاد کے منافی ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ محکمہ حسابات کے افسران واہلکار گزشتہ ایک ہفتہ سے جملہ محکموں کی ادائیگیوں میں تیزی لانے کے لیے معمول کے اوقات کار کے بعد بھی خدمات انجام دے رہے ہیں، جبکہ ہفتہ اور اتوار کی تعطیلات بھی منسوخ رہیں تاکہ زیادہ سے زیادہ ادائیگیاں یقینی بنائی جاسکیں۔ اس کے باوجود آل سیکرٹریٹ ایمپلائز ایسوسی ایشن کے صدر کی جانب سے محکمہ حسابات کے خلاف احتجاج کی کال دینا ناقابل فہم ہے۔ انہوں نے اس بات کی بھی مذمت کی کہ بغیر کسی ثبوت کے محکمہ حسابات کے افسران کے خلاف سوشل میڈیا اور اخبارات میں بیانات جاری کر کے ان کی پیشہ ورانہ ساکھ کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی جا رہی ہے، جس پر محکمہ حسابات کے افسران و ملازمین شریف اعوان کے خلاف قانونی چارہ جوئی کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ محکمہ حسابات کے ملازمین نے اس سلسلے میں اکاؤنٹنٹ جنرل آزاد جموں وکشمیر کو اپنے تحفظات اور قانونی مؤقف سے آگاہ کر دیا

انجمن شہریان (رجسٹرڈ) جہلم کے انتخابات سال 2027-2026 کے مراحل مکمل نئے عہدیداران کا اعلان

پیر ہاؤس کے زیر اہتمام جشن مولود کعبہ کے حوالے سے محفل کا انعقاد

مولا علی سرکار افضلیت کے امیدوار نہیں بلکہ افضلیت کا معیار و نصاب ہیں۔ سجادہ نشین بری امام سرکار

اسلام آباد(پ ر) پیر ہاس بری امام سرکار کے زیر اہتمام ہر سال کی طرح اس سال بھی جشن ولادت وصی رسول اخی رسول شیر خدا مولا علی علیہ السلام کا جشن ظہور پرنور بھرپور طریقہ سے منایا جس میں عقیدت مندوں نے بھرپور شرکت کی۔ قوال حضرات کے علاوہ ثنا خوانوں نے اپنا اپنا نظرانہ عقیدت پیش کیا۔ چراغ بری امام سرکار آل رسول خون بتول اولاد علی قبلہ پیر سید حیدر علی گیلانی صاحب نے خصوصی خطاب میں فرمایا مولا علی سرکار افضلیت کے امیدوار نہیں بلکہ افضلیت کا معیار و نصاب ہیں۔ محفل میں 72 پاؤنڈ کا کیک کاٹا گیا۔ کیک کشاء کے بعد سجادہ نشین دربار حضرت بری امام سرکار مرکزی صدر قومی امن کمیٹی پاکستان وعلا مشائخ ونگ کے صدر قبلہ پیر سید محمد علی گیلانی صاحب نے ملک پاکستان افواج پاکستان و اہل ایمان کی سلامتی کی دعا فرمائی۔ آخر میں لنگر پنجتنی تقسیم کیا گیا۔ یہ محفل میلاد شریف سر سید میموریل حال ایمبیسی روڈ اسلام آباد میں منعقد کی گئی

انجمن شہریان (رجسٹرڈ) جہلم کے انتخابات سال 2027-2026 کے مراحل مکمل نئے عہدیداران کا اعلان

انجمن کی روایت خدمت اور مشن کو آگے بڑھائیں گے اور شہر کے شہری مسائل کے حل کے لیے بھرپور جدوجہد رکھیں گے

الیکشن کمیٹی کے مطابق انتخابی عمل شفاف انداز میں مکمل کیا گیا جس میں ممبران نے بھرپور دلچسپی لی اور جوش وخروش سے حصہ لیا

جہلم (شیخ زلفی) انجمن شہریان) رجسٹرڈ (جہلم کے سال 2027-2026 کے لیے انتخابات مکمل ہو گئے انتخابی عمل میں 06_01_2026 جنوری بروز منگل دن تین 3 بجے تک شہر کے مقامی ہوٹل میں کاغزات نامزدگی جمع کروانے کا اہتمام کیا گیا تھا راجہ محمد شاہد نے اپنے پینل کے ہمراہ کاغزات نامزدگی چیئرمین الیکشن کمیشن کو جمع کروائے وقت مقررہ کے آدھا گھنٹے بعد بھی جب مدمقابل کسی فرد نے کاغزات جمع نہیں کروائے تو چیئرمین الیکشن کمیشن حاجی ظہور عالم بٹ نے راجہ شاہد کے پینل کو بلا مقابلہ قرار کامیاب قرار دیا اس طرح 2026_2027 کے لیئے راجہ محمد شاہد کا پینل بلا مقابلہ کامیاب قرار پایا انتخابی مراحل خوش اسلوبی نظم وضبط اور باہمی اتفاق رائے سے شفاف اور منظم انداز میں پایہ تکمیل تک پہنچا الیکشن کمیٹی کے مطابق انتخابی عمل شفاف انداز میں مکمل کیا گیا جس میں ممبران نے بھرپور دلچسپی لی اور جوش وخروش سے حصہ لیا الیکشن کمیٹی کے زیر نگرانی بلا مقابلہ انتخابات میں انجمن کے آئین وضوابط نتائج کے مطابق منتخب ہونے والے نئے عہدیداران کے ناموں کا باقاعدہ اعلان کر دیا گیا جس میں صدر راجہ محمد شاہد نائب صدر اخلاق احمد سینئیر نائب صدر راجہ رضوان سرپرست چوہدری محمد عارف سرپرست ناہید خان چیئرمین حاجی ظہور عالم بٹ چئرمین مجلس عاملہ شیخ ذوالفقار علی کاشف زلفی نوید علی شیخ مظفر عجب خان حاجی اصغر وغیرہ جنرل سیکرٹری چوہدری عمران شہزاد فنانس سیکرٹری شیخ زاہد علی انفارمیشن سیکرٹری فضل حسین خان رابطہ سیکرٹری محمد شیر خان تقریب اعلان نتائج میں معزز ممبران سماجی شخصیات اور سابقہ عہدیداران اور دیگر صدور نے شرکت کی اس موقع پر نو منتخب عہدیداران نے شکریہ ادا کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ انجمن کی روایت خدمت اور مشن کو آگے بڑھائیں گے اور شہر کے شہری مسائل کے حل کے لیے بھرپور جدوجہد رکھیں گے انجمن شہریان) رجسٹرڈ (جہلم وہ واحد انجمن ہے جو بلا تفریق عوامی۔ مسائل کو ان کے متعلقہ اداروں کو پہنچاتے ہیں اس انجمن کے علاوہ کوء بھی انجمن شہریان نہیں ہے آخر میں تمام شرکا نے پرامن انتخابی عمل پر اطمینان کا اظہار کیا اور نو منتخب ٹیم کو نیک تمناں کے ساتھ مبارکباد دی پروگرام کے اختتام پر ملک وقوم اور پاک فوج کی سلامتی کے لیئے دعا کی گئی

پرائس کنٹرول مجسٹریٹ چوہدری شفقت محمود تحصیلدار فتح جنگ عوامی شکایات پر فتح جنگ میں ہوٹلوں، بیکریوں، میڈیکل سٹوروں اور سبزی فروٹ کی دکانوں پر اچانک چھاپے مار کر دکانداروں کو جرمانے، وارننگ اور کچھ کو سیل کر رہے ہیں

تحصیلدار و پرائس کنٹرول مجسٹریٹ چوہدری شفقت محمود نے مختلف علاقوں میں اچانک چھاپے مارے

خراب سبزیاں و پھل اور غیر معیاری کھانے پینے کی اشیا برآمد ہوئیں جنہیں موقع پر ہی تلف کر دیا گیا

فتح جنگ(بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے وژن، کمشنر راولپنڈی، ڈپٹی کمشنر اٹک را عاطف رضا، اے سی فتح جنگ کی ہدایات پر تحصیلدار و پرائس کنٹرول مجسٹریٹ چوہدری شفقت محمود نے فتح جنگ کے مختلف علاقوں میں ہوٹلوں، بیکریوں، میڈیکل اسٹورز، سبزی اور فروٹ شاپس پر اچانک چھاپے مارے۔ کارروائی کے دوران زائد المیعاد ادویات، خراب سبزیاں و پھل اور غیر معیاری کھانے پینے کی اشیا برآمد ہوئیں جنہیں موقع پر ہی تلف کر دیا گیا۔ کارروائی میں متعدد دکانیں سیل کی گئیں جبکہ قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے دکانداروں پر بھاری جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ میڈیکل اسٹورز پر ایکسپائر ادویات رکھنے اور ریکارڈ مکمل نہ ہونے پر سخت نوٹس لیا گیا، جبکہ ہوٹلوں اور بیکریوں میں ناقص صفائی اور غیر معیاری اشیا کی فروخت پر قانونی کارروائی کی گئی۔ چوہدری شفقت محمود نے کہا کہ عوام کی صحت سے کسی قسم کا کھلواڑ برداشت نہیں کیا جائے گا اور مستقبل میں بھی ایسے اچانک معائنے اور کارروائیاں جاری رہیں گی تاکہ شہریوں کو معیاری اور محفوظ اشیائے خوردونوش اور ادویات کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے۔

اسلام آباد پیر ہاؤس بری امام سرکار کے زیر اہتمام جشن ولادت وصی رسول اخی رسول شیر خدا مولا علی علیہ السلام کا جشن ظہور پرنور کے موقع پر سجادہ نشین دربار بری امام سرکار پیر سید حیدر علی گیلانی خطاب کر رہے جبکہ صدر قومی امن کمیٹی پاکستان وعلما مشائخ ونگ پیر سید محمد علی گیلانی پیر سید زین الحسن گیلانی پیر سید غوث الحسن گیلانی پیر سید امام علی گیلانی سٹیج پر بیٹھے ہیں

جدید حربی چیلنجز سے مؤثر طور پر نمٹنے کے لیے بنگلہ دیش ایئر فورس کو مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی

چیف آف دی ایئر اسٹاف بنگلہ دیش ایئر فورس کی سربراہ پاک فضائیہ سے ملاقات

ایئر چیف نے اس بات کا اعادہ کیا کہ پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان گہرے مذہبی اور تاریخی تعلقات قائم ہیں جو دونوں برادر ممالک کی افواج کے مابین مثالی عسکری تعاون کا مظہر ہیں

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر) چیف آف دی ایئر سٹاف، بنگلہ دیش ایئر فورس، ایئر چیف مارشل حسن محمود خان کی قیادت میں اعلیٰ سطحی دفاعی وفد نے ایئر ہیڈکوارٹرز، اسلام آباد میں سربراہ پاک فضائیہ، ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو سے اہم ملاقات کی۔ یہ ملاقات دونوں فضائی افواج کے مابین آپریشنل تعاون اور ادارہ جاتی ہم آہنگی کو مزید مستحکم بنانے کے سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے۔ ملاقات کے دوران دونوں سربراہان نے باہمی تعاون کے وسیع امکانات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا، جس میں بالخصوص تربیتی مشقوں اور ایرو سپیس صنعت میں پیش رفت کے شعبوں میں اشتراک پر زور دیا گیا۔ ایئر ہیڈکوارٹرز آمد پر پاک فضائیہ کے چاق و چوبند دستے نے ایئر چیف مارشل حسن محمود خان کو گارڈ آف آنر پیش کیا۔ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے معزز مہمان کا پرتپاک استقبال کیا اور انہیں پاک فضائیہ کی حالیہ پیش رفت اور جدید صلاحیتوں کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ ایئر چیف نے اس بات کا اعادہ کیا کہ پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان گہرے مذہبی اور تاریخی تعلقات قائم ہیں جو دونوں برادر ممالک کی افواج کے مابین مثالی عسکری تعاون کا مظہر ہیں۔ انہوں نے جدید حربی چیلنجز سے مؤثر طور پر نمٹنے کے لیے بنگلہ دیش ایئر فورس کو مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ ایئر چیف نے اس امر پر زور دیا کہ پاک فضائیہ بنگلہ دیش ایئر فورس کے کیڈٹس اور پائلٹس کے لیے بنیادی سے لے کر اعلیٰ سطحی ٹریننگ کے وسیع مواقع فراہم کرے گی مزید برآں پاکستان ایئر فورس کے مختلف تربیتی اداروں میں بنگلہ دیش ایئر فورس کے اہلکاروں کے لیے خصوصی تربیتی سہولیات بھی مہیا کی جائیں گی۔ بنگلہ دیش ایئر فورس کی تربیتی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ایئر چیف نے اس امر کا اعادہ کیا کہ سپر مشاق تربیتی طیاروں کی فراہمی کے عمل کو تیز کیا جائے گا اور اس سلسلے میں پاک فضائیہ مکمل تربیتی نظام کی فراہمی کو بھی یقینی بنائے گی تاکہ طیاروں کی بروقت شمولیت، بہترین عملی تیاری اور طویل المدتی معاونت کو یقینی بنایا جاسکے۔ بنگلہ دیش ایئر فورس کے سربراہ نے پی اے ایف کے شاندار حربی ریکارڈ اور مسلسل عملی برتری کو سراہا۔ انہوں نے پاک فضائیہ کے وسیع عملی تجربے اور پیشہ ورانہ مہارت سے استفادہ حاصل کرنے میں بھی گہری دلچسپی ظاہر کی۔ بنگلہ دیش ایئر فورس کے چیف نے پی اے ایف کے مسلسل تعاون پر شکریہ ادا کرتے ہوئے اپنی فضائیہ کے فضائی بیڑے کی تعمیر نو کے لیے معاونت کی خواہش کا اظہار کیا۔ انہوں نے بنگلہ دیش ایئر فورس کے ایئر ڈیفنس کے نظام کو مستحکم بنانے اور دفاعی صلاحیتوں میں اضافے کے لیے ایئر ڈیفنس ریڈار سسٹمز کے انضمام میں پاکستان ایئر فورس کی معاونت بھی طلب کی۔ دونوں سربراہان کے مابین جے ایف 17-تھنڈر طیاروں پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال ہوا جو دفاعی تعاون کے فروغ اور طویل المدتی شراکت داری کے روشن امکانات کی عکاسی کرتا ہے۔ بنگلہ دیشی ایئر چیف نے نیشنل ایرو اسپیس سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پارک میں موجود جدید تکنیکی انفراسٹرکچر کو سراہا اور بالخصوص آئی ایس آر، سائبر، خلائی ٹیکنالوجی، الیکٹرانک وارفیئر اور بغیر پائلٹ فضائی نظام کے شعبوں میں قائم جدید ترین سہولیات کو قابل تحسین قرار دیا۔

باری امام مزار - (2026) آپ جانے سے پہلے آپ کو جاننے کی ضرورت ہے، پیر علی شاہ

باری امام) پیر علی شاہ (ایک محبوب روحانی پیشوا ہیں جن کی میراث ان کے مزار پر برکتوں اور روحانی تسکین کے لیے زائرین کو کھینچتی رہتی ہے

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر) باری امام مزار - (2026) آپ جانے سے پہلے آپ کو جاننے کی ضرورت ہے ... پیر علی شاہ، جسے باری امام) حضرت پیر سید عبداللطیف کاظمی (کے نام سے بھی جانا جاتا ہے، 17ویں صدی کے ایک قابل احترام صوفی بزرگ، اسلام آباد کے سرپرست بزرگ تھے، جو تپسیا، معجزات، اور اپنے خطہ میں امن اور محبت پھیلانے کے لیے مشہور تھے۔ نور پور شاہان، اسلام آباد میں واقع ہے، جو عقیدت مندوں کے لیے ایک اہم زیارت گاہ ہے، خاص طور پر اس کے سالانہ عرس کے موقع پر۔ باری امام کے اہم پہلو: نام: پیر سید عبداللطیف کاظمی قادری۔ عنوان: "باری امام" "عظیم امام" (یا "باری سرکار)" "عظیم آقا" (۔ دور: 17ویں صدی 1705-1617) زندہ (۔ تعلیمات: صوفی اصولوں، محبت، رواداری، اور انسانیت کی خدمت کو فروغ دیا، بنیادی طور پر زبانی روایت کے ذریعے۔ معجزات: پتھروں سے پانی بہنے اور مردہ بھینسوں کو زندہ کرنے کے لیے جانا جاتا ہے، لوگوں کو اسلام کی طرف لے جاتا ہے۔ مزار) درگاہ :(نور پور شاہان، اسلام آباد میں ایک اہم روحانی مقام، جسے شہنشاہ اورنگزیب نے تعمیر کیا تھا، جس میں چاندی کے عکس والے مخصوص ڈھانچے تھے۔ اہمیت: تصوف کی ایک بڑی شخصیت، اپنے عرس) یوم وفات (کی تقریبات کے لیے خاص طور پر سنی اور شیعہ مسلمانوں میں مقبول ہے۔ خلاصہ یہ کہ باری امام) پیر علی شاہ (ایک محبوب روحانی پیشوا ہیں جن کی میراث ان کے مزار پر برکتوں اور روحانی تسکین کے لیے زائرین کو کھینچتی رہتی ہے۔

ایڈیشنل اے جی وقار ہمدانی کو نشانہ بنا کر ریاستی رٹ کو للکارا گیا

اے جی آفس میں بدعنوان مافیا کا کھلا چیلنج، قانون پسند افسران کے خلاف منظم حملہ

اصل مسئلہ گو ہمدانی گو نہیں بلکہ گو کرپشن گو ہے، اور اگر ریاست کو مضبوط بنانا ہے تو دیانتدار افسران کی پشت پر کھڑا ہونا ناگزیر ہو چکا

مظفرآباد(خبر نگار خصوصی) اے جی آفس میں بدعنوان مافیا کا کھلا چیلنج، قانون پسند افسران کے خلاف منظم حملہ ایڈیشنل اے جی وقار ہمدانی کو نشانہ بنا کر ریاستی رٹ کو للکارا گیا، گو ہمدانی گو کے نعرے دراصل احتساب سے فرار کی کوشش قرار آزاد کشمیر کے اکاؤنٹنٹ جنرل) اے جی (آفس مظفرآباد میں بدعنوانی کے خلاف کارروائیاں کرنے والے قانون پسند افسران کے خلاف ایک بار پھر مافیا متحرک ہو گیا۔ بدعنوان عناصر نے ایڈیشنل اکاؤنٹنٹ جنرل وقار ہمدانی کے خلاف منظم مہم چلاتے ہوئے نازیبا نعروں، الزامات اور اشتعال انگیز رویے کے ذریعے نہ صرف ایک ذمہ دار افسر کی ساکھ کو نشانہ بنایا بلکہ ریاستی قانون اور نظم وضبط کو بھی کھلے عام چیلنج کر دیا۔ میڈیا انوسٹی گیشن رپورٹ کے مطابق بدعنوان مافیا نے ملازمین کو حکومت کے خلاف اکسانے، ہاؤس بلڈنگ ایڈوانس (HBA) اور جنرل پروویڈنٹ فنڈ (GPF) کی غیر قانونی ادائیگیوں کو جواز دینے کے لیے پنشنرز اور بیواؤں کے ناموں کا بے دریغ استعمال کیا۔ حیران کن امر یہ ہے کہ ہر بل پر کمیشن وصول کرنے والے عناصر خود کو مظلوم ظاہر کر کے شور مچاتے نظر آئے اور احتساب سے بچنے کے لیے احتجاج کو بطور ہتھیار استعمال کیا۔ بدعنوان عناصر کی جانب سے مرکزی ایوان صحافت تک ریلی نکالی گئی، جس میں گو ہمدانی گو اور گو مافیا گو جیسے نعرے فضا میں گونجتے رہے، جبکہ قانون نافذ کرنے والے ادارے تماشائی بنے رہے۔ یہ صورتحال اس امر کی غمازی کرتی ہے کہ منظم مافیا کس طرح دباؤ، ہنگامہ آرائی اور کردار کشی کے ذریعے قانون کی عملداری کو کمزور کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ دوسری جانب، ایڈیشنل اے جی وقار ہمدانی کی شہرت ایک قانون دوست، دیانتدار اور فرائض منصبی کے پابند افسر کے طور پر قائم ہے۔ میڈیا انوسٹیگیشن ٹیم کا کہنا ہے کہ انہوں نے غیر قانونی ادائیگیوں، جعلی کلیمز اور کمیشن سسٹم کے خلاف سخت مؤقف اختیار کیا، جس کے نتیجے میں مافیا کے مفادات کو شدید نقصان پہنچا۔ یہی وجہ ہے کہ احتساب سے خوفزدہ عناصر نے ذاتیات پر اترتے ہوئے نازیبا الزامات کی بھرمار کر دی۔ باشعور حلقوں کا کہنا ہے کہ اگر آج وقار ہمدانی جیسے افسران کو تنہا چھوڑ دیا گیا تو کل کوئی بھی دیانتدار افسر بدعنوانی کے خلاف کھڑا ہونے کی جرات نہیں کر سکے گا۔ انہوں نے حکومتِ آزاد کشمیر، چیف سیکرٹری اور اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ واقعے کا شفاف اور غیر جانبدارانہ نوٹس لیا جائے بدعنوان مافیا کے سرغنوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے اور قانون پسند افسران کو مکمل سرکاری تحفظ فراہم کیا جائے عوامی حلقوں کے مطابق اصل مسئلہ گو ہمدانی گو نہیں بلکہ گو کرپشن گو ہے، اور اگر ریاست کو مضبوط بنانا ہے تو دیانتدار افسران کی پشت پر کھڑا ہونا ناگزیر ہو چکا ہے۔

چیف آف دی ایئر اسٹاف بنگلہ دیش ایئر فورس کی سربراہ پاک فضائیہ سے ملاقات

جدید سہولیات کا منصوبہ ضلع بھر کے نوجوانوں اور عوام کے لیے ایک بڑا تحفہ ہے، راجہ شیراز کیانی

جہلم(بیورو رپورٹ) جہلم وائس چیئرمین پرائس کنٹرول کمیٹی راجہ کامران حیات، معروف قانون دان راجہ شیراز کیانی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ مشیر صحت پنجاب جنرل راظہر محمود کیانی، وفاقی وزیر مملکت برائے ریلوے وخزانہ بلال اظہر کیانی کی جانب سے سپورٹس کمپلیکس جہلم کی تزئین وآرائش وجدید سہولیات کا منصوبہ ضلع بھر کے نوجوانوں اور عوام کے لیے ایک بڑا تحفہ ہے جو کھیلوں کے فروغ اور صحت مند سرگرمیوں کے فروغ میں اہم کردار ادا کرے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جہلم ضلع کچہری میں واقع سپورٹس کمپلیکس کے دورے کے دوران جاری ترقیاتی کاموں کی رفتار اور معیار کا جائزہ لیتے ہوئے میڈیا نمائندگان سے گفتگو کے دوران کیا، اس موقع پر ضلعی سپورٹس آفیسر چوہدری محمد طارق بھی موجود تھے، جبکہ پاکستان مسلم لیگ ن کے مقامی رہنماں نے منصوبے کی مجموعی پیش رفت، انتظامی امور اور فراہم کی جانے والی سہولیات کے حوالے سے آگاہی حاصل کی اور اس عزم کا اظہار کیا کہ سپورٹس کمپلیکس کو مقررہ معیاد کے مطابق مکمل کیا جائے گا تاکہ عوام کو جدید اور معیاری کھیلوں کی سہولیات میسر آسکیں

ٹریفک پولیس افسران واہلکاروں کی طرف سے چالانوں پر شہری سراپا احتجاج

جہلم(بیورو رپورٹ) جہلم جادہ چوک شاندار چوک میں موجود تھانوں اور ٹریفک پولیس افسران و اہلکاروں کی طرف سے چالانوں پر شہری سراپا احتجاج گزشتہ کئی روز سے ضلعی وٹریفک پولیس کے افسران و اہلکار جادہ چوک اور شاندار چوک میں ناکہ لگا کر کھڑے ہو جاتے ہیں اور جو شہری موٹر سائیکلوں پر اپنی خواتین کیساتھ خریداری کیلیے بازار آتے ہیں انہیں روک کر ان کے چالان کر دیے جاتے ہیں جس کی وجہ سے شہریوں سمیت دکاندار بھی سراپا احتجاج ہیں شہریوں نے بتایا کہ ضلعی اور ٹریفک پولیس کے افسران واہلکار خواتین کا بھی لحاظ نہیں کرتے موٹر سائیکل کھڑی کر کے انتہائی سخت رویہ اپناتے ہوئے بدتمیزی شروع کر دیتے ہیں شہری اپنی عزت بچانے کی خاطر خاموش ہو جاتے ہیں جبکہ ٹریفک پولیس کا عملہ پورا دن چالانوں پر چالان کرتے دکھائی دیتے ہیں بعض شہری جنہوں نے ہیلمٹ پہنے ہوتے ہیں اور ان کے پاس لائسنس بھی ہوتے ہیں ان کا بھی چالان کر دیا جاتا ہے کسی کو سائیڈ مرر، کسی کو اشارے نہ جلنے اور کسی غیر نمونہ نمبر پلیٹ کا بتا کر چلانے کر دیا جاتا ہے شہریوں نے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر، ڈی ایس پی ٹریفک سے نرمی برتنے کا مطالبہ کیا ہے،

سینئر کیپٹن شاہین خالد بٹ کی قیادت میں پاکستان بیت المال نے عوامی مسائل کے حل اور شفاف طرز حکمرانی کو یقینی بنانے کے مقصد سے ایک ای۔ کچہری کا انعقاد کیا

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اگر کام مقررہ وقت سے پہلے مکمل ہو گیا تو بجلی کی فراہمی شیڈول وقت سے پہلے بھی بحال کی جا سکتی ہے

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر) الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سالانہ سسٹم مینٹیننس/ڈویلپمنٹ ورکس/اے ایم آئی میٹرز تنصیب کے باعث آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ 7 جنوری 2026 صبح 09:00 بجے سے دوپہر 02:00 بجے تک، راولپنڈی سٹی سرکل: ایف بلاک، بی بلاک، شکریال، فضائیہ، فاروق اعظم، سیکٹر 4، آفندی کالونی، ڈھوک حکم داد، اقبال روڈ-II، فوارہ چوک، جامع مسجد، جناح روڈ، فوجی کالونی، امین ٹاؤن، بنی، عسکری XI، عزیز آباد، پشاور روڈ، کمال آباد، پی اینڈ ٹی وائی، پنڈ ہوڈن، رتہ، ریلوے کالونی فیڈرز۔ راولپنڈی کینٹ سرکل: کشمیر روڈ، ڈھوک فرمان علی، چکلالہ، سوان گارڈن-II، ماڈل ٹاؤن، سکیم-III، پارک ویو، میجر ریاض، ڈیفنس روڈ، کوہالہ، یونین کونسل لکھن، چونگی نمبر 22، چاہان، اولڈ راوت، کہوٹہ سٹی-II، کمبیلی صادق، کلیام، بھیر کلیال، سید کسران، بھال فیڈرز۔ اٹک سرکل: تین میلا، باغ لعیب، اٹک رورل سالارگاہ، میوزیم، نثار شہید، ڈی-18، باہتر موڑ، کوہستان انکلیو، گھری افغانہ، پور میانہ، پتھر گڑھ، دریا شریف، قاضی آباد، ہٹیاں، جی پی ایچ پی کالونی، شمس آباد، شکردرہ، ڈی آئی کالونی، نرتوپہ، ویسہ، ناکہ کلاں، ملہووالی، نور پور، قطبال، جنڈ-2، پری، کمریال، فتح جنگ، جھبے، دارالسلام فیڈرز۔ چکوال سرکل: نیلہ، جمال وال، دھرناکہ، ڈیرہ مسلم، لطیفال، جنڈ خان زادہ، دھروگی راجگن، سرکال، لہر سلطان پور، ڈفر، کٹاس، لیلہ ٹاؤن، پی ڈی خان، ساغر پور، کوٹ گلہ، کوٹ شیرہ، پچنند، مورت، ڈھولر، موگلہ، بڈھیال، پٹوالی فیڈرز۔ جہلم سرکل: بلال ٹاؤن، زبیر شہید، منڈی بہلوال، کھوڑ، اکرم شہید، ایف-9 (چک دولت)، بونگ-II، گڈاری، حسوت، کھائی کلیام، کرنل محمد اکرم، حیات سر روڈ، مین بازار، بابا شہید، ڈورا بدھال، قاضیان فیڈرز۔ جی ایس او سرکل: صبح 9:00 بجے سے دوپہر 03:00 بجے تک، بحریہ انکلیو، مورگاہ فیڈرز اور ملحقہ علاقوں میں بھی بجلی بند رہے گی۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ اگر کام مقررہ وقت سے پہلے مکمل ہو گیا تو بجلی کی فراہمی شیڈول وقت سے پہلے بھی بحال کی جا سکتی ہے۔

پاک بحریہ کی معاونت سے پاک-چین مشترکہ سمندری سائنسی مہم کا آغاز

مشترکہ سمندری تحقیقاتی مہم پاکستان اور چین کے درمیان سائنسی تعاون کی علامت ہے

کراچی(سٹاف رپورٹر) پاکستان نیوی، نیشنل ہائیڈروگرافک آفس کے ذریعے پاکستان اور چین کی مشترکہ سمندری تحقیقاتی مہم میں معاونت فراہم کر رہی ہے۔ یہ تحقیقاتی مہم نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اوشیانوگرافی پاکستان اور چین کے سیکنڈ انسٹی ٹیوٹ آف اوشیانوگرافی کے باہمی اشتراک سے منعقد کی جا رہی ہے۔ اس سائنسی تحقیقی مہم میں معاونت کے لیے پاک بحریہ کا سروے ویسل پی این ایس بحر مساح تعینات کیا گیا ہے، جو ملک میں بحری آگہی کے فروغ اور سمندری سائنسی تحقیق کی سرپرستی کے لیے پاک بحریہ کے عزم کا مظہر ہے۔ یہ مشترکہ سمندری تحقیقاتی مہم پاکستان اور چین کے درمیان سائنسی تعاون کی علامت ہے، جس کا مقصد پاکستانی سمندری حدود میں سمندری ماحول کے حوالے سے بہتر آگاہی کا حصول ہے۔ اس مہم کے تحقیقی نتائج ملکی ساحلی اور سمندری علاقوں کی بہتر سمجھ بوجھ، ماحولیاتی رجحانات کے بہتر اندازے اور جامع بحری منصوبہ بندی و پالیسی سازی کے لیے معاون ثابت ہوں گے۔ پاک چین مشترکہ اوشیانوگرافک کروز دونوں ممالک کے مابین مسلسل تعاون کی ایک روشن مثال ہے اور شمالی بحیرہ عرب کی اوشنو گرافک آگہی میں اہم کردار ادا کرے گا۔

آن لائن شکایات کے ازالے اور رابطے پر مشتمل یہ اجلاس یہاں پاکستان بیت المال کے صدر دفتر میں افسران کی موجودگی میں منعقد ہوا

اجلاس کے دوران مینیجنگ ڈائریکٹر پاکستان بیت المال نے ہر شکایت کو توجہ اور تحمل سے سنا اور بروقت ازالے کو یقینی بنانے کے لیے متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کیں

سینئر کیپٹن شاہین خالد بٹ کی قیادت میں پاکستان بیت المال نے عوامی مسائل کے حل اور شفاف طرز حکمرانی کو یقینی بنانے کے مقصد سے ایک ای۔ کچہری کا انعقاد کیا

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر) سینئر کیپٹن شاہین خالد بٹ کی قیادت میں پاکستان بیت المال نے عوامی مسائل کے حل اور شفاف طرز حکمرانی کو یقینی بنانے کے مقصد سے ایک ای۔ کچہری کا انعقاد کیا۔ آن لائن شکایات کے ازالے اور رابطے پر مشتمل یہ اجلاس یہاں پاکستان بیت المال کے صدر دفتر میں افسران کی موجودگی میں منعقد ہوا۔ اجلاس کے دوران مینیجنگ ڈائریکٹر پاکستان بیت المال نے ہر شکایت کو توجہ اور تحمل سے سنا اور بروقت ازالے کو یقینی بنانے کے لیے متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کیں۔ اس موقع پر ملک کے تقریباً تمام صوبوں سے شہریوں نے شرکت کی اور اپنے مسائل اجاگر کیے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے مینیجنگ ڈائریکٹر پاکستان بیت المال نے کہا کہ ای۔ کچہریاں بالخصوص ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کے ذریعے شمولیت سیاانتظامیہ اور عوام کے درمیان فاصلے کم کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ سینئر کیپٹن شاہین خالد بٹ نے وفاقی حکومت کے شفافیت اور احتساب کے عزم کو آگے بڑھانے کے لیے ای۔ گورننس اور ڈیجیٹلائزیشن کا ادارے میں فروغ سمیت بائیو میٹرک تصدیق شدہ ادائیگیاں اور دیگر اقدامات کو اجاگر کیا۔ عوامی خدمت کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے مینیجنگ ڈائریکٹر پاکستان بیت المال نے اعلان کیا کہ اچھی طرز حکمرانی اور شہری شمولیت کو فروغ دینے کے لیے آئندہ بھی باقاعدگی سے ایسی ای۔ کچہریوں کا انعقاد کیا جاتا رہے گا۔

جہلم کی سماجی شخصیت زاہد محمود جرال کی اہلیہ طویل علالت کے بعد گزشتہ روز انتقال کر گئیں

جنازہ کے موقع پر فضا سوگوار رہی نماز جنازہ کے بعد مرحومہ کو مقامی قبرستان میں آہوں اور سسکیوں کے عالم میں سپرد خاک کر دیا گیا

جہلم(بیورو رپورٹ (جہلم کی سماجی شخصیت زاہد محمود جرال کی اہلیہ، مبین جرال، اسد جرال عرف شیرا کی والدہ طویل علالت کے بعد گزشتہ روز انتقال کر گئیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ مرکزی جنازہ گاہ میں ادا کی گئی، نماز جنازہ کی امامت مرحومہ کے صاحبزادے حافظ مبین جرال نے کی نماز جنازہ میں شہر بھر سے تعلق رکھنے والی معروف سماجی، صحافتی، سیاسی شخصیات کے سمیت عزیز واقارب، دوست احباب اور اہل علاقہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی جنازہ کے موقع پر فضا سوگوار رہی نماز جنازہ کے بعد مرحومہ کو مقامی قبرستان میں آہوں اور سسکیوں کے عالم میں سپرد خاک کر دیا گیا

دوسرے انسٹی ٹیوٹ آف اوشیانوگرافی۔ چین اور نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اوشیانوگرافی۔ پاکستان کے محققین کا گروپ جوائنٹ اوشنوگرافک کروز کے دوران پاک بحریہ کے حکام کے ساتھ

سید وقار ہمدانی کی زندگی ایک کھلی کتاب کی مانند ہے، سید فرزند علی کاظمی

سیکرٹریٹ گروپ کے شریف اعوان وجھتہ کا) اے جی (آفس کی طرف حملہ ریاست پر حملے کے مترادف ہے

مظفرآباد (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی آزاد کشمیر کے بزرگ سیاسی رہنما سابق وائس چیئرمین سید فرزند علی کاظمی نے کہا ہے کہ سید وقار ہمدانی کی زندگی ایک کھلی کتاب کی مانند ہے۔ ان کے خلاف سیکرٹریٹ گروپ کے شریف اعوان وجھتہ کا) اے جی (آفس کی طرف حملہ ریاست پر حملے کے مترادف ہے۔ قانون شکنی اور ٹیکس سے استثنیٰ پر شریف اعوان پر مقدمہ درج کیا جائے انکی وقار ہمدانی کے خلاف ہرزہ سرائی اور بازاری زبان کی پرزور الفاظ میں مذمت اور احتجاج کا اعلان۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایڈیشنل اکاؤنٹنٹ جنرل محکمہ حسابات آزاد کشمیر سید وقار ہمدانی کے خلاف سیکرٹریٹ گروپ سے تعلق رکھنے والے شریف اعوان کا اے جی آفس کا گھیراؤ اور بازاری زبان کا استعمال ریاست کے لیے کھلا چیلنج ہے کیا کوئی بھی جھتہ ریاست کو اس طرح یرغمال بنا سکتا ہے ہم خبردار کرتے ہیں کہ قانون، آئین سے کوئی بھی بالاتر نہیں۔ اپنے مرضی کے بلات بدوں ٹیکس ورعایت کہاں کا انصاف ہے۔

نیپا پشاور کے 45ویں مڈ کیریئر مینجمنٹ کورس کے افسران کا فیلڈ ریسرچ کے لیے بی آئی ایس پی ہیڈکوارٹرز کا دورہ

ملک بھر میں اب تک 56لاکھ مفت سمیں تقسیم کی جا چکی

نیپا پشاور کے 45ویں مڈ کیریئر مینجمنٹ کورس کے افسران کا فیلڈ ریسرچ کے لیے بی آئی ایس پی ہیڈکوارٹرز کا دورہ

مستحق خواتین کے لیے سوشل پروٹیکشن والٹس کا اجرا پاکستان کی تاریخ میں سماجی تحفظ کے سب سے بڑے اقدامات میں سے ایک ہے

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر) 1 * کروڑ مستحق خواتین کے لیے سوشل پروٹیکشن والٹس کا اجرا پاکستان کی تاریخ میں سماجی تحفظ کے سب سے بڑے اقدامات میں سے ایک ہے؛ ملک بھر میں اب تک 56 لاکھ مفت سمیں تقسیم کی جا چکی ہیں؛ بی آئی ایس پی غربت کی لکیر سے نیچے زندگی گزارنے والے مستحق گھرانوں کی مالی معاونت کرتا ہے؛ این ایس ای آر بی آئی ایس پی کی کامیابی ہے جس میں 3 کروڑ 87لاکھ گھرانوں کا ڈیٹا موجود ہے: سیکرٹری عامر علی احمد کی بریفنگ * نیشنل انسٹیٹیوٹ آف پبلک ایڈمنسٹریشن) نیپا (پشاور کے 45ویں مڈ کیریئر مینجمنٹ کورس) ایم سی ایم سی (کے 35 افسران پر مشتمل وفد نے فیلڈ ریسرچ کے سلسلے میں بینظیر انکم سپورٹ پروگرام) بی آئی ایس پی (کے ہیڈکوارٹرز کا دورہ کیا۔ سیکریٹری بی آئی ایس پی، عامر علی احمد نے وفد کا خیر مقدم کیا اور بی آئی ایس پی کے نمایاں اقدامات اور کامیابیوں سے آگاہ کیا۔ انہوں نے 1 کروڑ مستحق خواتین کے لیے سوشل پروٹیکشن والٹس کے اجرا اور مفت سموں کی فراہمی کو پاکستان کی تاریخ میں سماجی تحفظ کی ایک بڑی اور انقلابی پیش رفت قرار دیا، جس کا مقصد محفوظ، شفاف اور آسان ادائیگیوں کو یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ وزیر اعظم کے کیش لیس/ڈیجیٹل اقدام کے تحت سوشل پروٹیکشن والٹس کی فعالی کے لیے ملک بھر میں اب تک تقریباً 56لاکھ مفت سمیں تقسیم کی جا چکی ہیں۔ سیکرٹری نے بتایا کہ بی آئی ایس پی غربت کی لکیر سے نیچے زندگی گزارنے والے مستحق گھرانوں کی معاونت کرتا ہے اور خواتین کو بطور بنیادی مستفید کنندہ خصوصی ترجیح دیتا ہے، جس سے مالی شمولیت، نقل وحرکت اور معاشی بااختیاری کو فروغ ملتا ہے۔ انہوں نے بینظیر نشوونما اور تعلیمی وظائف پروگرامز کے مثبت اثرات پر بھی روشنی ڈالی اور این ایس ای آر کو بی آئی ایس پی کی بنیادی قوت قرار دیا، جس میں 3 کروڑ 87 لاکھ گھرانوں کا ڈیٹا شامل ہے۔ وفد کو جاری اور نئی اصلاحات سے بھی آگاہ کیا گیا، جن میں نیا ادائیگی ماڈل، ایم آر ویز، ڈی ایف ایل ٹی، آئی جی ایم ایس، ایچ ایس پی ایس اور آئندہ کے لائحہ عمل کے تحت بینظیر ہنرمند پروگرام شامل ہیں۔

اسلام آباد: ڈائریکٹر جنرل کیریئر گروپ آف پروفیسر محمد عامر، جاوید انتظار، سالم العزام کالہتر اڑ روڈ کلسٹر کے پرنسپلز کیساتھ اجلاس کے بعد گروپ فوٹو

اسلام آباد کیرئیر کالج شہید صدیق چوک کلر سیداں روڈ روات کیمپس کا افتتاح

اسلام آباد کیرئیر کالج کی تین برانچز کی افتتاحی تقاریب کی تاریخوں کا اعلان کر دیا گیا

17 جنوری، اسلام آباد کیرئیر کالج گلزار قائد راولپنڈی کیمپس 18 جنوری اور اسلام آباد کیرئیر کالج چھٹہ بختاور کیمپس کا افتتاح 24 جنوری کو ہوگا

اسلام آباد(پ ر) اسلام آباد کیرئیر کالج کی تین برانچز کی افتتاحی تقاریب کی تاریخوں کا اعلان کر دیا گیا۔ جس کے مطابق اسلام آباد کیرئیر کالج شہید صدیق چوک کلر سیداں روڈ روات کیمپس کا افتتاح 17 جنوری، اسلام آباد کیرئیر کالج گلزار قائد راولپنڈی کیمپس 18 جنوری اور اسلام آباد کیرئیر کالج چھٹہ بختاور کیمپس کا افتتاح 24 جنوری کو ہوگا۔ افتتاحی تقریبات صبح دس بجے شروع ہونگی۔ یہ فیصلے ڈائریکٹر جنرل کیرئیر گروپ آف انسٹیٹیوشنز پروفیسر محمد عامر کی زیر صدارت لہتراڑ روڈ کلسٹر کے پرنسپلز کے مشترکہ مشاورتی اجلاس میں کئے گئے۔ اجلاس میں چیئرمین کیریئر گروپ آف انسٹیٹیوشنز جاوید انتظار، ڈپٹی ڈائریکٹر اسلام آباد کیرئیر کالجز سالم العزام، پرنسپل اسلام آباد کیرئیر کالج میٹرک سیکشن سمیع اللہ، پرنسپل اسلام آباد کیرئیر کالج انٹرمیڈیٹ سیکشن محمد رضوان، پرنسپل اسلام آباد کیرئیر کالج علی پور لہتراڑ روڈ کیمپس امجد خان نیازی، پرنسپل اسلام آباد کیرئیر کالج ٹھنڈا پانی لہتراڑ روڈ افراز عباسی، پرنسپل اسلام آباد کیرئیر کالج چھٹہ بختاور اعجاز بشیر شریک تھے۔ پروفیسر محمد عامر نے پرنسپلز کی افتتاحی تقاریب، اساتذہ کی تعیناتی اور ٹیچر ٹریننگ کی ذمہ داریاں لگاتے ہوئے کہا کہ اسلام آباد کیرئیر کالجز پیشہ وارانہ نظریاتی تعلیمی ادارے ہیں۔ جو سستی اور معیاری تعلیم دے کر ملک کی خدمت کر رہے ہیں۔ پرنسپلز اپنے اپنے تعلیمی اداروں میں افتتاحی تقاریب میں باہمی ربط ومشاورت رکھیں۔ تقاریب میں اہلیان علاقہ کو مدعو کریں۔ ڈپٹی ڈائریکٹر سالم العزام نے کہا کہ ڈائریکٹوریٹ آف آئی سی سی کے مرکزی تعلیمی نظام سے نصاب کی تقسیم وتکمیل اور ٹیسٹ سیشن کی جانچ پڑتال کریں گے۔ یکم مارچ سے نئے سیشن کی کلاسز شروع کریں گے۔ جاوید انتظار نے کہا کہ اسلام آباد کیرئیر کالجز نظام کی بالادستی پر یقین رکھتے ہیں۔ نظام کے سامنے میرے سمیت ہر ایک جوابدہ ہے۔ پرنسپلز نے کہا کہ فیڈرل بورڈ امسال میٹرک اور انٹرمیڈیٹ کے شاندار نتائج دیں گے۔ افتتاحی تقاریب میں تفویض کردہ ذمہ داریوں کو بطریق احسن سرانجام دیں گے

Sports

کھیل کھلاڑی

پی ایس ایل کی دو نئی ٹیموں کی نیلامی کل اسلام آباد میں ہوگی

نیلامی کا عمل پی سی بی اور پی ایس ایل کے آفیشل یوٹیوب چینلز، ٹیپ میڈ، تماشا اور پی سی بی لائیو پر دکھایا جائے گا

لاہور (سپورٹس ڈیسک) ایچ بی ایل پی ایس ایل میں توسیع کے سلسلے میں دو نئی ٹیموں کی نیلامی کل اسلام آباد میں منعقد ہوگی۔ نیلامی جناح کنونشن سینٹر میں ہوگی جس کا باقاعدہ آغاز شام 4 بج کر 15 منٹ پر کیا جائے گا۔ پی سی بی کے مطابق پی ایس ایل کی تاریخ میں پہلی بار لیگ میں دو نئی فرنچائزز شامل کی جا رہی ہیں جس کے بعد پی ایس ایل سیزن 11 میں ٹیموں کی تعداد 6 سے بڑھ کر 8 ہو جائے گی۔ نیلامی کا عمل براہِ راست پی سی بی اور پی ایس ایل کے آفیشل یوٹیوب چینلز، ٹیپ میڈ، تماشا اور پی سی بی لائیو (یو کے) پر دکھایا جائے گا جبکہ اے اسپورٹس، جیو اسپورٹس، فاسٹ اسپورٹس اور پی ٹی وی اسپورٹس بھی نیلامی کو براہِ راست نشر کریں گے۔ ذرائع کے مطابق نئی ٹیموں کے حصول کے لیے 10 معروف کمپنیوں کے درمیان سخت مقابلہ متوقع ہے۔ نیلامی میں ایم ٹیکسٹ، ڈھرکی شوگر ملز، ایف کے ایس، پرزم ڈیولپرز، انوریکس سولر، جاز، آئی ٹو سی (i2c)، ولی ٹیکنالوجیز، ویگوٹیل اور اوزی ڈویلپرز حصہ لیں گے۔ پی سی بی حکام کا کہنا ہے کہ نئی فرنچائزز کے ممکنہ شہروں میں فیصل آباد، گلگت، حیدرآباد، مظفرآباد، راولپنڈی اور سیالکوٹ شامل ہیں، تاہم حتمی فیصلہ نیلامی کے بعد کیا جائے گا۔ پی ایس ایل سیزن 11 کا انعقاد 26 مارچ سے 3 مئی 2026 تک شیڈول ہے۔ نیلامی کے بعد ایک خصوصی تقریب بھی منعقد کی جائے گی جس میں عالمی شہرت یافتہ گلوکار راحت فتح علی خان خصوصی پرفارمنس پیش کریں گے۔ اس موقع پر پاکستان شاہینز اور ہانگ کانگ سپر سکسز کی فاتح ٹیموں کو بھی انعامات دیے جائیں گے۔ پی سی بی کے مطابق پی ایس ایل نیلامی ایونٹ کا آفیشل ہیش ٹیگ #NewEra رکھا گیا ہے جو لیگ کے نئے دور اور توسیع کی عکاسی کرتا ہے۔

پاکستان کا نام ایک بار پھر روشن، پاکستانی گھڑسوار عثمان خان عالمی رینکنگ میں نمبر ون پر آ گئے

مڈل ایسٹ اور افریقا زون میں سرفہرست رہنا عالمی مقابلوں میں نمایاں مقام حاصل کرنے کی جانب ایک اہم پیش رفت سمجھا جاتا ہے

لاہور (سپورٹس ڈیسک) گھڑ سواری کے شعبے میں پاکستان کا نام ایک بار پھر دنیا بھر میں روشن ہوگیا، پاکستانی گھڑ سوار عثمان خان نے عالمی رینکنگ میں نمبر ون پوزیشن حاصل کر لیا انٹرنیشنل ایکویسٹرین فیڈریشن کی جانب سے مڈل ایسٹ اور افریقا زون کی ایونٹنگ رینکنگ جاری کی گئی ہے جس کے مطابق عثمان خان ایک بار پھر اس زون میں نمبر ون گھڑ سوار قرار پائے ہیں۔ یہ کامیابی نہ صرف عثمان خان کی مسلسل محنت اور مہارت کا منہ بولتا ثبوت ہے بلکہ عالمی سطح پر پاکستانی گھڑ سواری کے معیار کو بھی اجاگر کرتی ہے۔ ایف ای آئی کی ایونٹنگ رینکنگ میں دنیا بھر کو چھ مختلف زونز میں تقسیم کیا گیا ہے جبکہ انہی زونز کی رینکنگ کی بنیاد پر بین الاقوامی چیمپئن شپ کی مجموعی درجہ بندی کا فیصلہ کیا جاتا ہے۔ مڈل ایسٹ اور افریقا زون میں سرفہرست رہنا عالمی مقابلوں میں نمایاں مقام حاصل کرنے کی جانب ایک اہم پیش رفت سمجھا جاتا ہے۔ واضح رہے کہ عثمان خان اس سے قبل بھی 2019 سے 2021 کے دوران مسلسل نمبر ون پوزیشن پر رہ چکے ہیں اور ایک مرتبہ پھر ٹاپ رینکنگ حاصل کر کے انہوں نے اپنی برتری کو ثابت کر دیا۔ ان کی اس کامیابی پر کھیلوں کے حلقوں اور شائقین کی جانب سے مبارکبادوں کا سلسلہ جاری ہے۔

وینزویلا کے صدر مادورو سے اظہارِ یکجہتی کیلئے اسپین کی فٹ بال ٹیم کا منفرد انداز

مایورکا کے کھلاڑیوں نے بھی اسٹیڈیم جاتے ہوئے یہی سرمئی ٹریک سوٹ پہن رکھا تھا جس پر کلب کا لوگو بھی موجود تھا

لاہور (سپورٹس ڈیسک) اسپین کی فٹ بال ٹیم ریئل کلب ڈیپارٹو مایورکا کے کچھ کھلاڑیوں نے حال ہی میں میچ کے لیے اسٹیڈیم پہنچتے وقت ایسے سرمئی نائیکی ٹریک سوٹس پہنے جو وینزویلا کے صدر نکولس مادورو کی گرفتاری کے وقت وائرل ہونے والے لباس سے بہت مشابہ تھے۔ مادورو کی تصاویر، جو انہیں امریکی افواج کی طرف سے گرفتار کیے جانے کے دوران دیکھی گئیں، سوشل میڈیا پر زبردست پذیرائی اور بحث کا باعث بن گئیں، خاص طور پر ان کے ہاتھوں میں ہاتھکڑیاں، آنکھوں پر پٹی اور گرے نائیکی ٹریک سوٹ نے لوگوں کی توجہ کھینچی۔ مایورکا کے کھلاڑیوں نے بھی یہی سرمئی ٹریک سوٹ پہن رکھا تھا جس پر کلب کا لوگو بھی موجود تھا، سوشل میڈیا صارفین نے جلد ہی اس واقعے پر طنزیہ تبصرے، میمز اور بحث شروع کر دی، کچھ لوگوں نے اسے محض ایک اتفاق قرار دیا جبکہ دیگر نے اسے سیاسی علامت بھی سمجھنے کی کوشش کی۔ ریئل مایورکا یا لیگ کی جانب سے اس بارے میں کوئی سرکاری بیان سامنے نہیں آیا جس میں یہ وضاحت کی گئی ہو کہ اس لباس کو منتخب کرنے کا مقصد کوئی پیغام دینا، اظہارِ یکجہتی یا اتفاق ہے۔ البتہ، اس واقعے نے نہ صرف فٹ بال فینز بلکہ سوشل میڈیا صارفین کے درمیان بھی وسیع بحث چھیڑ دی۔

کوہلی کی ایک جھلک دیکھنے کیلئے مداحوں کا سمندر اُمڈ آیا

ویرات کوہلی نیوزی لینڈ کے خلاف ایک روزہ سیریز کے پہلے میچ کے لیے وڈودرا پہنچے ہیں

لاہور (سپورٹس ڈیسک) دنیائے کرکٹ کے آئیکون ویرات کوہلی کی وڈودرا ایئرپورٹ آمد پر مداحوں کا سمندر اُمڈ آیا۔ عظیم بلے باز نے جیسے ہی قدم باہر نکالا 'مسٹل' کوہلی کوہلی' کے نعروں سے گونج اٹھا۔ تاہم، سخت سیکیورٹی اور سیلفیز کی کوششوں کے درمیان ویرات کوہلی کا ٹیم بس تک پہنچنا مشکل ہو گیا جو بھارت میں ان کی شہرت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ نیوزی لینڈ کے خلاف سیریز سے قبل آسٹریلیا اور جنوبی افریقا کے خلاف ایک روزہ سیریز میں ویرات کوہلی نے شاندار پرفارمنس کا مظاہرہ کیا ہے۔ آسٹریلیا کے خلاف آخری ایک روزہ میچ میں انہوں نے نصف سنچری اسکور کی تھی جبکہ جنوبی افریقا کے خلاف ہوم سیریز میں انہوں نے یکے بعد دیگرے دو سنچریاں اور آخری ایک روزہ میچ میں ففٹی اسکور کی تھی۔ یہی شاندار فارم لے کر وہ ڈومیسٹک ٹورنامنٹ وجے ہزارے ٹرافی میں بھی دہلی کے لیے نصف سنچری جڑ چکے ہیں۔ نیوزی لینڈ کے خلاف سیریز وڈودرا میں 11 جنوری سے شروع ہوگی۔ ویرات کوہلی 2010 کے بعد وڈودرا میں کوئی بین الاقوامی ایک روزہ میچ کھیل رہے ہیں۔

ایشیا کپ: پاک یو اے ای میچ کے دوران امپائر زخمی ہو کر میدان سے باہر چلے گئے

لاہور (سپورٹس ڈیسک) پاکستان اور یو اے ای کے درمیان ایشیا کپ میچ میں امپائر زخمی ہو کر میدان سے باہر چلے گئے۔ یو اے ای کی اننگز کے چھٹے اوور میں پاکستانی وکٹ کیپر محمد حارث نے گیند بولر صائم ایوب کی جانب اچھالی جو سری لنکن امپائر روچیرا پالیا گروگے کے جا لگی۔ فزیو نے میدان میں آ کر ان کا معائنہ کیا اس دوران میچ کچھ دیر تک رکا رہا۔ امپائر میچ چھوڑ کر میدان سے باہر چلے گئے، ان کی جگہ ریزرو امپائر غازی سہیل نے میچ میں فرائض نبھائے۔ واضح رہے کہ پاکستان نے یو اے ای کو 41 رنز سے شکست دے کر سپر فور مرحلے میں رسائی حاصل کر لی ہے۔

میچ ریفری کو ہٹایا جائے، پی سی بی نے آئی سی سی کو ایک اور خط لکھ دیا

لاہور (سپورٹس ڈیسک) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) کو میچ ریفری کی تبدیلی سے متعلق ایک اور خط لکھ دیا۔ ذرائع کے مطابق پی سی بی نے آئی سی سی کو میچ ریفری تبدیل کرنے کا مطالبہ تسلیم نہ کرنے پر جوابی خط میں بھی سخت موقف اختیار کیا اور میچ ریفری اینڈی پائیکرافٹ کے خلاف ایکشن نہ لینے کے فیصلے کو مسترد کر دیا۔ پی سی بی نے میچ ریفری اینڈی پائیکرافٹ کو ہٹانے کا اپنا اصولی مطالبہ پھر دہرا دیا ہے جس کے بعد پاکستان اور یو اے ای کے درمیان آج طے شدہ میچ کے انعقاد پر شکوک وشبہات برقرار ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پی سی بی اینڈی پائیکرافٹ کو نہ ہٹائے جانے پر ایشیا کپ کے باقی میچز کا بائیکاٹ کرنے کے موقف پر قائم ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پی سی بی نے متنازع ریفری کیخلاف آئی سی سی انکوائری کو بھی رسمی کارروائی قرار دیا گیا ہے، انکوائری کے لیے تمام پہلوؤں کا نہ جائزہ لیا گیا اور نہ متعلقہ لوگوں سے رابطہ کیا گیا۔

ایشیا کپ تنازع: محسن نقوی کی سابق چیئرمینز نجم سیٹھی اور رمیز راجا سے مشاورت

لاہور (سپورٹس ڈیسک) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے چیئرمین اور وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ایشیا کپ میں پاک۔ بھارت میچ کے بعد پیدا ہونے والی صورت حال پر سابق پی سی بی چیئرمینز نجم سیٹھی اور رمیز راجا سے مشاورت کر لی۔ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے سابق چیئرمینز نجم سیٹھی اور رمیز راجا کو مشاورت کے لیے ہیڈ آفس آنے کی دعوت دی جہاں ایشیا کپ میں پیدا ہونے والے تنازع پر مشاورت کی گئی۔ مزید بتایا گیا کہ اس حوالے سے مشاورت کا عمل حتمی مرحلے میں داخل ہو گیا ہے۔ اس دوران دبئی میں قومی ٹیم کو ہوٹل سے گراؤنڈ بھیجنے کا فیصلہ کیا گیا اور ٹیم اسٹیڈیم کے لیے روانہ ہوگئی۔

ملکی تاریخ کے سب سے بڑے انعامی رقم کا اسکواش ٹورنامنٹ کوارٹر فائنل مرحلے میں داخل

عالمی انڈر 23 چیمپئن اور عالمی نمبر 38 نورزمان نے اپ سیٹ فتح حاصل کر لی

لاہور (سپورٹس ڈیسک) پاکستان کی تاریخ کے سب سے بڑے انعامی رقم کا کراچی اوپن انٹرنیشنل اسکواش ٹورنامنٹ 2026 کوارٹر فائنل مرحلے میں داخل ہوگیا، عالمی انڈر 23 چیمپئن اور عالمی نمبر 38 نورزمان نے اپ سیٹ فتح حاصل کر لی، وائلڈ کارڈ انٹری پانے والے سابق قومی چیمپئن ناصر اقبال شکست کھا بیٹھے، محمد اشعب عرفان بھی ناکامی سے دوچار ہو کر ایونٹ سے باہر ہو گئے، ہانگ کانگ کے ایلیکس لیو نے بھی اپ سیٹ کیا، دیگر تمام سیڈڈ کھلاڑی اگلے مرحلے میں پہنچ گئے۔ تفصیلات کے مطابق ڈی اے کریک کلب پر جاری 2 لاکھ 43 ہزار 5 سو ڈالرز کی انعامی رقم والے ٹورنامنٹ کے مینز ایونٹ میں سابق عالمی چیمپئن قمر زمان کے پوتے نورزمان نے بہترین کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے عالمی نمبر 15 اور سیڈ 8 مصر کے فیرس ڈیوسکی کو 60 منٹ کے سنسنی خیز مقابلے میں 2-3 سے زیر کر لیا۔ پہلے دونوں گیمز ہارنے کے بعد نورزمان نے اگلے تینوں گیمز میں کامیابی پا کر کوارٹر فائنل میں قدم رکھ دیا، سابق قومی چیمپئن ناصر اقبال کو عالمی رینکنگ میں 11 ویں پوزیشن کے حامل ورلڈ جونیئر چیمپئن مصر کے محمد ذکریا نے 1-3 سے ٹھکانے لگا دیا، یہ مقابلہ 53 منٹ تک جاری رہا، عالمی نمبر 47 محمد اشعب عرفان کو ٹاپ سیڈ و عالمی نمبر 4 مصر کے کریم الجواد نے سخت مقابلے کے بعد 2-3 سے شکست دے دی، عالمی نمبر 41 ہانگ کانگ کے ایلیکس لیو نے سیڈ 3 و عالمی نمبر 6 یوسف ابراہیم کو 2-3 ہرا کر اپ سیٹ کیا،

بنگلادیش کی میچز منتقلی کی درخواست مسترد ہونے کی بھارتی خبریں جھوٹ کا پلندہ نکلیں

آئی سی سی نے بنگلادیش کو یقین بھی دلایا ہے کہ ایونٹ کے لیے تفصیلی حفاظتی منصوبہ بندی پر بھی غور کیا جائے گا

لاہور (سپورٹس ڈیسک) آئی سی سی مینز ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ کے حوالے سے آئی سی سی کی جانب سے بنگلادیش کی درخواست مسترد کرنے کی بھارتی خبریں جھوٹ کا پلندہ نکلیں۔ تفصیلات کے مطابق بنگلادیش کرکٹ بورڈ (بی سی بی) نے ایسی تمام خبروں کی تردید کرتے ہوئے کہا ہے کہ آئی سی سی نے سیکیورٹی خدشات کے بارے میں دریافت کیا ہے۔ بورڈ کی جانب سے جاری پریس ریلیز میں کہا گیا کہ وینیوز بھارت سے منتقل کرنے سے انکار کی خبروں میں کوئی صداقت نہیں ہے۔ بنگلادیش کرکٹ بورڈ کا کہنا ہے کہ آئی سی سی نے ورلڈکپ میں بنگلادیشی ٹیم کی مکمل اور بلاتعطل شرکت کو یقینی بنانے کے اپنے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے خدشات دور کرنے کے لیے ساتھ مل کر کام کرنے کی رضامندی ظاہر کی ہے۔ آئی سی سی نے بنگلادیشی کرکٹ بورڈ کو یہ یقین بھی دلایا ہے کہ ایونٹ کے لیے تفصیلی حفاظتی منصوبہ بندی پر بھی غور کیا جائے گا۔ بنگلادیشی کرکٹ بورڈ نے آئی سی سی کی جانب سے الٹی میٹم جاری کرنے کی خبروں کی واضح طور پر تردید بھی کی ہے۔

Showbiz

رونق میلہ

صبا قمر کے خلاف متنازع بیانات، صحافی نے معافی مانگ لی

صبا قمر کی جانب سے صحافی پر 10 کروڑ روپے ہرجانے کا قانونی نوٹس بھیجا گیا

لاہور (شوبز رپورٹر) اداکارہ صبا قمر کے خلاف متنازع بیانات پر صحافی نعیم حنیف نے عوامی طور پر معذرت کر لی ہے۔ یہ معافی اس وقت سامنے آئی جب صبا قمر کی جانب سے ان پر 10 کروڑ روپے ہرجانے کا قانونی نوٹس بھیجا گیا، جس میں ان کے قانونی نوٹس کے مطابق نعیم حنیف نے صبا قمر کے بارے میں ایسے بیانات دیے اور پھیلائے جو نہ صرف تضحیک آمیز اور صنفی تعصب پر مبنی تھے بلکہ اس سوچ کو بھی فروغ دیتے تھے کہ ایک عورت کی کامیابی اس کی محنت یا پیشہ ورانہ صلاحیت کے بجائے مردوں سے وابستگی کا نتیجہ ہوتی ہے۔

استاد امانت علی خان کو مداحوں سے بچھڑے 51 برس گزر گئے

لاہور (شوبز رپورٹر) برصغیر کے عظیم کلاسیکل گلوکار اور پٹیالہ گھرانے کے معروف فنکار اُستاد امانت علی خان کو دنیا سے رخصت ہوئے 51 برس بیت چکے ہیں، مگر ان کی گائی ہوئی غزلیں اور نغمے آج بھی سامعین کے دلوں کو چھو لیتے ہیں۔ 1922 میں ہوشیار پور (برصغیر) میں پیدا ہونے والے امانت علی خان نے موسیقی کی ابتدائی تعلیم اپنے والد اُستاد اختر حسین خان سے حاصل کی۔ وہ پٹیالہ گھرانے کے بانی علی بخش جرنیل کے پوتے اور اُستاد فتح علی خان کے بھائی تھے۔ ان دونوں بھائیوں نے ایک ساتھ پرفارمنس دے کر بے پناہ مقبولیت حاصل کی۔ قیام پاکستان کے بعد امانت علی خان لاہور منتقل ہوئے اور ریڈیو پاکستان سے وابستہ ہو گئے، جہاں انہوں نے کلاسیکل و نیم کلاسیکل گائیکی میں منفرد مقام حاصل کیا۔ ان کے معروف گیتوں میں 'ہونٹوں پہ کبھی ان کے میرا نام ہی آئے'، 'چاند میری زمیں پھول میرا وطن' اور 'یہ آرزو تھی تجھے گل کے روبرو کرتے' شامل ہیں۔

بااثر شخصیت نے تیسری بیوی بننے کے لیے کروڑوں کی پیشکش کی، معروف اداکارہ کا انکشاف

شادی کی پیشکش کرنے والی وی وی آئی پی شخصیت معاشرے میں اثر ورسوخ رکھتی ہے

لاہور (شوبز رپورٹر) ملائیشیا کی معروف اداکارہ اور سابق بیوٹی کوئن ایمی نور ٹینی نے انکشاف کیا ہے کہ ایک بااثر اور وی وی آئی پی شخصیت نے انہیں تیسری بیوی بننے کے عوض غیر معمولی مالی اور رہائشی سہولیات کی پیشکش کی، جسے انہوں نے صاف الفاظ میں مسترد کر دیا۔ اداکارہ کے مطابق اس پیشکش میں ماہانہ لاکھوں روپے، ایک شاندار بنگلہ اور گاڑی سمیت دیگر مراعات شامل تھیں۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق 29 سالہ ایمی نور ٹینی نے ایک پوڈکاسٹ میں گفتگو کے دوران یہ انکشاف کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ پیشکش ایک ایسی شخصیت کی جانب سے کی گئی جو معاشرے میں اثر ورسوخ رکھتی ہے اور خود کو وی وی آئی پی سمجھتی ہے اداکارہ کے مطابق مذکورہ شخص نے انہیں تیسری بیوی بننے کے بدلے ایک عالیشان گھر، ایک گاڑی، 10 ایکڑ زمین اور ہر ماہ 50 ہزار ملائیشین رنگٹ بطور خرچ دینے کی پیشکش کی، جو پاکستانی کرنسی میں 34 لاکھ روپے سے زائد بنتی ہے۔ ایمی نور ٹینی کا کہنا تھا کہ اتنی بڑی پیشکش کے باوجود انہوں نے ایک لمحے کے لیے بھی اس پر غور نہیں کیا۔ ایمی نور ٹینی نے بتایا کہ وہ اکثر کارپوریٹ ایونٹس کی میزبانی کرتی ہیں، جہاں مختلف بااثر اور صاحب حیثیت افراد سے ملاقات ہوتی رہتی ہے۔ ایسے مواقع پر لوگ ان سے فون نمبر مانگتے یا ملاقات کی خواہش کا اظہار کرتے ہیں

شیفالی شاہ نے اپنی پہلی شادی ٹوٹنے پر خاموشی توڑ دی

''میں پیزا نہیں ہوں کہ سب کو خوش کر سکوں''، شیفالی کا اظہار خیال

لاہور (شوبز رپورٹر) بالی ووڈ کی باصلاحیت اداکارہ شیفالی شاہ نے اپنی ذاتی زندگی کے ایک نہایت حساس باب پر کھل کر بات کی ہے۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ اپنی پہلی شادی سے باہر نکلنے کا فیصلہ انہوں نے اس وقت کیا جب انہیں محسوس ہوا کہ یہ رشتہ ان کی ذہنی اور جذباتی صحت کے لیے تباہ کن ثابت ہو سکتا ہے۔ شیفالی شاہ حال ہی میں نیٹ فلکس سیریز دہلی کرائم سیزن 3 میں نظر آئی تھیں۔ شیفالی کی پہلی شادی اداکار ہرش چھایا سے ہوئی تھی، تاہم سماجی دباؤ اور روایتی توقعات کے باوجود انہوں نے خوشی اور خودی کو ترجیح دیتے ہوئے اس رشتے کو ختم کرنے کا مشکل فیصلہ کیا۔ بعد ازاں سال 2000 میں انہوں نے پروڈیوسر وپل شاہ سے سادگی سے شادی کی، جن سے ان کے دو بیٹے ہیں۔ زوم کے یوٹیوب چینل پر نشر ہونے والی اسپاٹ لائٹ سیشنز میں گفتگو کرتے ہوئے شیفالی شاہ نے بتایا کہ انہیں اپنی اصل قدر کا احساس اس وقت ہوا جب زندگی ایک نازک موڑ پر آ کھڑی ہوئی تھی۔ ان کے مطابق انہیں کبھی کسی نے یہ نہیں بتایا تھا کہ ایک عورت اپنے آپ میں مکمل ہو سکتی ہے اور اسے اپنی پہچان یا اہمیت کے لیے کسی رشتے کا سہارا ضروری نہیں۔ شیفالی نے کہا کہ اگر زندگی میں اچھے رشتے ہوں تو یہ ایک خوبصورت بات ہے، لیکن اگر ایسا نہ ہو تو اس سے کسی انسان کی قدر کم نہیں ہو جاتی۔ انہوں نے ان دنوں کو یاد کرتے ہوئے بتایا کہ ایک لمحہ ایسا بھی آیا جب انہیں شدت سے احساس ہوا کہ وہ مزید اس صورتحال میں نہیں رہ سکتیں کیونکہ یہ انہیں اندر سے توڑ رہی تھی۔

الیکشن کیمپین کے دوران آتش بازی سے بالی ووڈ اداکارہ کی رہائشی بلڈنگ میں آتشزدگی

انتخابی مہم کے نام پر ہونے والی جشن کی سرگرمیوں نے آس پاس رہنے والے لوگوں کی جان و مال کو شدید خطرے میں ڈال دیا

لاہور (شوبز رپورٹر) بھارت کے شہر ممبئی میں الیکشن کیمپین کے دوران آتش بازی سے بالی ووڈ اداکارہ ڈیزی شاہ کی رہائشی بلڈنگ میں آتشزدگی کا واقعہ پیش آیا۔ اداکارہ ڈیزی شاہ نے انسٹاگرام پر اس خطرناک واقعے کی ویڈیو شیئر کی اور شہریوں کی حفاظت پر سنجیدہ سوالات اٹھائے۔ ڈیزی شاہ کے مطابق باندرہ میں ان کی رہائش گاہ کے بالکل برابر میں واقع ایک فلیٹ میں آگ لگ گئی، جس کی وجہ سیاسی مہم کے دوران جلائے گئے آتش بازی کے پٹاخے تھے۔ اداکارہ نے بتایا کہ انتخابی مہم کے نام پر ہونے والی جشن کی سرگرمیوں نے آس پاس رہنے والے لوگوں کی جان و مال کو شدید خطرے میں ڈال دیا۔

60 کروڑ کے فراڈ کیس میں نیہا دھوپیا اور بپاشا باسو کے ملوث ہونے کا انکشاف

لاہور (شوبز رپورٹر) بالی ووڈ کی اداکارہ شلپا شیٹی کے شوہر اور بزنس مین راج کندرا 60 کروڑ روپے کے فراڈ کیس میں بھارتی اداکارہ نیہا دھوپیا اور بپاشا باسو کا نام بھی سامنے آ گیا ہے۔ ان دنوں راج کندرا اور اداکارہ شلپا شیٹی 60 کروڑ روپے سے زائد کے فراڈ کیس میں تحقیقات کا سامنا کر رہے ہیں، یہ مقدمہ ان کی سابقہ کمپنی کا ہے جس میں ان کی اہلیہ اداکارہ شلپا شیٹی کے ملوث ہونے کا بھی اشارہ دیا گیا ہے۔ اس ہائی پروفائل کیس کی تفتیش ممبئی پولیس کی اکنامک آفینسز ونگ (EOW) کر رہی ہے جس میں اب نئے انکشافات سامنے آئے ہیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق راج کندرا نے تحقیقاتی ٹیم کو اپنے نئے بیان میں بتایا ہے کہ کمپنی کے جمع شدہ فنڈز کا ایک بڑا حصہ بنائی جانے والی فلموں اور دیگر پراجیکٹس کی تشہیری مہم پر خرچ کیا گیا، جس میں تقریباً 20 کروڑ بھارتی روپے پروموشن اور دیگر اخراجات پر خرچ کیے گئے۔

ہالی ووڈ کے ہزار سے زائد فنکاروں کا اسرائیلی فلمی اداروں کا بائیکاٹ

لاہور (شوبز رپورٹر) ہالی ووڈ کے ایک ہزار سے زائد فنکاروں، فلم سازوں اور دیگر تخلیقی شخصیات نے اسرائیلی فلمی اداروں کے بائیکاٹ کا اعلان کر دیا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹ کے مطابق اس اقدام کا مقصد ان اداروں کے ساتھ کسی بھی قسم کا تعاون روکنا ہے جو مبینہ طور پر فلسطینیوں کے خلاف جاری پرتشدد کارروائیوں اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں میں شریک ہیں۔ اس بائیکاٹ کا اعلان ایک اجتماعی حلف نامے کے ذریعے کیا گیا ہے جس پر ہالی ووڈ کی معروف شخصیات جیسے کہ آسکر ایوارڈ یافتہ اداکارہ اولیویا کولمین، ہدایتکارہ آوا ڈو ورنے، اداکارہ ٹلڈا سوئنٹن، مارول فلموں کے اداکار مارک روفیلو، اور ہدایتکار ایڈم مکائے نے دستخط کیے ہیں۔

جسٹن ٹروڈو اور کیٹی پیری کے تعلقات سے متعلق نیا دعویٰ سامنے آ گیا

لاہور (شوبز رپورٹر) غیر ملکی میڈیا رپورٹ میں دعویٰ سامنے آیا ہے کہ مشہور پاپ گلوکارہ کیٹی پیری اور کینیڈا کے سابق وزیراعظم جسٹن ٹروڈو کے درمیان تعلقات اب بھی قائم ہیں۔ امریکی جریدے Us Weekly کے مطابق کئی ذرائع نے تصدیق کی ہے کہ جولائی کے آخر میں ایک ساتھ ڈنر کرنے کے بعد بھی کیٹی پیری اور جسٹن ٹروڈو رابطے میں ہیں اور ایک دوسرے میں دلچسپی رکھتے ہیں تاہم انہوں نے اس رشتے کو نجی رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ دونوں کے درمیان تعلقات ضرور ہیں مگر یہ رشتہ اس وقت 'سنجیدہ' نہیں ہے کیونکہ کیٹی پیری اپنی 'لائف ٹائمز' ٹور میں مصروف ہیں اور جسٹن ٹروڈو کی بھی مصروفیات ہیں۔ تاہم ٹروڈو اور گلوکارہ اگلے چند ہفتوں میں ملاقات کر سکتے ہیں جس کی منصوبہ بندی سابق وزیراعظم نے کی ہے کیونکہ تب تک کیٹی کو ٹور سے بریک مل جائے گا۔

مشہور 23 سالہ انفلوئنسر کی لاپتہ ہونے کے بعد پُراسرار موت

23 سالہ ماریان یکم ستمبر کو لاپتہ ہوئی تھیں

لاہور (سپورٹس ڈیسک) میکسیکو کی معروف فیشن انفلوئنسر اور ٹک ٹاک اسٹار ماریان ازاگیرے پراسرار طور پر لاپتہ ہونے کے بعد انتقال کر گئیں۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹ کے مطابق ماریان ازاگیرے چندروز قبل پراسرار طور پر لاپتہ ہوگئی تھیں۔ پانچ دن بعد ریاست مشیواکان کے شہر موریلیا کے ایک ہوٹل سے خراب حالت بازیاب ہوئی تھیں انہیں بازیابی کے بعد طبی امداد کیلئے فوری طور پر اسپتال منتقل کیا گیا، جہاں وہ دوران علاج جانبر نہ ہو سکیں۔ پولیس کے مطابق 23 سالہ ماریان یکم ستمبر کو لاپتہ ہوئی تھیں بازیابی کے وقت ٹک ٹاکر انتہائی نازک حالت میں تھیں اور انہیں دماغی مفلوجی (برین فیلئر) کا سامنا تھا، جس کے باعث ان کی موت واقع ہوئی۔ یاد رہے کہ حکام نے واقعے کی تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے اور ٹک ٹاکر کی موت کی وجوہات جاننے کے لیے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔

کترینہ کیف اور وکی کوشل نے پیدائش کے دو ماہ بعد بیٹے کا نام بتا دیا

کترینہ کیف اور وکی کوشل نے پیدائش کے دو ماہ بعد بیٹے کا نام بتا دیا

لاہور (شوبز رپورٹر) بالی ووڈ کی مقبول ترین جوڑی میں شمار ہونے والے کترینہ کیف اور وکی کوشل نے اپنے مداحوں کے ساتھ ایک خوش خبری شیئر کرتے ہوئے اپنے بیٹے کے نام کا باضابطہ اعلان کر دیا ہے۔ اس خوبصورت جوڑی نے سوشل میڈیا کے ذریعے دنیا کو بتایا کہ ان کے بیٹے کا نام ویہان کوشل رکھا گیا ہے۔ کترینہ کیف اور وکی کوشل بالی ووڈ کے مضبوط اور باوقار جوڑوں میں سے ایک سمجھے جاتے ہیں، تاہم ماں بننے کے بعد کترینہ نے خود کو میڈیا کی چکاچوند سے کافی حد تک دور رکھا۔ بچے کی پیدائش کے بعد بھی دونوں فنکاروں نے نجی زندگی کو ترجیح دی، جس کے باعث مداح طویل عرصے سے ننھے مہمان کے نام کے منتظر تھے۔ اس جوڑی نے پہلی بار 23 ستمبر 2025 کو اپنے والدین بننے کی خوش خبری مداحوں کے ساتھ شیئر کی تھی۔ اس موقع پر انسٹاگرام پر ایک سادہ مگر جذباتی بلیک اینڈ وائٹ تصویر پوسٹ کی گئی، جس میں وکی کوشل، کترینہ کے بے بی بمپ پر ہاتھ رکھے نظر آ رہے تھے۔ تصویر کے ساتھ لکھا گیا تھا کہ وہ اپنی زندگی کے سب سے خوبصورت باب کا آغاز خوشی اور شکرگزاری کے جذبات کے ساتھ کرنے جا رہے ہیں۔

وہ مشہور اداکارہ کون ہے جسے پہلی ہی فلم سے نکال کر رانی مکھرجی کو کاسٹ کر لیا گیا

پہلی فلم سے نکالا گیا، کرایہ دینے کے پیسے بھی نہیں تھے، اداکارہ

لاہور (شوبز رپورٹر) بالی ووڈ کے نواب خاندان کی بیٹی اداکارہ سوہا علی خان نے انکشاف کیا ہے کہ انہیں ان کی پہلی ہی فلم سے نکال دیا گیا تھا۔ سیف علی خان کی بہن سوہا علی خان نے حال ہی میں انکشاف کیا ہے کہ کس طرح انہیں اپنی پہلی فلم پہلی سے نکال دیا گیا تھا، جس کے بعد وہ مالی مشکلات کا شکار ہو گئیں۔ ایک انٹرویو میں سوہا نے بتایا کہ انہوں نے اپنی بینک کی کارپوریٹ ملازمت چھوڑ کر فلم میں کام کرنے کا فیصلہ کیا تھا، حالانکہ اس وقت ان کی تنخواہ اچھی تھی اور وہ لندن میں بسنے کی منصوبہ بندی کر رہی تھیں۔ اداکارہ نے بتایا کہ ہدایتکار امول پالیکر نے انہیں فلم 'پہیلی' کے لیے کاسٹ کیا تھا، لیکن جب شاہ رخ خان نے فلم میں مرکزی کردار کے طور پر شمولیت اختیار کی تو سوہا کو نکال دیا گیا اور ان کی جگہ رانی مکھرجی کو لے لیا گیا۔ سوہا علی خان کے مطابق انہیں جب اچانک بتایا گیا کہ اب وہ فلم کا حصہ نہیں رہیں گی، تو وہ حیران اور پریشان ہو گئیں کیونکہ ان کے پاس کرایہ ادا کرنے کے بھی پیسے نہیں تھے اور وہ اپنی جاب چھوڑ چکی تھیں۔

بقیہ 1

عمل میں نکلیں گی تو پنجاب سے بیماریاں بھاگ جائیں گی،حکومت اب انتظار نہیں کرے گی بلکہ خود چل کر گھروں تک جائے گی، جب بیماری ہوجائے تو علاج کی تکلیف برداشت کرنا پڑتی ہے،ہم پہلے ہی احتیاطی تدابیر اختیار کرنا چاہتے ہیں ۔کمیونٹی ہیلتھ انسپکٹرز پراجیکٹ لانچنگ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ مائیں،بہنیں ،بیٹیاں میدان عمل میں نکل آئیں تو پنجاب کو کوئی نہیں ہرا سکتا۔مائیں ،بہنیں ،بیٹیاں پنجاب کی تقدیر بدل دیں گی۔پنجاب کی بیٹی ڈٹ جائے تو پنجاب کا لینڈ سکیپ بدل سکتی ہے ۔کمیونٹی ہیلتھ انسپکٹرز پراجیکٹ کی لانچنگ تقریب میں ہر بچی سے ملنے کو دل چاہ رہا ہے ۔پنجاب کی بیٹی ،پنجاب کی بہن اور پنجاب کی ماں ہمت اور حوصلے میں کسی سے کم نہیں ۔صوبائی وزیر صحت و بہبود آبادی خواجہ عمران نذیر،سیکرٹری ہیلتھ اوران کی پوری ٹیم کو انتھک محنت کرنے پر مبارکباد پیش کرتی ہوں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ کمیونٹی ہیلتھ انسپکٹرز کئی ماہ کی ٹریننگ کے بعد تکلیف میں مبتلا انسانیت میں شفاء بانٹنے کیلئے تیار ہیں ۔کمیونٹی ہیلتھ انسپکٹرز میری آنکھیں ،کان اورمیرا فخر اورمیرا مان ہیں۔اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے آج ہم ہر شعبے میں خودکفیل ہیں۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب کی خواتین میدان عمل میں اپنا منفرد مقام پیدا کریں گی۔خواتین پنجاب کی ترقی کے لئے بہترین کردار ادا کرسکتی ہیں۔کلینک آن ویل اور فیلڈ ہسپتال سے تین کروڑ لوگوں کا علاج معالجہ کیا گیا۔مریم نواز شریفکمیونٹی ہیلتھ انسپکٹرز بلڈ شوگر سمیت تشخیصی ٹیسٹ اورانجکشن وغیرہ بھی لگا سکیں گی۔کمیونٹی ہیلتھ انسپکٹرز کا یونیفارم ڈیزائن کرنے میں خود دلچسپی لی ٹول کٹ کی منظوری بھی خود دی ۔کمیونٹی ہیلتھ انسپکٹرز پروگرام میں 25ہزار لوگوں کو جاب ملی،50ہزار تنخواد دے رہے ہیں ۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ کمیونٹی ہیلتھ انسپکٹر کام کر کے دکھائیں تو تنخواہ بڑھائیں گے۔مجھے احساس ہے یہ بہنیں ،بیٹیاں،گلی گلی جا کر محنت کرے گی تو موازانہ بھی اچھا دینا ہوگا۔کمیونٹی ہیلتھ انسپکٹرز پراجیکٹ کے ذریعے ہر گھر کا ہیلتھ پروفائل تیار ہوگا،بیماریوں کا اندازہ ہوگا،ڈیجیٹل ٹیپ میں پورا ریکارڈ رکھا جائے گا۔اب قوم کی بیٹی خدمت کررہی ہیں،اس کی عزت سب پر فرض ہے۔کوئی بھی بیماری ہو اس کا چیک اپ کر کے علاج کیلئے متعلقہ ہسپتال بھیجا جائے گا۔وقت آ گیا ہے حکومت کے پاس کسی کو نہ آنا پڑے،حکومت خود چل کر آئے۔وزیراعلیٰ مریم نوازش ریف نے کہا کہ ستھرا پنجاب کی گورننس کی شاندار مثال ہے۔ستھرا پنجاب کی ٹیمیں پورے صوبے سے گھر گھر جا کر کوڑا کرکٹ اٹھا رہے ہیں۔میرا یہ خواب ہے کہ سرکاری ہسپتال میں آنے والوں کو کبھی کسی مشکل کا سامنا نہ ہو۔کینسر ،امراض دل کی ادویات مفت دے رہے ہیں ،سرگودھا ،ساہیوال اورمری میں کارڈیالوجی انسٹی ٹیوٹ بنا دیئے ۔کوئی سوچ سکتا تھا کہ جہلم میں بھی کیتھ لیب بنے گی اورامراض دل کا علاج ہوگا۔جھنگ میں بھی کیتھ لیب جلد شروع کرنے جا رہے ہیں۔کوشش ہے کہ پنجاب کے عوام کو درکار ہر سہولت مہیا کرسکیں۔کمیونٹی ہیلتھ انسپکٹرز کو کہنا چاہتی ہوں کہ یہ نوکری نہیں مشن ہے۔

بقیہ 2

نام رو بنانہ قبائل ہوگا۔پشاور میں وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی کی زیر صدارت اجلاس میں ضم اضلاع کے ترقیاتی پیکج کی تیاری سے متعلق امور پر غور کیا گیا۔اس موقع پرانہوں نے کہا کہ ضم اضلاع کی معاشی ترقی کے لیے 6 تھیمیٹک ایریاز میں سرمایہ کاری ہوگی، ترقیاتی پیکج کا حجم ایک ہزار ارب روپے ہوگا۔وزیراعلیٰ کے پی نے کہا کہ ضم اضلاع کے بنیادی ڈھانچے، انسانی وسائل اور روزگار پر سرمایہ کاری ہوگی۔انہوں نے ترقیاتی پیکج میں قبائل میڈیکل کالج، انسٹیٹیوٹ آف ماڈرن سائنسز اور ڈیجیٹل سیٹیرز بھی شامل کرنے کی ہدایت کی۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ ضم اضلاع میں ڈی ایچ کیو اور ٹی ایچ کیو اسپتالوں کا قیام بھی پیکج میں لیا جائے، ہر ضم ضلع میں اسپورٹس کمپلیکس اور اسپورٹس گراؤنڈ بنایا جائے۔سہیل آفریدی نے کہا کہ ضم اضلاع کے اسکولوں اور مراکز صحت کی سولرائزیشن کو پیکج میں لیا جائے۔ضم اضلاع میں یتیم خانے، پناہ گاہیں اور ریسکیو اسٹیشن قائم کیے جائیں۔انہوں نے کہا کہ 1245 پرائمری اسکولوں کا قیام اور ساڑھے 11 ہزار اساتذہ کی بھرتی پیکج میں لی جائے،ضم اضلاع میں اسکولوں کی اپ گریڈیشن اور بحالی کا کام کیا جائے۔

بقیہ 3

کو اشتہاری قرار دے دیا۔سابق وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور کیخلاف شراب واسلحہ برآمدگی کیس کی سماعت کے دوران عدالت نے ان کے وارنٹ گرفتاری جاری کرتے ہوئے اشتہاری قرار دیا ہے۔جوڈیشل مجسٹریٹ مبشر حسن چشتی نے کیس پر سماعت کی،علی امین گنڈاپور عدالت میں پیش نہیں ہوئے، عدالت نے مسلسل عدم پیشی پر اشتہاری قرار دیا۔عدالت نے علی امین گنڈاپور کو اشتہاری قرار دینے کا زبانی فیصلہ سنایا،سابق وزیراعلیٰ کے پی علی امین گنڈاپور کیخلاف تھانہ بارہ کہو میں مقدمہ درج ہے۔

بقیہ 4

کیا۔ساڑھے تین گھنٹے طویل ملاقات میں پاک چین دوطرفہ تعلقات۔ انسداد دہشت گردی سے متعلق مشترکہ اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔انسداد دہشت گردی۔ پولیس ٹریننگ ایکسچینج پروگرام اور مشترکہ مفادات کے شعبوں میں اشتراک بڑھانے پر تفصیلی بات چیت کی گئی۔ملاقات میں مشترکہ ورکنگ گروپ کی ہر 3 ماہ بعد میٹنگ پر اتفاق کیا گیا جبکہ وزرائے داخلہ کی سطح پر ہر سال ایک بار ملاقات ہوگی۔دونوں وزرائے داخلہ نے دوطرفہ تعاون کو فروغ دینے کے کوآرڈینیشن بہتر بنانے کی ضرورت پر زور دیا گیا۔چینی وزیر داخلہ نے چینی شہریوں اور منصوبوں کی حفاظت کے اقدامات پر اطمینان کا اظہار کیا اور وزیر داخلہ محسن نقوی اور انکی ٹیم کا شکریہ ادا کیا۔چینی وزیر داخلہ نے انسداد دہشت گردی اور داخلی سیکیورٹی سے متعلق پاکستان کی کوششوں کو سراہا۔چینی وزیر داخلہ نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں،دونوں رہنماؤں نے دہشت گردی اور جرائم کے خلاف مشترکہ فوری ردعمل کے نظام کو مزید مؤثر بنانے پر اتفاق کیا گیا اور پولیس کی استعداد بڑھانے کیلئے ٹریننگ ایکسچینج پروگرام کا دائرہ کار بڑھانے پر بھی اتفاق ہوا،ملاقات میں اسلام آباد اور بیجنگ سسٹر سٹیز کے امور پر بھی بات چیت کی گئی۔دونوں وزراء کے درمیان پولیس اور سیکیورٹی اہلکاروں کی تربیت اور پیشہ وارانہ صلاحیتوں میں اضافہ کیلئے مشترکہ حکمت عملی پر اتفاق کیا گیا۔وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے تربیت کے ذریعے دونوں ممالک کی پولیس اور اداروں کے درمیان تجربات اور معلومات کے تبادلے کو یقینی بنانے پر زور دیا۔وزیر داخلہ محسن نقوی نے چائنیز کی سیکیورٹی کے لیے کئے گئے اقدامات سے آگاہ کیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ چینی شہریوں اور مشترکہ مفادات کے منصوبوں کا تحفظ اولین ترجیح ہے،چائنیز کی سیکیورٹی کے لئے ہر سطح پر مضبوط اقدامات کئے ہیں۔چائنیز کی سیکیورٹی کے لیے اسلام آباد میں خصوصی پروٹیکشن یونٹ بنا رہے ہیں،سائبر کرائمز کی روک تھام کیلئے چینی تعاون کا خیر مقدم کریں گے،نیشنل سائبر کرائمز انوسٹی گیشن ایجنسی کی استعداد کار بڑھانے کے لئے چینی اداروں کی معاونت سے استفادہ کرنا چاہتے ہیں،انسداد دہشت گردی اور سیکورٹی چیلنجز سے نمٹنے کیلئے چینی اے آئی بیسڈ ٹیکنالوجی سے بہت مدد مل سکتی ہے،پاکستان اور چین کے درمیان پائیدار اشتراک کا انمٹ رشتہ ہے اور کوئی اس میں دراڑ نہیں ڈال سکتا،سیکورٹی چیلنجز سے نمٹنے اور مشترکہ مفادات کے تحفظ کیلئے پائیدار تعاون کو مزید وسعت دینا چاہتے ہیں۔وزیر داخلہ محسن نقوی نے چینی ہم منصب کو پاکستان کے دورے کی دعوت دی۔وزیر داخلہ محسن نقوی نے صدر آصف علی زرداری اور وزیراعظم محمد شہباز شریف کی جانب سے چینی صدر اور وزیراعظم کیلئے نیک خواہشات کا پیغام دیا۔چینی وزیر داخلہ نے پاکستانی ہم منصب محسن نقوی کو ستمبر میں چین میں ہونے والے گلوبل سکیورٹی تعاون فورم میں شرکت کی دعوت دی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور چین سٹریٹجک پارٹنر ہیں،2026 کے آغاز میں پاکستانی وزیر داخلہ کو خوش آمدید کہتے ہوئے انتہائی مسرت ہوئی ہے،پاکستان کے ساتھ ہر سطح پر دوطرفہ اشتراک کار بڑھانے کے لئے تیار ہیں۔چینی وزیر داخلہ نے پاکستانی ہم منصب محسن نقوی اور وفد کے اعزاز میں ظہرانہ بھی دیا۔چین کے نائب وزیر داخلہ سو ڈیٹونگ، نائب وزیر یو شیوہو، بیجنگ کے ڈپٹی میئر و بیجنگ پبلک سیکیورٹی بیورو کے ڈی جی کن یونبیاؤ، وزارت پبلک سیکیورٹی جنرل آفس کے ڈی جی گو کان، انسداد دہشت گردی محکمے کے ڈی جی گاؤ کیو اور بین الاقوامی تعاون محکمے کے ڈی جی وانگ یونگ بھی اس موقع پر موجود تھے۔وفاقی سیکرٹری داخلہ خرم آغا،چین میں پاکستان کے سفیر خلیل ہاشمی،ڈی جی نیشنل پولیس اکیڈمی محمد ادریس، ڈی جی نیشنل سائبر کرائمز انوسٹی گیشن ایجنسی سید خرم علی۔ چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا اور آئی جی اسلام آباد پولیس علی ناصر رضوی بھی اس موقع پر موجود تھے۔

بقیہ 5

مچھلیوں نے تباہی مچا دی،جملہ آور نسل سے تعلق رکھنے والی یہ مچھلیاں عام طور پر گھروں کے ایکوریم کیلئے امپورٹ کی جاتی ہیں،اب تک 26 اقسام کی غیر ملکی مچھلیاں پاکستانی پانیوں میں پائی گئی ہیں، جو نا صرف مقامی مچھلیوں کو کھا رہی ہیں بلکہ مقامی مچھلیوں کی خوراک اور ان کی جگہ پر قبضہ کر رہی ہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پاکستان میں دکھائی دی گئیں ان حملہ آور مچھلیوں میں لاطینی امریکا سے تعلق رکھنے والی ایمازون سیل فن کیٹ فش، پاکو اور سرخ پیٹ والی تلاپیا مچھلیاں سرفہرست ہیں، ڈبلیوڈبلیو ایف اور آبی ماہرین نے خدشہ ظاہر کیا ہے کہ ان غیر مقامی مچھلی سے مقامی ایکوسسٹم تباہ ہوجائے گا۔اس بات کی تحقیقات کی جارہی ہیں کہ یہ مچھلیاں کس طرح دریاؤں میں پہنچیں؟ ماہرین کے مطابق پاکستان میں ان مچھلیوں کی تعداد اتنی بڑھ چکی ہے کہ اسے ختم کرنا تقریباً ناممکن نظر آتا ہے۔

بقیہ 6

اعلامیہ میں کہا گیا کہ سیاسی کارکنوں کی رہائی کے بعد حکومت پر اعتماد بڑھے گا، میڈیا کی سنسرشپ ختم کی جائے اور سیاسی افراد پر مقدمات ختم کیے جائیں۔نیشنل ڈائیلاگ میں بات چیت کے عمل کو جاری رکھنے پر اتفاق کیا گیا، نیشنل ڈائیلاگ کمیٹی کا آئندہ اجلاس ملتان میں ہوگا۔

بقیہ 7

کو پیش کی جائے۔سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے ہاؤسنگ اینڈ ورکس کا اجلاس بدھ کے روز پارلیمنٹ لاجز،اسلام آباد میں منعقد ہوا،جس کی صدارت سینیٹر ناصر محمود نے کی۔اجلاس میں سینیٹر جان محمد، سینیٹر خالدہ عطیب اور سینیٹر ہدایت اللہ خان نے شرکت کی۔کمیٹی کے اجلاس میں گزشتہ اجلاسوں (کوئٹہ 21 نومبر 2025 اور لاہور 18 دسمبر 2025) میں جاری کردہ ہدایات پر عملدرآمد رپورٹ پیش کی گئی۔اجلاس کے دوران پاکستان پبلک ورکس ڈیپارٹمنٹ (پاک پی ڈبلیوڈی) کے مینٹیننس اسٹاف کے ملازمین کو یکم جولائی 2025 سے تنخواہوں کی عدم ادائیگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔کمیٹی نے شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ان ملازمین کو فوری طور پر بقایاجات کی ادائیگی اور انہیں اسی تاریخ سے ایڈجسٹ کرنے کی ہدایت کی جس تاریخ سے بلوچستان میں دیگر پاک پی ڈبلیوڈی ملازمین کو مختلف محکموں میں ایڈجسٹ کیا گیا تھا۔کمیٹی کو آگاہ کیا گیا کہ مختلف اداروں میں ایڈجسٹ کیے گئے ملازمین کو بلاتعطل تنخواہیں ادا کی جارہی ہیں،جن میں 1493 ملازمین سی ڈی اے، 970 اسٹیٹ آفس، 95 وزارت دفاع، ایک وفاقی شرعی عدالت، 60 وزارت خارجہ، 116 ایف بی آر، 35 نیب اور 90 کنٹرولر جنرل آف اکاؤنٹس میں شامل ہیں۔ مجموعی طور پر تقریباً 860,2 ملازمین کو تنخواہیں باقاعدگی سے مل رہی ہیں، جبکہ 173 ملازمین کے لیے موجودہ مالی سال کے بجٹ کی منظوری زیرغور ہے اور 83 آئی بی ملازمین کی تصدیق کا عمل جاری ہے۔چیئرمین کمیٹی نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ تمام مذکورہ ملازمین کی تنخواہوں کی ادائیگی کی تصدیق کر کے واضح اور مستند رپورٹ کمیٹی کو پیش کی جائے۔اجلاس میں سینٹرل سول ڈویژن پاک پی ڈبلیوڈی کے 15 درجہ چہارم کے ملازمین کا معاملہ بھی زیر بحث آیا، جنہیں اے جی پی آر اور ٹی آفس لاہور منتقل تو کیا گیا مگر گزشتہ چھ ماہ سے نہ تو ایڈجسٹ کیا گیا اور نہ ہی تنخواہیں ادا کی گئیں۔کمیٹی نے اس صورتحال پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے فوری حل اور تنخواہوں کی ادائیگی کی ہدایت کر دی۔وزارت ہاؤسنگ اینڈ ورکس کے حکام نے کمیٹی کو پاک پی ڈبلیوڈی ملازمین کی ایڈجسٹمنٹ، تنخواہوں، پنشن، گریجویٹی اور دیگر واجبات کی ادائیگی کی موجودہ صورتحال پر بریفنگ دی۔اجلاس میں کانسٹیٹیشیا اسٹیٹ مری کے حصول، ترقی اور استعمال سے متعلق امور کا بھی جائزہ لیا گیا۔کمیٹی کو بتایا گیا کہ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) مری نے زمین کی میوٹیشن کے لیے ڈپٹی کمشنر کو باضابطہ درخواست دینے کی ہدایت کی ہے چونکہ اسٹیٹ آفس کو زمین کی صرف نگرانی (واچ اینڈ وارڈ) کی ذمہ داری دی گئی ہے، اس لیے معاملہ وزارت ہاؤسنگ اینڈ ورکس کو بھجوادیا گیا ہے تاکہ یہ فیصلہ کیا جاسکے کہ میوٹیشن وفاقی حکومت یا وزارت کے نام کی جائے۔مزید برآں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) نے سول کورٹ راولپنڈی کو خط لکھ کر زیر التواء مقدمات کو پنجاب پروٹیکشن آف اونرشپ آف امووایبل پراپرٹی آرڈیننس کے تحت ڈسپیوٹ ریزولوشن کمیٹی کو منتقل کرنے کی درخواست کی ہے۔چیئرمین کمیٹی نے بروقت فیصلوں، شفافیت اور ملازمین کے حقوق کے تحفظ کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے متعلقہ وزارتوں اور محکموں کو جلداز جلد پیش رفت رپورٹس جمع کرانے کی ہدایت کی۔

بقیہ 8

کے لیے ان کی رہائش گاہ گئے،چیئرمین سینیٹ نے مرحوم کے اہل خانہ سے گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور میاں منظور وٹو کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی اور دعائے مغفرت کی۔اس موقع پر چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار خاندان کو یہ عظیم صدمہ صبر، حوصلے اور استقامت کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق دے۔ انہوں نے کہا کہ میاں منظور وٹو کی سیاسی، سماجی اور عوامی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ بطور وزیراعلیٰ پنجاب میاں منظور وٹو کی خدمات قابل تحسین رہیں،صوبائی اسمبلی میں قانون سازی اور انتظامی امور کے حوالے سے انہیں وسیع تجربہ حاصل تھا جس کی بدولت انہوں نے عوامی مفاد میں موثر کردار ادا کیا۔انہوں نے کہا کہ میاں منظور وٹو ایک منجھے ہوئے سیاستدان اور عوامی حلقوں میں مقبول رہنما تھے جن کی خدمات پنجاب اور ملکی سیاست کے لیے یادگار حیثیت رکھتی ہیں۔ چیئرمین سینیٹ نے مرحوم کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کرتے ہوئے تعزیت کا اظہار کیا۔

بقیہ 9

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے گفتگو کرتے ہوئے کیا جنہوں نے اسلام آباد میں اُن سے ملاقات کی۔گورنر بلوچستان اور وفاقی وزیر مواصلات کے مابین باہمی دلچسپی کے مختلف امور اور موجودہ ملکی سیاسی صورتحال پر گفتگو ہوئی۔وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان کا کہنا تھا کہ بلوچستان میں شاہراہوں کی تعمیر ومرمت اور اُن کی ’’اپ گریڈیشن‘‘ این ایچ اے کی اولین ترجیح ہے اور سکیورٹی امور کے باوجود نیشنل ہائی وے اتھارٹی صوبہ بلوچستان میں سرگرم عمل ہے۔ انہوں نے اس امر کا اعادہ کیا کہ بلوچستان میں تعمیر ہونے والی این 25 پاکستان ایکسپریس وے عالمی معیار کی حامل ہوگی اور اس کی بہترین انداز میں تعمیر کو یقینی بنائیں گے۔گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان کو این ایچ اے سے متعلقہ مختلف امور سے آگاہ کیا جس پر انہوں نے ان امور کے جلد حل کا یقین دلایا گیا۔

بقیہ 10

حوالے سے لائحہ عمل تیار کرنے کی ہدایت کی ہے۔وزیراعظم نے ہدایت کی کہ چاول کی برآمدات میں اضافے کے حوالے سے رائس ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے ساتھ مل کر حکمت عملی ترتیب دی جائے اور ایکسپورٹرز کو سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے ادارہ جاتی اصلاحات پر کام مزید تیز کیا جائے۔اجلاس میں شہباز شریف کو برآمدات میں اضافے کے حوالے حکومتی حکمت عملی پر بریفنگ دی گئی اور جولائی تا دسمبر 2025 کے تجارتی اعداد وشمار پیش کیے گئے۔اجلاس کو ہائی ویلیو سیکٹر جیسا کہ انجینئرنگ، ادویات میڈیکل ڈیوائسز اور پراسیسڈ فوڈ کی برآمدات بڑھانے کے حوالے سے آگاہ کیا، حکام نے بتایا کہ ملکی برآمدات کو گلوبل ویلیو چین کا حصہ بنانے کے حوالے سے بھی کام کیا جارہا ہے۔حکام کا مزید کہنا تھا کہ برآمد کنندگان کو سہولت دینے کے حوالے سے ملک میں پورٹس اور لاجسٹکس کے نظام کو بہتری لائی جارہی ہے، چاول کی برآمدات کیلئے کئی ممالک سے معاہدوں پر بات چیت جاری ہے۔اجلاس میں وفاقی وزیر خزانہ محصولات محمد اورنگزیب، وفاقی وزیر قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین، وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ، وزیر مملکت برائے خزانہ و ریلوے بلال اظہر کیانی، گورنر سٹیٹ بینک محمد جمیل احمد اور متعلقہ اعلیٰ سرکاری افسران نے شرکت کی

بقیہ 11

تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ اتنی بڑی سیاسی جماعت ہے ،اپوزیشن لیڈر کسی اور کو نامزد کردیا، یہ کس طرح کے فیصلے ہورہے ہیں؟۔ نیشنل ڈائیلاگ کمیٹی کے زیر اہتمام نیشنل کانفرنس کا اہتمام کیا گیا جس میں شاہد خاقان عباسی، لیاقت بلوچ، شیرافضل مروت، بیرسٹرسیف اور عمران اسماعیل شریک ہوئے۔اس موقع پر صحافیوں سے گفتگو میں شیر افضل مروت نے کہا کہ اتنی بڑی سیاسی جماعت ہے لیکن اپوزیشن لیڈر کسی اور کو نامزد کردیا، یہ کس طرح کے فیصلے ہورہے ہیں؟شیر افضل مروت نے سوال کیا کوئی ایک بھی فیصلہ ٹھیک کیا گیا ہے؟

بقیہ 12

پولرائزیشن کی وجہ سے مشکلات ہیں،اس قسم کے ڈائیلاگ سے ملک کو درپیش مسائل کم کیے جاسکتے ہیں، بعض سیاسی جماعتیں یہاں موجود نہیں، ان کو خدشہ ہے شاید اس سے ان کو سیاسی نقصان ہوگا۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی اور ریاست کے درمیان اختلافات کو کم کرنے کی ضرورت ہے، یقینا عمران خان کو رہا کرنا ضروری ہے، ان کے علاوہ تمام سیاسی قیدیوں کو رہائی دی جائے، عمران خان کی رہائی کے بعد جو صورتحال ہوگی اس سے حکمرانوں کو خدشات ہیں۔

بقیہ 13

ہے کہ پاکستان کے موجودہ حالات کے ہم سب یکساں ذمے دار ہیں۔نیشنل ڈائیلاگ کمیٹی کے تحت قومی ڈائیلاگ سے خطاب میں شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ 60 سال سے ملک میں ہائبرڈ حکومتیں ہیں، جب تک سب بیٹھیں گے نہیں، حالات بہتر نہیں ہوں گے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی خرابیوں کے ذمے دار سب ہیں، میں ایسے شخص یا ادارے کو نہیں جانتا جو ملکی حالات کا ذمے دار نہ ہو۔سابق وزیراعظم نے کہا کہ ملکی مسائل اور معاملات کا نتیجہ معیشت کی حالت سے نظر آتا ہے، جب میڈیا آزاد نہیں ہوتا خرابی ہوتی ہے تو اس کے اثرات معیشت پر نظر آتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ملک میں انتشار ہوگا تو ملک نہیں چلے گا، اس ملک کے حالات کے ہم سب یکساں طور پر ذمے دار ہیں، ملک میں جب قانون کی حکمرانی نہ ہو تو اس کے اثرات معیشت پر آتے ہیں۔شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ بانی چیئرمین بھی حکومت کر چکے ہیں، ان کے پاس آج بھی حکومت ہے، یہ مسئلہ بانی چیئرمین کی رہائی کا نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ 38 ارب ڈالر بیرون ملک سے لوگوں نے گزشتہ سال پاکستان بھیجے ہیں، ملک کے حالات کو سمجھنے کی ضرورت ہے، حل اس طرح بیٹھ کر ملے گا۔سابق وزیراعظم نے کہا کہ آپ نے آئین کو توڑ موڑ کر رکھ دیا، اس وجہ سے خرابی ہوئی، سیاستدان، فوج، ججز، تاجروں سب کو مل کر بیٹھ کر بات کرنا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ حب الوطنی کے دعوے سب کرتے ہیں لیکن ملک کے جو حالات ہیں وہ حب الوطنی والے نہیں، اس ملک پر حقیقتاً اشرافیہ کا قبضہ ہے، آج ناکامی لیڈرشپ کی وجہ سے ہے۔

بقیہ 14

معتبر بین الاقوامی شراکت داروں کے ساتھ فعال طور پر رابطے میں ہے۔وہ بدھ کو یہاں سجوانی بزنس گروپ کے وفد سے ملاقات میں گفتگو کررہے تھے۔ملاقات میں ڈیجیٹل فنانس اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز میں تعاون کے امکانات پر تبادلہ خیال ہوا۔اعلیٰ سطح کے وفد کی قیادت چیئرمین ون گروپ سید ذیشان شاہ کر رہے تھے۔ملاقات میں ٹوکنائزیشن، مصنوعی ذہانت، بلاک چین اور ڈیجیٹل انفراسٹرکچر سے متعلق عالمی سطح پر ابھرتے ہوئے رجحانات پر غور کیا گیا۔ملاقات میں پاکستان کے مالیاتی شعبے میں جاری اصلاحات اور ڈیجیٹل تبدیلی کے ایجنڈے کی حمایت کے لیے ممکنہ تعاون کے پہلوؤں پر تبادلہ خیال بھی ہوا۔وفد نے حکومتِ پاکستان کے ساتھ شراکت داری میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا اور حقیقی اثاثوں کی ٹوکنائزیشن، بلاک چین پر مبنی پلیٹ فارمز، مصنوعی ذہانت پر مبنی حل اور جدید ڈیجیٹل انفراسٹرکچر جیسے شعبوں میں تکنیکی مہارت، مشاورتی معاونت اور استعداد کار میں اضافے کی پیشکش کی۔وفد نے عالمی سطح کی بہترین مثالوں اور نجی شعبے کی اختراعات کو اجاگر کیا جو ملک کے قانونی اور ضابطہ جاتی فریم ورک کے مکمل احترام کو یقینی بناتے ہوئے پاکستان کو شفافیت، کارکردگی، سرمایہ کاروں کی رسائی اور مالی شمولیت میں بہتری لانے میں مدد دے سکتی ہیں انہوں نے کہا کہ یہ بات چیت پاکستان کی جانب سے ابھرتی ہوئی مالیاتی ٹیکنالوجیز کو ذمہ دارانہ انداز میں اپنانے کی حالیہ کاوشوں کے تناظر میں ہوئی، جن میں خودمختار اور حقیقی اثاثوں کے لیے ضابطہ جاتی تقاضوں سے ہم آہنگ بلاک چین انفراسٹرکچر کے جائزے کی حکومتی کوششیں بھی شامل ہیں۔فریقین نے اس امر پر اتفاق کیا کہ اگر ان ٹیکنالوجیز کو محتاط انداز میں نافذ کیا جائے تو یہ کیپٹل مارکیٹ کو وسعت دینے، بین الاقوامی سرمایہ کاری کو راغب کرنے اور پائیدار معاشی ترقی کے فروغ میں معاون ثابت ہوسکتی ہیں۔وزیر خزانہ نے وفد کی دلچسپی کو سراہا اور پاکستان کے ساتھ تعمیری انداز میں روابط استوار کرنے پر ان کا شکریہ ادا کیا۔انہوں نے ذمہ دارانہ اختراع، مضبوط طرزِ حکمرانی اور ضابطہ جاتی مطابقت کے حوالے سے حکومت کے عزم کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اپنے مالیاتی نظام کو مضبوط بنانے کے لیے نئی ٹیکنالوجیز کے جائزے کی خاطر معتبر بین الاقوامی شراکت داروں کے ساتھ فعال طور پر رابطے میں ہے۔وزیر خزانہ نے اس بات پر زور دیا کہ کسی بھی ممکنہ تعاون کی بنیاد قومی ترجیحات، شفافیت اور قابل اطلاق قوانین و پالیسیوں پر رکھی جائے گی۔وفد میں امیرہ حسین سجوانی، شریک مینیجنگ ڈائریکٹر، ڈی اے ایم اے سی گروپ اور شریک بانی و چیف ایگزیکٹو آفیسر، پر یکو، عاقب حسن، چیف کمرشل آفیسر، ون ہومز الپ اوزینالپ اور چیف آف سٹاف و جنرل منیجر ٹوکنائزیشن جوزف ال آم بھی شامل تھے۔

بقیہ 15

رشتہ دار یا رہنما کو ان دونوں سے ملنے نہیں دیا گیا۔

بقیہ 16

سے موبائل چوری کرتے دیکھا جاسکتا ہے۔ملزمان گن پوائنٹ پر لوگوں سے لوٹ مار کر کے فرار ہوجاتے تھے،ملزمان سے 50 ہزار نقدی، چوری شدہ موبائل فون اور پستول بمع گولیاں برآمد ہوئی ہیں۔ گرفتار ملزمان میں عثمان اور رقیب شامل ہیں جن کے خلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 17

سال 2025 کے دوران 46056 بینک اکاؤنٹس اور ڈیجیٹل والٹ منجمد کیے گئے،آن لائن بچوں کے استحصال کے خلاف آپریشن بران کا آغاز کیا گیا،خصوصی آپریشن کے دوران 35 مقدمات درج کر کے ملزمان کو گرفتار کیا گیا، قانون نافذ کرنے والے اداروں کے 300 سے زائد افسران کو سائبر تفتیشی تکنیکوں پر تربیت دی گئی،آن لائن اور مالیاتی فراڈ سے آگاہی کے لیے 2 ملین لوگوں کو آگاہی فراہم کی گئی،رواں برس کے دوران انٹرپول کے ساتھ روابط کو مزید مضبوط بنایا گیا،نیشنل سائبر کرائم ایجنسی نے علاقائی سائبر کرائم انویسٹیگیٹرز فارم کی میزبانی کی،این سی سی آئی اے کے ڈیٹا کے مطابق رواں برس کے دوران پانچ پڑوسی ممالک کے ساتھ روابط کو مضبوط بنایا گیا

بقیہ 18

قبضے میں پانچ کنال اراضی بھی ہتھیا لی جس سے شکایت کنندہ کو مجموعی طور پر دس کروڑ روپے سے زائد کا بھاری مالی نقصان ہوا۔تحقیقات میں یہ بات بھی سامنے آئی کہ ملزمان کا غیر ملکی کمپنی سے کوئی تعلق نہیں اور ان کا پورا منصوبہ جعلی، فرضی اور فراڈ پر مبنی تھا۔ملزمان کے خلاف پہلے بھی مالی فراڈ کے درجنوں مقدمات درج ہیں جن کی بنیاد پر ایف آئی اے نے کارروائی کی۔

بقیہ 19

جاں بحق ہونے والے مسافروں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کیا۔ترجمان ریسکیو کے مطابق زخمیوں میں 7 خواتین بھی شامل ہیں، زخمیوں اور جاں بحق افراد کو ٹی ایچ کیو تلہ گنگ منتقل کیا گیا، متعدد زخمیوں کی حالت تشویشناک بتائی گئی ہے۔پولیس حکام نے بتایا کہ حادثے کی تحقیقات شروع کر دی گئی، زخمیوں کو ہسپتال میں ہر ممکن طبی امداد فراہم کی گئی ہے۔

بقیہ 20

باتھیاں اور لونڈ خوڑ سمیت مضافات کئی دنوں سے شدید دھند اور سردی کی لپیٹ میں ہیں۔ مقامی انتظامیہ نے عوام سے غیر ضروری سفر سے اجتناب کرنے کی اپیل کی ہے۔ اسی طرح رستم اور گردونواح میں بھی دوسرے روز دھند کا راج رہا۔پشاور کے علاوہ ڈیرہ اسماعیل خان، بنوں، صوابی اور دیگر میدانی علاقوں میں بھی شدید دھند کے باعث حدِ نگاہ متاثر رہی جس سے سڑکوں پر ٹریفک کی روانی سست ہوگئی۔دھند کے باعث پشاور ایئرپورٹ پر حدِ نگاہ 50 میٹر تک محدود ہوگئی جس کے نتیجے میں متعدد ملکی و غیر ملکی پروازیں تاخیر کا شکار ہوئیں یا متبادل ایئرپورٹس پر منتقل کر دی گئیں۔ پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی (پی اے اے) کے مطابق دوحہ سے پشاور آنے والی قطر ایئرویز کی پرواز QR-600 اور پشاور سے دوحہ جانے والی پرواز QR-601 شدید تاخیر کا شکار رہیں،شارجہ سے پشاور آنے والی ایئر عربیہ کی پرواز G9554 اور پشاور سے شارجہ جانے والی پرواز G9555 بھی خراب موسم کے باعث تاخیر کا شکار ہوئیں اسی طرح راس الخیمہ سے آنے والی پرواز G9864 اور وہاں روانہ ہونے والی پرواز G9865 متاثر ہوئیں۔ ابوظبی سے پشاور آنے والی اتحاد ایئرویز کی پرواز EY-276 اور پشاور سے ابوظبی جانے والی پرواز EY-277 میں بھی تاخیر رپورٹ کی گئی۔فلائی اڈیل کی پشاور آنے والی پرواز دھند کے باعث اسلام آباد منتقل کر دی گئی۔

بقیہ 21

کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ریسکیو میڈیکل ٹیم کے اہلکاروں نے تمام متاثرین کو طبی امداد فراہم کی، جھلس کر زخمی ہونے والوں میں 2 مرد اور 2 خواتین شامل ہیں۔ریسکیو 1122 نے بتایا کہ گلریز کے علاقے میں گھر میں گیس لیکج تھی، بجلی کا بٹن آن کرنے سے دھماکا ہوا، دھمیال روڈ احمد آباد کے علاقے میں گھر میں گیس لیکج تھی، آگ جلانے سے دھماکہ ہوا۔

بقیہ 22

سکیورٹی نظام کو مزید موثر بنایا جاسکے گا۔سول ایوی ایشن، پاکستان ایئرپورٹ اتھارٹی اور اے ایس ایف نے منصوبے پر مشترکہ طور پر کام تیز کر دیا ہے، جبکہ سی اے اے کے ماتحت ادارے نئے اسکیننگ مشینز کی تنصیب کا ہدف مکمل کریں گے۔حکام کے مطابق اس اقدام سے مسافروں کو سہولت ملے گی اور سامان کی جانچ پڑتال میں وقت کی بچت ہو گی۔ذرائع کا کہنا ہے کہ جدید اسکیننگ مشینز کا یہ منصوبہ اربوں روپے مالیت کا ہے، جس کے تحت کراچی، اسلام آباد، لاہور سمیت ملک کے تمام بڑے اور چھوٹے ہوائی اڈوں پر جدید ترین مشینز نصب کی جائیں گی۔نئی مشینز کی بدولت ایئرپورٹس سے ہر قسم کی اسمگلنگ کی روک تھام میں مدد ملے گی اور سکیورٹی اقدامات مزید مضبوط ہوں گے۔ذرائع کے مطابق ایئرپورٹس پر نصب کی جانے والی اسکیننگ مشینز عالمی سول ایوی ایشن کے معیار کے مطابق ہوں گی، جس سے بین الاقوامی سکیورٹی تقاضوں کو بھی پورا کیا جاسکے گا۔

بقیہ 23

روڈ میپ تیار کیا گیا،وزیراعظم کی ہدایت پرسی ڈی اے اور وزارت قومی صحت نے مشترکہ ایکشن لیا اور اسلام آباد میں موجود 29ہزار سے زائد پولن الرجی والے درخت ہٹا دیے گئے، پولن الرجی کے درختوں پیپر ملبری کے خلاف 3 مرحلوں پر مشتمل سائنسی آپریشن مکمل کرلیا گیا، وفاقی دارالحکومت سے 115,29 پولن الرجی والے پیپر ملبری درخت ختم کر دیئے گئے،ایف نائن پارک، شکر پڑیاں اور بڑے سیکٹرز سے پولن الرجی ملبری درخت ہٹائے گئے۔اعلامیہ کے مطابق مقامی اور غیر الرجینک درخت محفوظ ہیں،صرف پیپر ملبری ہدف تھا، ہرا کھاڑے گئے درخت کے بدلے 3 نئے مقامی درخت لگانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔اعلامیہ کے مطابق اب تک متعلقہ علاقوں میں 40 ہزار سے زائد ماحول دوست درخت لگائے جا چکے ہیں،نجی شعبے اور او جی ڈی سی ایل کے تعاون سے مزید 18 ہزار درختوں کا ٹینڈر جاری کیا گیا۔شکر پڑیاں میں 181 ایکڑ پر بحالی کا کام جاری ہے منصوبہ اپریل 2026 تک مکمل کرنے کا ہدف ہے،اقدام سے پولن الرجی مریضوں میں کمی، دو سال میں پولن ویکسینیشن کیسز میں 23 فیصد کمی،2023 کے مقابلے میں 2025 میں الرجی کیسز نصف سے بھی کم رہ گئے۔اعلامیہ کے مطابق نومبر اور دسمبر 2025 میں پولن کیسز ریکارڈ حد تک کم رپورٹ ہوئے۔

بقیہ 24

کے بجائے ادھر منتقل ہو سکتا ہے۔ پاکستان میں فور جی کی پہلی نیلامی کو ایک دہائی سے زیادہ عرصہ گزرنے کے باوجود، کروڑوں موبائل صارفین اب بھی انٹرنیٹ کی سہولت سے محروم ہیں۔ٹیلی کام صنعت کے رہنماؤں کا کہنا ہے کہ یہ حقیقت ایک عبرت ناک سبق ہونی چاہیے، کیونکہ ملک اب فائیو جی اسپیکٹرم کی نیلامی کی تیاری کر رہا ہے۔ٹیلی کام آپریٹرز ایسوسی ایشن آف پاکستان کے چیئرمین عامر ابراہیم نے پالیسی سازوں پر زور دیا ہے کہ وہ ماضی کی غلطیوں کو دہرانے سے گریز کریں۔

بقیہ 25

سردار نصر اللہ خان دریشک عقیدت مندوں کے ہمراہ یہ رسم ادا کریں گے۔ اس موقع پر درود وسلام کی محفل ہوگی جس میں اسلام کی سر بلندی اور ملک وملت کی ترقی اور خوشحالی کے لیے خصوصی طور پر دعائیں کی جائیں گی۔ اسی رات کو محفل نعت کا اہتمام کیا گیا ہے۔عرس کے دوسرے روز 13 جنوری کو الحمرا ہال نمبر 1 میں صاحبزادہ معین الدین محبوب کوریجہ کی زیر صدارت سیمینار ہو گا جس میں مقررین حضرت واصف علی واصف رحمتہ اللہ علیہ کی زندگی اور روحانی تعلیمات کے حوالے سے اظہار خیال فرمائیں گے۔رات کو مزار شریف میں محفل سماع ہو گی۔حضرت واصف علی واصف رحمتہ اللہ علیہ کے عرس کے آخری روز 14 جنوری کو مزار شریف پر محفل آڈیو کیسٹ ہو گی جس میں ان کی زندگی میں ان سے پوچھے گئے سوالات کے جوابات سنائے جائیں گے جبکہ بعد از نماز عصر اختتامی دعا ہوگی جس میں خواجہ محمد سلیمان قمر قادری مہمان خصوصی ہوں گے۔

بقیہ 26

محمد نواز گوندل نے کی۔اجلاس میں ادارے کے تمام متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ میٹنگ کے دوران آن لائن بکنگ سروس کے ابتدائی اقدامات، فریم ورک اور روڈ میپ پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا۔ایگزیکٹو ڈائریکٹر محمد نواز گوندل نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آن لائن بکنگ وقت کی اہم ضرورت ہے اور اس کے ذریعے نہ صرف شفافیت کو یقینی بنایا جاسکتا ہے بلکہ عوام کو بہتر، تیز اور بااعتماد سہولیات بھی فراہم کی جاسکتی ہیں۔الحمرا ایک جدید اور متحرک ادارہ ہے جو بدلتے ہوئے تقاضوں کے ساتھ قدم سے قدم ملا کر چلنے پر یقین رکھتا ہے۔اجلاس میں پی آئی ٹی بی سے رابعہ نے بریف کیا۔اجلاس میں شریک افسران نے آن لائن سسٹم کے مختلف پہلوؤں پر اپنی قیمتی تجاویز پیش کیں، جنہیں نہایت غور وخوض سے سنا گیا اور آئندہ لائحہ عمل کا حصہ بنانے پر اتفاق کیا گیا۔اس اقدام کا مقصد جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے ادارہ جاتی امور کو مؤثر بنانا، شفافیت کو فروغ دینا اور الحمرا کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے عزم کو عملی شکل دینا ہے۔لاہور آرٹس کونسل الحمرا کا یہ قدم اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ ادارہ جدید دور کے تقاضوں کو سمجھتے ہوئے ایک منظم، شفاف اور ڈیجیٹل نظام کی جانب گامزن ہے، جو مستقبل میں فنکاروں، اداروں اور عوام کے لیے یکساں طور پر فائدہ مند ثابت ہوگا۔

بقیہ 27

اڑھائی روپے کسان ادا کریں گے۔شوگر سیس کے نفاذ کا نوٹیفکیشن جاری کردیا گیا، شوگر سیس سے حاصل ہونے والی رقم شوگر ملز سے متعلقہ سڑکوں کی تعمیر پر خرچ ہوگی۔

بقیہ 28

نے انہیں تقریب میں شرکت کی اجازت دی۔انہوں نے کہا کہ آج پوری دنیا کی حکمرانی اگرچہ امریکا کے ہاتھ میں ہے لیکن ایمان کی طاقت اس کے پاس نہیں، اسی لیے دینی مدارس ایمان کی حفاظت کا فریضہ انجام دے رہے ہیں۔مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ قرآن و حدیث کے علوم کی حفاظت ہمارے دینی مدارس کررہے ہیں،ایک طرف پی آئی اے کو نجی کمپنیوں کے حوالے کیا جارہا ہے اور دوسری طرف مدارس پر قبضے کی خواہش کی جا رہی ہے، جو کسی صورت قبول نہیں۔مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ علامہ شبیر عثمانی کو بھی انگریز نے اپنے سامنے ان پڑھ کہا تھا، آج بھی اسی سوچ کے نقش قدم پر چلا جارہا ہے اور دین کے علم کو علم تسلیم نہیں کیا جاتا۔انہوں نے کہا کہ ہمیں اداروں پر اعتماد نہیں، اس لیے ہم مدارس تمہارے حوالے نہیں کریں گے۔ مدارس کے تحفظ پر تمام مکاتب فکر کے علماء متفق ہیں۔ہم مکالمے پر یقین رکھتے ہیں اور مشاورت سے بننے والے قانون کی پاسداری کریں گے،مگر کسی قسم کا دھوکہ برداشت نہیں کیا جائے گا۔تقریب کے دوران نعرے بازی کرنے والے طلباء کے جواب میں مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ اگر آپ نعرے لگانے کی بجائے کام کر رہے ہوتے تو پنجاب میں سب سے زیادہ نشستیں جیت جاتے۔انہوں نے کہا کہ لوگوں کو بتایا جائے کہ مدارس سیاست انبیا کی وراثت ہے اور ہم اس مسند کے حق دار ہیں۔

بقیہ 29

سیاست کی جارہی ہے۔بدھ کو سماجی رابطے کی ویب سائٹ ’’ایکس‘‘ پر بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے آپریشنز کی مخالفت نے یہ سنگین سوال کھڑا کر دیا ہے کہ کیا اقتدار کی سیاست قومی سلامتی سے زیادہ اہم ہوچکی ہے؟ جن عناصر نے مساجد، بازاروں، سکولوں اور سیکورٹی فورسز کو نشانہ بنایا، ان کے خلاف کارروائی پر ابہام پیدا کرنا شہداء کے خون سے ناانصافی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ حقیقت جھٹلائی نہیں جاسکتی کہ پاک فوج، پولیس، ایف سی اور دیگر سکیورٹی اداروں کے ہزاروں جوانوں نے اس وطن کے امن کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا، مائیں اپنے بیٹوں سے محروم ہوئیں، بچے یتیم ہوئے، خاندان اجڑ گئے یہ سب قربانیاں کسی سیاسی بیانیے کے لیے نہیں بلکہ پاکستان کے محفوظ مستقبل کیلئے دی گئیں۔ انہوں نے کہا کہ تحریک طالبان پاکستان کوئی ناراض فریق نہیں بلکہ ایک تسلیم شدہ دہشت گرد تنظیم ہے جس کے ہاتھ ہزاروں پاکستانیوں کے خون سے رنگے ہیں،ایسے میں دوٹوک مؤقف کے بجائے نرم لہجہ اختیار کرنا اور ریاستی کارروائیوں کی مخالفت کرنا دراصل ان قربانیوں کی توہین ہے جو ہمارے سکیورٹی اہلکاروں نے دیں۔انہوں نے کہا کہ ریاست کا فرض ہے کہ وہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ کرے اور افواجِ پاکستان یہی آئینی ذمہ داری نبھا رہی ہیں۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں کنفیوژن نہیں بلکہ قومی یکجہتی درکار ہے، سیاست اپنی جگہ، مگر ریاست، سلامتی اور شہداء کی قربانیاں ہر چیز سے بالاتر ہونی چاہئیں۔

بقیہ 30

کے دوران جاری کی۔ صوبائی حکومت کی جانب سے حال ہی میں اعلان کردہ ایجنسیاں جھنگ، رحیم یار خان، خوشاب، ننکانہ صاحب، شیخوپورہ، اوکاڑہ، گجرات، جہلم، مری، خانیوال اور مظفر گڑھ میں کام کریں گی۔ ناہید گل بلوچ نے مینیجنگ ڈائریکٹرز کو ہدایت کی کہ وہ اپنی ایجنسیوں کے کام شروع کرنے کے لیے ایک روڈ میپ پیش کریں اور اپنے شہروں کی باغبانی اور جمالیاتی خوبصورتی کو بڑھانے کے لیے اقدامات تجویز کریں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ صوبائی ادارہ وزیراعلیٰ کے وژن کے مطابق دور دراز اضلاع پر اضافی توجہ دینے کے ساتھ سرسبز پنجاب کو یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے مینیجنگ ڈائریکٹرز کو مزید ہدایت کی کہ وہ اپنے عملے کیلئے پی ایچ اے کے لوگو والی یونیفارم کا بندوبست کریں۔انہوں نے بتایا کہ عملہ اور اثاثہ جات کی منتقلی کو آسان بنانے کے لیے صوبائی حکومت نے ڈسٹرکٹ ٹرانزیشن ٹیمیں تشکیل دی ہیں۔ یہ ٹیمیں ابتدائی طور پر متعلقہ ڈپٹی کمشنرز کی سربراہی میں میونسپل کمیٹیوں سے متعلقہ اثاثوں کو نئی ایجنسیوں کے حوالے کرنے کی نگرانی کریں گی۔

بقیہ 31

فلاح کے لیے عملی اقدامات کیے، جو دیگر صوبوں کے لیے مثال ہیں۔فہیم خان نے پاکستان تحریک انصاف کے بانی عمران خان اور ان کے اہل خانہ کے ساتھ روا رکھے جانے والے مظالم کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ یہ اقدامات نہ صرف غیر آئینی بلکہ بنیادی انسانی حقوق کی کھلی خلاف ورزی ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایک مقبول عوامی لیڈر کو سیاسی انتقام کا نشانہ بنا کر قوم کی آواز دبانے کی ناکام کوشش کی جارہی ہے۔انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کے خلاف حکومتی جبر، گرفتاریوں، کریک ڈاؤن اور آزادیِ اظہار پر قدغنیں اس بات کا ثبوت ہیں کہ موجودہ حکمران عوامی حمایت سے محروم ہیں۔فہیم خان کے مطابق جب حکومت کارکردگی دکھانے میں ناکام ہوجائے تو وہ طاقت کے استعمال کا سہارا لیتی ہے۔سابق ایم این اے نے ملک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ عوام کی قوت خرید ختم ہوچکی ہے، جبکہ حکومت صرف دعوں اور اعداد وشمار کی ہیر پھیر میں مصروف ہے۔انہوں نے بیرونی قرضوں میں خطرناک حد تک اضافے پر بھی کڑی تنقید کی اور کہا کہ آنے والی نسلوں کو مقروض بنانے والی پالیسیاں قومی مفاد کے خلاف ہیں۔فہیم خان نے فارم 47 کے ذریعے قائم کی گئی جعلی حکومت کو مکمل طور پر نااہل قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ حکومت عوام کا مینڈیٹ چرا کر اقتدار میں آئی ہے، اسی لیے نہ معیشت سنبھال سکی اور نہ ہی عوام کو ریلیف دے سکی۔ انہوں نے واضح کیا کہ پاکستان تحریک انصاف آئین، عمران خان کا سمیت تمام اسیران کی آزادی، آئین و قانون کی بالادستی اور حقیقی جمہوریت کی بحالی تک اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔

بقیہ 32

مقابلے میں سیکھنے کے زیادہ مواقع میسر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جوڈیشل مجسٹریٹس کی بھرتیوں کا عمل جاری ہے اور چند ماہ کے اندر سندھ میں ججوں کی کمی کو ختم کر دیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ چیف جسٹس آف پاکستان کے وژن کے مطابق ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ گھوٹکی سمیت میر پور ماتھیلو، ڈہرکی اور اوباوڑو کی عدالتوں کو دو مراحل میں سہولیات فراہم کی جائیں گی۔اسی طرح ضلع بار کونسل سمیت میر پور ماتھیلو، ڈہرکی اور اوباوڑو کی تحصیل بار کونسلوں کو بھی سہولیات فراہم کی جائیں گی، جن میں ای لائبریریاں، 6-6 کلوواٹ کے سولر پلانٹس، واٹر ڈسپنسر، ویمن سیٹنگ فیسلیٹی اور ایئر کنڈیشنڈ سہولیات شامل ہوں گی۔اس موقع پر انہوں نے مزید کہا کہ سندھ کے سرحدی اضلاع میں امن و امان کا مسئلہ ہے، اور جب بدامنی ہوتو روزگار کے مواقع پیدا نہیں ہوتے۔ اس سلسلے میں انہوں نے ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج گھوٹکی کو ہدایت کی کہ امن و امان کے حوالے سے انتظامیہ کے ساتھ اجلاس کریں۔اس موقع پر انہوں نے ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کو یہ بھی ہدایت دی کہ ضلع کی عدالتوں میں کلرکوں اور لوئر اسٹاف کی بھرتیوں کا عمل ایک ہفتے کے اندر شروع کیا جائے تاکہ عملے کی کمی کو پورا کیا جاسکے۔قبل ازیں چیف جسٹس سندھ جسٹس ظفر احمد راجپوت نے نئی تعمیر ہونے والی عدالتوں کی دو عمارتوں اور خواتین کے لئے تعمیر شدہ انتظار گاہ کا افتتاح کیا، عدالت کے احاطے میں پودا لگایا اور عمارتوں کا تفصیلی معائنہ کیا۔اس موقع پر ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج منول کھگیجا نے چیف جسٹس سندھ کو آگاہ کیا کہ نئی تعمیر شدہ عمارتوں میں ایڈیشنل سیشن جج اور جوڈیشل مجسٹریٹ کی عدالتیں قائم کی جائیں گی۔ چیف جسٹس سندھ نے جوڈیشل افسران کے ساتھ بھی اجلاس کیا

بقیہ 33

پی ٹی آئی دہشت گردی کے ون پوائنٹ ایجنڈے پر بات کرنا چاہتی ہے تو حکومت تیار ہے،کل ہی بات شروع کرسکتی ہے۔ن لیگ کے سینئر رہنما کا کہنا ہے کہ قومی اسمبلی کے اگلے اجلاس میں دہشتگردی پر قومی اتفاق رائے پیدا کرنے کی کوشش کی جائے گی

بقیہ 34

ہدایات پر سختی سے عملدرآمد کیا جائے گا۔ آٹھویں جماعت کے امتحانی مراکز میں طلبہ کی کم ازکم تعداد 50 جبکہ زیادہ سے زیادہ 300 مقرر کی گئی ہے۔امتحانی مرکز طلبہ کے سکول سے 10 کلومیٹر کے دائرہ کار کے اندر قائم کیا جائے گا تاکہ طلبہ کو سفری مشکلات کا سامنا نہ ہو۔نئے قواعد کے تحت لڑکوں اور لڑکیوں کے امتحانات کے لیے علیحدہ علیحدہ امتحانی مراکز قائم کیے جائیں گے جبکہ سکول بیسڈ امتحانی مرکز کے انتخاب کی اجازت نہیں ہوگی۔ پیکٹا حکام کے مطابق اسکول میپنگ اور امتحانی ڈیٹا مکمل طور پر آن لائن ایپ کے ذریعے جمع اور مرتب کیا جائے گا، جس سے شفافیت اور نگرانی کو یقینی بنایا جاسکے گا۔

بقیہ 35

کی حالت بھی تسلی بخش ہے، مریضہ تاحال وینٹی لیٹر پر ہے،سانس کی مشین روزانہ آزمائشی طور پر ہٹائی جارہی ہے، مریضہ کی حالت بہتر ہونے پر مزید علاج کے اقدامات کیے جائیں گے۔

بقیہ 36

نے نجی اسکولز کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے تین نجی سکولوں کو سیل کر کے پرنسپلز کو طلب کرلیا۔ترجمان ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی کے مطابق شاہدرہ، بیدیاں روڈ اور سبزہ زار پر سکولز سیل کیے گئے، خلاف ورزی کرنے والے سکولز کے پرنسپلز کو طلب کرلیا گیا۔وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات کے مطابق چھٹیاں ختم ہونے سے قبل کوئی نجی سکول نہیں کھلے گا، سکولز کھلے پائے گئے تو سی ای او ایجوکیشن ان کے خلاف کارروائی کریں گے۔

بقیہ 37

مکمل کرلیا گیا ہے۔مشینوں کی تنصیب سے مسافروں کے سامان کی بروقت اسکینگ میں مدد ملے گی،نئی جدید اسکیننگ مشینز لگانے کے بعد اسمگلنگ روکنے میں معاون ثابت ہوگا۔ نئی اسکیننگ مشینز سے سکیورٹی اقدامات بھی بہتر کرنے میں معاونت ہوگی،جدید اسکیننگ مشینز منصوبہ اربوں روپے مالیت کا ہے۔

انچارج پولیس چوکی پنڈی گھیب اے ایس آئی ساجد خٹک کا تبادلہ کر کے انہیں تھانہ صدر اٹک تعینات کر دیا گیا

ان کے پیش رو سب انسپکٹر فہیم خان کو انچارج سٹی چوکی پولیس پنڈی گھیب تعینات کر دیا گیا ہے



پنڈی گھیب (ملک کاشف) انچارج پولیس چوکی پنڈی گھیب اے ایس آئی ساجد خٹک کا تبادلہ کر کے انہیں تھانہ صدر اٹک تعینات کر دیا گیا ہے، جبکہ ان کے پیش رو سب انسپکٹر فہیم خان کو انچارج سٹی چوکی پولیس پنڈی گھیب تعینات کر دیا گیا ہے۔اے ایس آئی ساجد خٹک نے اپنی تعیناتی کے دوران پنڈی گھیب شہر میں امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھنے میں انتہائی مؤثر اور مثالی کردار ادا کیا۔ان کے دورِ تعیناتی میں پنڈی گھیب شہر میں شدید سردیوں کے موسم اور طویل راتوں میں بھی رہائشی گھروں اور دکانوں میں چوری کی کوئی واردات سامنے نہیں آئی، جو ان کی بہترین حکمتِ عملی اور مؤثر گشت کا منہ بولتا ثبوت تھا جبکہ ان کے دور میں موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں بھی نمایاں کمی دیکھنے میں آئی۔ اے ایس آئی ساجد خٹک نے اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے موٹر سائیکل چوروں کے ایک منظم گروہ کو گرفتار کیا، جن سے درجنوں چوری شدہ موٹر سائیکلیں برآمد کی گئیں۔ اس کامیاب کارروائی کو عوامی اور شہری حلقوں کی جانب سے بھرپور سراہا گیا۔اے ایس آئی ساجد خٹک عوام دوست پولیسنگ، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی اور شہریوں کے ساتھ خوش اخلاق رویے کی وجہ سے شہر میں خاصی مقبولیت رکھتے تھے۔ان کی کاوشوں کے باعث شہریوں میں تحفظ کا احساس پیدا ہوا اور پولیس پر عوامی اعتماد میں اضافہ ہوا۔دوسری جانب، نئے تعینات ہونے والے انچارج سٹی چوکی پولیس پنڈی گھیب سب انسپکٹر فہیم خان سے شہریوں نے توقع ظاہر کی ہے کہ وہ بھی امن وامان کے قیام اور جرائم کے خاتمے کے لیے اسی جذبے سے اپنی ذمہ داریاں نبھائیں گے۔ پنڈی گھیب کے عوامی، سماجی اور شہری حلقوں نے اے ایس آئی ساجد خٹک کی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے ان کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے۔

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اگر کام مقررہ وقت سے پہلے مکمل ہو گیا تو بجلی کی فراہمی شیڈول وقت سے پہلے بھی بحال کی جا سکتی ہے

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سالانہ سسٹم مینٹیننس /ڈویلپمنٹ ورکس /اے ایم آئی میٹرز تنصیب کے باعث آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ 7 جنوری 2026 صبح 09:00 بجے سے دوپہر 02:00 بجے تک، راولپنڈی سٹی سرکل: ایف بلاک، بی بلاک، شکریال، فضائیہ، فاروق اعظم، سیکٹر 4، آفندی کالونی، ڈھوک حکم داد، اقبال روڈ-II، فوارہ چوک، جامع مسجد، جناح روڈ، فوجی کالونی، امین ٹاؤن، بنی، عسکری IX، عزیز آباد، پشاور روڈ، کمال آباد، پی اینڈ ٹی وائی، پنڈ ہوڈن، رتہ، ریلوے کالونی فیڈرز۔راولپنڈی کینٹ سرکل: کشمیر روڈ، ڈھوک فرمان علی، چکلالہ، سوان گارڈن-II، ماڈل ٹاؤن، سکیم-III، پارک ویو، میجر ریاض، ڈیفنس روڈ، کوہالہ، یونین کونسل لکھن، چونگی نمبر 22، چاہان، اولڈ راوت، کہوٹہ سٹی-II، کمبیلی صادق، کلیام، بھیر کلیال، سید کسران، بھال فیڈرز۔ اٹک سرکل: تین میلا، باغ نیلب، اٹک رورل سالارگاہ، میوزیم، نثار شہید، ڈی-18، باہتر موڑ، کوہستان انکلیو، گھری افغانہ، پورمیانہ، پتھر گڑھ، دریا شریف، قاضی آباد، ہٹیاں، جی پی ایچ پی کالونی، شمس آباد، شکردرہ، ڈی آئی کالونی، نرتوپہ، ویسہ، ناکہ کلاں، ملہووالی، نور پور، قطبال، جنڈ-2، پری، کمریال، فتح جنگ، چھب، دارالسلام فیڈرز۔ چکوال سرکل: نیلہ، جمال وال، دھرناکہ، ڈیرہ مسلم، لطیفال، جنڈ خان زادہ، دھروگی راجگن، سرکال، لہر سلطان پور، ڈفر، کٹاس، لیلہ ٹاؤن، پی ڈی خان، ساغر پور، کوٹ گلہ، کوٹ شیرہ، بچھند، مورت، ڈھولر، موگلہ، بڈھیال، پٹوالی فیڈرز۔ جہلم سرکل: بلال ٹاؤن، زبیر شہید، منڈی بھلوال، کھوڑ، اکرم شہید، ایف-9 (چک دولت)، بونگ-II، گڈاری، حسوت، کھائی کلیام، کرنل محمد اکرم، حیات سر روڈ، مین بازار، بابا شہید، ڈورا بدھال، قاضیان فیڈرز۔ جی ایس او سرکل: صبح 9:00 بجے سے دوپہر 03:00 بجے تک، بحریہ انکلیو، مورگاہ فیڈرز اور ملحقہ علاقوں میں بھی بجلی بند رہے گی۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ اگر کام مقررہ وقت سے پہلے مکمل ہو گیا تو بجلی کی فراہمی شیڈول وقت سے پہلے بھی بحال کی جا سکتی ہے۔

دوسرے انسٹی ٹیوٹ آف اوشیانوگرافی- چین اور نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اوشیانوگرافی- پاکستان کے محققین کا گروپ جوائنٹ اوشیئنوگرافک کروز کے دوران پاک بحریہ کے حکام کے ساتھ

اسلام آباد کیریئر کالج شہید صدیق چوک کلر سیداں روڈ روات کیمپس کا افتتاح

اسلام آباد کیریئر کالج کی تین برانچز کی افتتاحی تقاریب کی تاریخوں کا اعلان کر دیا گیا

17 جنوری، اسلام آباد کیریئر کالج گلزار قائد راولپنڈی کیمپس 18 جنوری اور اسلام آباد کیریئر کالج چھٹہ بختاور کیمپس کا افتتاح 24 جنوری کو ہوگا

اسلام آباد (پ ر) اسلام آباد کیریئر کالج کی تین برانچز کی افتتاحی تقاریب کی تاریخوں کا اعلان کر دیا گیا۔ جس کے مطابق اسلام آباد کیریئر کالج شہید صدیق چوک کلر سیداں روڈ روات کیمپس کا افتتاح 17 جنوری، اسلام آباد کیریئر کالج گلزار قائد راولپنڈی کیمپس 18 جنوری اور اسلام آباد کیریئر کالج چھٹہ بختاور کیمپس کا افتتاح 24 جنوری کو ہوگا۔ افتتاحی تقریبات صبح دس بجے شروع ہوں گی۔ یہ فیصلے ڈائریکٹر جنرل کیریئر گروپ آف انسٹیٹیوشنز پروفیسر محمد عامر کی زیر صدارت لہتراڑ روڈ کلسٹر کے پرنسپلز کے مشترکہ مشاورتی اجلاس میں کیے گئے۔ اجلاس میں چیئرمین کیریئر گروپ آف انسٹیٹیوشنز جاوید انتظار، ڈپٹی ڈائریکٹر اسلام آباد کیریئر کالجز سالم العزام، پرنسپل اسلام آباد کیریئر کالج میٹرک سیکشن سمیع اللہ، پرنسپل اسلام آباد کیریئر کالج انٹرمیڈیٹ سیکشن محمد رضوان، پرنسپل اسلام آباد کیریئر کالج علی پور لہتراڑ روڈ کیمپس امجد خان نیازی، پرنسپل اسلام آباد کیریئر کالج ٹھنڈا پانی لہتراڑ روڈ افراز عباسی، پرنسپل اسلام آباد کیریئر کالج چھٹہ بختاور اعجاز بشیر شریک تھے۔ پروفیسر محمد عامر نے پرنسپلز کو افتتاحی تقاریب، اساتذہ کی تعیناتی اور ٹیچر ٹریننگ کی ذمہ داریاں لگاتے ہوئے کہا کہ اسلام آباد کیریئر کالجز پیشہ وارانہ نظریاتی تعلیمی ادارے ہیں۔ جو سستی اور معیاری تعلیم دے کر ملک کی خدمت کر رہے ہیں۔ پرنسپلز اپنے اپنے تعلیمی اداروں میں افتتاحی تقاریب میں باہمی ربط و مشاورت رکھیں۔ تقاریب میں اہلیان علاقہ کو مدعو کریں۔ ڈپٹی ڈائریکٹر سالم العزام نے کہا کہ ڈائریکٹوریٹ آف آئی سی سی کے مرکزی تعلیمی نظام سے نصاب کی تقسیم و تکمیل اور ٹیسٹ سیشن کی جانچ پڑتال کریں گے۔ یکم مارچ سے نئے سیشن کی کلاسز شروع کریں گے۔ جاوید انتظار نے کہا کہ اسلام آباد کیریئر کالجز نظام کی بالادستی پر یقین رکھتے ہیں۔ نظام کے سامنے میرے سمیت ہر ایک جوابدہ ہے۔ پرنسپلز نے کہا کہ فیڈرل بورڈ امسال میٹرک اور انٹرمیڈیٹ کے شاندار نتائج دیں گے۔ افتتاحی تقاریب میں تفویض کردہ ذمہ داریوں کو بطریق احسن سرانجام دیں گے

عمران خان سے ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی ملاقات کروا دی گئی

دونوں میاں بیوی 45 منٹ تک اکٹھے رہے، دونوں نے ایک دوسرے کا حال احوال دریافت کیا، ذرائع

راولپنڈی (این این آئی) عمران خان سے ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی ملاقات کروا دی گئی۔جیل ذرائع کے مطابق سینٹرل جیل راولپنڈی میں پابند سلاسل سابق وزیراعظم عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی منگل کو ملاقات کروائی گئی۔ ذرائع کے مطابق دونوں میاں بیوی 45 منٹ تک اکٹھے رہے اور اس دوران دونوں نے ایک دوسرے کا حال احوال دریافت کیا۔جیل حکام کے مطابق گزشتہ منگل کو بھی دونوں میاں بیوی کی ملاقات کروائی گئی تھی تاہم بیرون جیل سے کسی عزیز، (بقیہ نمبر 15)

لاہور، بینک اکاؤنٹ کھلوانے کے بہانے موبائل چوری کرنے والے 2 ملزمان گرفتار

لاہور (این این آئی) سول لائن پولیس نے بینک میں اکاؤنٹ کھلوانے کے بہانے موبائل چوری کرنے والے 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزمان چند روز قبل میزان بینک کے اسٹاف کا موبائل چوری کر کے رفو چکر ہو گئے تھے، ملزم کو سی سی ٹی وی فوٹیج میں بینک (بقیہ نمبر 16)

لاہور: صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق ستھرا پنجاب اتھارٹی کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

چکوال: بس کھائی میں گرنے سے 5 مسافر جاں بحق، 7 خواتین سمیت 27 زخمی

مسافر بس راولپنڈی سے کراچی جا رہی تھی موڑ کاٹتے ہوئے کھائی میں جا گری، زخمیوں میں 7 خواتین بھی شامل

چکوال (این این آئی) تلہ گنگ کے قریب جی ٹی روڈ پر ڈھوک پٹھان میں بس کھائی میں گرنے سے 5 افراد جاں بحق اور 27 زخمی ہو گئے، زخمیوں میں بعض کی حالت نازک ہے جس کے باعث ہلاکتوں میں اضافے کا خدشہ ہے۔ تفصیلات کے مطابق مسافر بس راولپنڈی سے کراچی جا رہی تھی کہ موڑ کاٹتے ہوئے کھائی میں جا گری، حادثے کی اطلاع پر پولیس کی بھاری نفری اور امدادی ٹیمیں فوری طور پر موقع پر پہنچیں اور (بقیہ نمبر 19)

پشاور سمیت خیبر پختونخوا میں دوسرے روز بھی شدید دھند، پروازیں متاثر

پشاور شہر اور مضافاتی علاقوں میں حدِ نگاہ صفر، دھند کے باعث پشاور ایئرپورٹ پر حدِ نگاہ 50 میٹر تک محدود

پشاور (این این آئی) پشاور سمیت خیبر پختونخوا کے میدانی علاقوں میں دوسرے روز بھی شدید دھند چھائی رہی، جس کے باعث معمولاتِ زندگی بری طرح متاثر ہوئے۔ تفصیلات کے مطابق پشاور شہر اور اس کے مضافاتی علاقوں میں حد نگاہ صفر تک ریکارڈ کی گئی، درجہ حرارت 2 ڈگری سینٹی گریڈ تک گر گیا جس سے سردی کی شدت میں مزید اضافہ ہو گیا۔ شیر گڑھ کے علاقوں جلالہ، (بقیہ نمبر 20)

راولپنڈی، مختلف علاقوں میں گیس لیکج سے 2 دھماکے، متعدد افراد زخمی

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کے مختلف علاقوں میں گیس لیکج سے 2 دھماکوں سے متعدد افراد زخمی ہو گئے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پہلا دھماکہ دھمیال روڈ احمد آباد کے علاقے اور دوسرا گلریز کے علاقے میں ہوا، مجموعی طور پر 4 افراد جھلس کر زخمی ہو گئے جنہیں طبی امداد کی فراہمی (بقیہ نمبر 21)

لاہور: صوبائی وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین کو ایم ڈی پی ایچ اے لاہور راجہ منصور پراجیکٹ بارے بریفنگ دے رہے ہیں۔

حضرت واصف علی واصف رحمۃ اللہ علیہ کا 34 واں سالانہ عرس 12 جنوری کو شروع ہوگا

لاہور (این این آئی) معروف روحانی رہنما و صوفی دانشور حضرت واصف علی واصف رحمۃ اللہ علیہ کا 34 واں سالانہ عرس ان کے مزار واقع میانی صاحب بہاولپور روڈ میں 12 جنوری سے شروع ہو رہا ہے جو کہ تین دن جاری رہے گا۔ پروگرام کے مطابق عرس کا آغاز ان کے مزار شریف پر بعد از نماز عصر رسم چادر پوشی سے ہوگا۔ (بقیہ نمبر 25)

لاہور آرٹس کونسل الحمرا کا جدید دور سے ہم آہنگ ہونے کی جانب اہم قدم

ہالز، گیلریز اور سہولیات کی آن لائن بکنگ کے لیے فریم ورک اور روڈ میپ کی تیاری

لاہور (این این آئی) لاہور آرٹس کونسل الحمرا نے دورِ جدید کی ضروریات اور جدید ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ ہونے کے لیے ایک اہم اور قابلِ تحسین اقدام اٹھانے کا فیصلہ کیا ہے۔ الحمرا کے زیر انتظام ہالز، آرٹ گیلریز اور دیگر سہولیات کی ریزرویشن کو شفاف، مؤثر اور سہل بنانے کے لیے آن لائن بکنگ سسٹم متعارف کروانے پر سنجیدہ پیش رفت جاری ہے۔ اس سلسلے میں ایک اہم اجلاس لاہور آرٹس کونسل الحمرا میں منعقد ہوا، جس کی صدارت ایگزیکٹو ڈائریکٹر لاہور آرٹس کونسل الحمرا (بقیہ نمبر 26)

پنجاب میں شوگر سیس نافذ، چینی کی قیمت بڑھنے کا خدشہ

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے شوگر سیس نافذ کر دیا جس سے صوبے میں چینی کی قیمت بڑھنے کا خدشہ ہے۔ پنجاب حکومت نے 40 کلو چینی پر 5 روپے شوگر سیس نافذ کر دیا۔ شوگر سیس پنجاب فنانس ایکٹ 1964ء کے تحت نافذ کیا گیا، ڈھائی روپے شوگر مل اور (بقیہ نمبر 27)

اداروں پر اعتماد نہیں، مدارس کو کسی سرکاری ادارے کے حوالے نہیں کریں گے، مولانا فضل الرحمان

پوری دنیا کی حکمرانی اگرچہ امریکہ کے ہاتھ میں ہے لیکن ایمان کی طاقت اس کے پاس نہیں، اسی لیے دینی مدارس ایمان کی حفاظت کا فریضہ انجام دے رہے ہیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ مدارس دینِ اسلام کے محافظ ہیں قرآن وحدیث کے علوم اور ایمان جیسی نعمت کے محافظ ہیں، انہیں کسی صورت سرکاری اداروں کے حوالے نہیں کیا جائے گا۔ راجہ بازار راولپنڈی میں مدرسہ تعلیم القرآن میں دستار بندی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمان کا کہنا تھا کہ مولانا اشرف علی کے مشکور ہیں جنہوں (بقیہ نمبر 28)

جدید سہولیات کا منصوبہ ضلع بھر کے نوجوانوں اور عوام کے لیے ایک بڑا تحفہ ہے، راجہ شیراز کیانی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم وائس چیئرمین پرائس کنٹرول کمیٹی راجہ کامران حیات، معروف قانون دان راجہ شیراز کیانی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ مشیر صحت پنجاب جنرل (ر) اظہر محمود کیانی، وفاقی وزیر مملکت برائے ریلوے و خزانہ بلال اظہر کیانی کی جانب سے سپورٹس کمپلیکس جہلم کی تزئین و آرائش و جدید سہولیات کا منصوبہ ضلع بھر کے نوجوانوں اور عوام کے لیے ایک بڑا تحفہ ہے جو کھیلوں کے فروغ اور صحت مند سرگرمیوں کے فروغ میں اہم کردار ادا کرے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جہلم ضلع کچہری میں واقع سپورٹس کمپلیکس کے دورے کے دوران جاری ترقیاتی کاموں کی رفتار اور معیار کا جائزہ لیتے ہوئے میڈیا نمائندگان سے گفتگو کے دوران کیا، اس موقع پر ضلعی سپورٹس آفیسر چوہدری محمد طارق بھی موجود تھے، جبکہ پاکستان مسلم لیگ ن کے مقامی رہنماؤں نے منصوبے کی مجموعی پیش رفت، انتظامی امور اور فراہم کی جانے والی سہولیات کے حوالے سے آگاہی حاصل کی اور اس عزم کا اظہار کیا کہ سپورٹس کمپلیکس کو مقررہ میعاد کے مطابق مکمل کیا جائے گا تاکہ عوام کو جدید اور معیاری کھیلوں کی سہولیات میسر آ سکیں

ٹریفک پولیس افسران و اہلکاروں کی طرف سے چالانوں پر شہری سراپا احتجاج

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم جادہ چوک شاندار چوک میں موجود تھانوں اور ٹریفک پولیس افسران اہلکاروں کی طرف سے چالانوں پر شہری سراپا احتجاج گزشتہ کئی روز سے ضلعی و ٹریفک پولیس کے افسران اہلکار جادہ چوک اور شاندار چوک میں ناکہ لگا کر کھڑے ہو جاتے ہیں اور جو شہری موٹر سائیکلوں پر اپنی خواتین کیساتھ خریداری کیلیے بازار آتے ہیں انہیں روک کر ان کے چالان کر دیے جاتے ہیں جس کی وجہ سے شہریوں سمیت دکاندار بھی سراپا احتجاج ہیں شہریوں نے بتایا کہ ضلعی اور ٹریفک پولیس کے افسران و اہلکار خواتین کا بھی لحاظ نہیں کرتے موٹر سائیکل کھڑی کر کے انتہائی سخت رویہ اپناتے ہوئے بدتمیزی شروع کر دیتے ہیں شہری اپنی عزت بچانے کی خاطر خاموش ہو جاتے ہیں جبکہ ٹریفک پولیس کا عملہ پورا دن چالانوں پر چالان کرتے دکھائی دیتے ہیں بعض شہری جنہوں نے ہیلمٹ پہنے ہوتے ہیں اور ان کے پاس لائسنس بھی ہوتے ہیں ان کا بھی چالان کر دیا جاتا ہے کسی کو سائیڈ مرر، کسی کو اشارے نہ جلنے اور کسی غیر نمونہ نمبر پلیٹ کا بتا کر چالانے کر دیا جاتا ہے شہریوں نے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر، ڈی ایس پی ٹریفک سے نرمی برتنے کا مطالبہ کیا ہے،

پاک بحریہ کی معاونت سے پاک-چین مشترکہ سمندری سائنسی مہم کا آغاز

مشترکہ سمندری تحقیقاتی مہم پاکستان اور چین کے درمیان سائنسی تعاون کی علامت ہے

کراچی (سٹاف رپورٹر) پاکستان نیوی، نیشنل ہائیڈروگرافک آفس کے ذریعے پاکستان اور چین کی مشترکہ سمندری تحقیقاتی مہم میں معاونت فراہم کر رہی ہے۔ یہ تحقیقاتی مہم نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اوشیانوگرافی پاکستان اور چین کے سیکنڈ انسٹی ٹیوٹ آف اوشیانوگرافی کے باہمی اشتراک سے منعقد کی جا رہی ہے۔اس سائنسی تحقیقی مہم میں معاونت کے لیے پاک بحریہ کا سروے ویسل پی این ایس بحر مساح تعینات کیا گیا ہے، جو ملک میں بحری آگہی کے فروغ اور سمندری سائنسی تحقیق کی سرپرستی کے لیے پاک بحریہ کے عزم کا مظہر ہے۔ یہ مشترکہ سمندری تحقیقاتی مہم پاکستان اور چین کے درمیان سائنسی تعاون کی علامت ہے، جس کا مقصد پاکستانی سمندری حدود میں سمندری ماحول کے حوالے سے بہتر آگاہی کا حصول ہے۔ اس مہم کے تحقیقی نتائج ملکی ساحلی اور سمندری علاقوں کی بہتر سمجھ بوجھ، ماحولیاتی رجحانات کے بہتر اندازے اور جامع بحری منصوبہ بندی و پالیسی سازی کے لیے معاون ثابت ہوں گے۔ پاک چین مشترکہ اوشیانوگرافک کروز دونوں ممالک کے مابین مسلسل تعاون کی ایک روشن مثال ہے اور شمالی بحیرہ عرب کی اوشیانوگرافک آگہی میں اہم کردار ادا کرے گا۔

سید وقار ہمدانی کی زندگی ایک کھلی کتاب کی مانند ہے، سید فرزند علی کاظمی

سیکرٹریٹ گروپ کے شریف اعوان (وجھتہ کا) اے جی (آفس کی طرف حملہ ریاست پر حملے کے مترادف ہے

مظفرآباد (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی آزاد کشمیر کے بزرگ سیاسی رہنما سابق وائس چیئرمین سید فرزند علی کاظمی نے کہا ہے کہ سید وقار ہمدانی کی زندگی ایک کھلی کتاب کی مانند ہے۔ان کے خلاف سیکرٹریٹ گروپ کے شریف اعوان (وجھتہ کا) اے جی (آفس کی طرف حملہ ریاست پر حملے کے مترادف ہے۔قانون شکنی اور ٹیکس سے استثنیٰ پر شریف اعوان پر مقدمہ درج کیا جائے انکی وقار ہمدانی کے خلاف ہرزہ سرائی اور بازاری زبان کی پرزور الفاظ میں مذمت اور احتجاج کا اعلان۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایڈیشنل اکاونٹ جنرل محکمہ حسابات آزاد کشمیر سید وقار ہمدانی کے خلاف سیکرٹریٹ گروپ سے تعلق رکھنے والے شریف اعوان کا اے جی آفس کا گھیراؤ اور بازاری زبان کا استعمال ریاست کے لیے کھلا چیلنج ہے کیا کوئی بھی جھتہ ریاست کو اس طرح یرغمال بنا سکتا ہے ہم خبردار کرتے ہیں کہ قانون، آئین سے کوئی بھی بالاتر نہیں۔ اپنے مرضی کے بلات بدوا ٹیکس ورعایت کہاں کا انصاف ہے۔

اسلام آباد: ڈائریکٹر جنرل کیریئر گروپ آف پروفیسر محمد عامر، جاوید انتظار، سالم العزام کا لہتراڑ روڈ کلسٹر کے پرنسپلز کیساتھ اجلاس کے بعد گروپ فوٹو

سائبر کرائم کے ذریعے ہونے والے مالیاتی جرائم میں 36 فیصد کمی کا دعویٰ

سائبر فراڈ اور مالیاتی گھپلوں میں ملوث ملزمان سے 461 ملین برآمد ہوئے

لاہور (این این آئی) نیشنل سائبر کرائم انویسٹیگیشن ایجنسی نے سالانہ کارکردگی رپورٹ جاری کر دی جس میں سائبر کرائم کے ذریعے ہونے والے مالیاتی جرائم میں 36 فیصد کمی کا دعویٰ کیا گیا ہے۔ سائبر کرائم، آن لائن فراڈ، ڈیٹا چوری اور دیگر سنگین نوعیت کی 2196 کیسز کی چھان بین کی گئی، سائبر کرائم کے ذریعے ہونے والے مالیاتی جرائم میں 36 فیصد کمی ہوئی، این سی سی آئی اے کے مطابق سائبر فراڈ اور مالیاتی گھپلوں میں ملوث ملزمان سے 461 ملین برآمد ہوئے، (بقیہ نمبر 17)

سی پیک منصوبے کو بدنام کرنے والی جعلی کمپنی کیخلاف ایف آئی اے نے تحقیقات مکمل کر لیں

سی پیک کے نام پر اراضی اور رقم ہتھیانے والے گینگ کے 2 کارندوں پر مقدمہ درج کر لیا گیا

لاہور (این این آئی) چین پاکستان اقتصادی راہداری منصوبے کو بدنام کرنے والی جعلی کمپنی کے خلاف ایف آئی اے نے تحقیقات مکمل کر لیں، سی پیک منصوبے کے نام پر اراضی اور لاکھوں روپے ہتھیانے والے گینگ کے دو کارندوں کے خلاف مقدمہ درج کر لیا۔ بجی ٹی وی کے مطابق ملزمان نے خود کو کمپنی کا نمائندہ ظاہر کیا اور شکایت کنندہ سے پچاس لاکھ روپے نقد کے علاوہ دو کروڑ روپے مالیت کا کمرشل پلازہ ہتھیا لیا۔ اسی طرح ملزمان نے ساڑھے چار کروڑ کا مکان اور سیکٹر جی (بقیہ نمبر 18)

معاون خصوصی برائے فوڈ سیفٹی اینڈ کنزیومر پروٹیکشن سلیمی بٹ فوڈ اتھارٹی کے ہمراہ مری مال روڈ پر ملاوٹ مافیا کے خلاف گرینڈ آپریشن کر رہی ہیں۔

ملک بھر کے ہوائی اڈوں پر جدید آلات کی تنصیب کا فیصلہ

تمام ایئرپورٹس پر نئی اور جدید اسکیننگ مشینز لگائی جائیں گی، سروے مکمل

کراچی (این این آئی) ملک بھر کے ہوائی اڈوں پر جدید آلات کی تنصیب کا فیصلہ کر لیا گیا جس کے تحت تمام ایئرپورٹس پر نئی اور جدید اسکیننگ مشینز لگائی جائیں گی۔ ذرائع کے مطابق سول ایوی ایشن، پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی اور ایئرپورٹس سکیورٹی فورس (اے ایس ایف) نے ملک کے تمام ہوائی اڈوں پر جدید اسکیننگ مشینز کی تنصیب کے لیے سروے مکمل کر لیا ہے۔ نئی مشینز کی تنصیب سے مسافروں کے سامان کی بروقت اسکیننگ ممکن ہو سکے گی اور (بقیہ نمبر 22)

فائیو جی اسپیکٹرم نیلامی: ٹیلی کام آپریٹرز نے جلد بازی کے معاشی خطرات سے خبردار کر دیا

کروڑوں موبائل صارفین اب بھی انٹرنیٹ کی سہولت سے محروم ہیں

کراچی (این این آئی) حکومت کی جانب سے فائیو جی اسپیکٹرم کی نیلامی کی تیاری کے دوران ٹیلی کام آپریٹرز نے خبردار کیا ہے کہ سستے اور قابل رسائی آلات کی دستیابی کے بغیر نئی نسل کے نیٹ ورکس کی جانب جلد بازی نقصان دہ ثابت ہو سکتی ہے۔ ٹیلی کام آپریٹرز کا کہنا ہے کہ قبل از وقت فائیو جی کے نفاذ سے قیمتی زرمبادلہ ضائع ہونے کا خدشہ ہے اور سرمایہ بہتر کنیکٹیویٹی کی بہتری (بقیہ نمبر 24)

اسلام آباد میں پولن الرجی کے خاتمے کیلئے حکومت نے جامع حکمت عملی و تاریخی مہم تیز

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد میں پولن الرجی کے خاتمے کیلئے حکومت نے جامع حکمت عملی و تاریخی مہم تیز کر دی گئی، وزیراعظم کی ہدایت پر وزیر مملکت برائے صحت ڈاکٹر مختار احمد ملک کی صدارت میں پولن الرجی کے خاتمے کا (بقیہ نمبر 23)

پرائیڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر ریونیو ہنگو سجاد احمد جمال نے ریسکیو 1122 آفس کا دورہ کیا

اس دوران کنٹرول روم اور دیگر اسٹاف کی حاضری

ہنگو (بیورو رپورٹ) گڈ گورننس عوام دوست اقدامات۔ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کے عوامی ایجنڈے کی روشنی میں اور ڈپٹی کمشنر ہنگو کی ہدایات کے مطابق ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر ریونیو ہنگو سجاد احمد جمال نے ریسکیو 1122 آفس کا دورہ کیا۔ اس دوران کنٹرول روم اور دیگر اسٹاف کی حاضری، آفس کی صفائی کے ساتھ ساتھ دیگر سہولیات کا جائزہ لیا۔ مزید برآں والنٹیئر کے لیے دس دن کے بنیادی تربیتی کلاسز میں شرکت کی۔ اور ان کو ہدایات دی کہ ہنگامی حالات میں اپنا مؤثر کردار ادا کریں)

ڈپٹی کمشنر آفس پاراچنار میں خیبر میڈیکل یونیورسٹی (KMU)، پولی ٹیکنیکل انسٹیٹیوٹ (GPI) اور پوسٹ گریجویٹ کالج پاراچنار کے طلباء کے ساتھ ایک انٹریکشن سیشن کا انعقاد کیا گیا

اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر پلاننگ اینڈ فنانس شوکت علی اور سیکیورٹی فورسز کے افسران بھی موجود تھے

کرم) محمد خالق اورکزئی سے) ضلع کرم، پاراچنار: ڈپٹی کمشنر کرم اشفاق خان کی جانب سے ڈپٹی کمشنر آفس پاراچنار میں خیبر میڈیکل یونیورسٹی (KMU)، پولی ٹیکنیکل انسٹیٹیوٹ (GPI) اور پوسٹ گریجویٹ کالج پاراچنار کے طلباء کے ساتھ ایک انٹریکشن سیشن کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر پلاننگ اینڈ فنانس شوکت علی اور سیکیورٹی فورسز کے افسران بھی موجود تھے۔ سیشن کے دوران ضلع کرم کی ترقی، عوام اور حکومت کے مابین اعتماد سازی، تعلیمی ماحول کی بہتری، اور امن و امان کے قیام سے متعلق مختلف پہلوؤں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ طلباء نے اپنے خیالات اور تجاویز ڈپٹی کمشنر کے ساتھ شیئر کیں، جنہیں سراہا گیا۔ ڈپٹی کمشنر کرم اشفاق خان نے طلباء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یوتھ ہمارے معاشرے کا قیمتی اثاثہ ہیں، ان کی شمولیت کے بغیر پائیدار ترقی ممکن نہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ بہت جلد صوبائی سطح پر یوتھ کے لیے امن سے متعلق ایک سیمینار منعقد کیا جائے گا، جس کے بعد اپر، لوئر اور سنٹرل کرم میں بھی امن و ترقی کے موضوع پر سیمینارز منعقد کیے جائیں گے، جن میں طلباء کو بھرپور شرکت کا موقع دیا جائے گا۔ سیشن کے اختتام پر کے ایم یو کے طالبعلم اور کتاب "چراغِ یقین" کے مصنف کاشف حسین نے اپنی کتاب ڈپٹی کمشنر کرم کو پیش کی۔ ڈپٹی کمشنر نے مصنف کو خراج تحسین پیش کیا اور مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا)

ریڈ پاکستان کی جانب سے گورنمنٹ کرم شاہ سکول مورو میں غریب طلبہ وطالبات میں سکول کے یونیفارمز اور نئے شوز تقسیم کئے گئے

اللہ تعالیٰ اس سے راضی ہوتا ہے، غریب عوام کی خدمت کا یہ سلسلہ تاحیات جاری رہے گا

مورو۔ (رپورٹ: سندھی الطاف سومرو) مرحوم حاجی بھلیڈنو میمن ویلفیئر ایسوسی ایشن کے کوآرڈینیٹر غلام محی الدین میمن مورائی کی جانب سے ویلفیئر کے صدر غلام ہادی میمن اور جنرل سیکریٹری نذر حسین میمن کی نگرانی میں ویلفیئر، سہارو آرگنائیزیشن اور ریڈ پاکستان کی جانب سے گورنمنٹ کرم شاہ سکول مورو میں غریب طلبہ و طالبات میں سکول کے یونیفارمز اور نئے شوز تقسیم کئے گئے۔ اس موقع پر غلام ہادی مورائی اور نذر حسین میمن نے کہا کہ حاجی بھلیڈنو میمن مورائی ویلفیئر ایسوسی ایشن مورو عرصہ دراز سے غریب عوام کی فلاح و بہبود اور بہتری کے لیے خدمات سرانجام دے رہی ہے اور غریب عوام کو کبھی نہیں بھولی ہے، ہم غریب عوام کی زندگی کے ہر دکھ اور خوشی میں ان کے ساتھ رہے ہیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ ادارے کی جانب سے سلائی و کڑھائی کا فن سکھانے کے بعد غریب لڑکیوں کو مفت سلائی مشینیں فراہم کی گئی ہیں تاکہ وہ گھر پر سلائی کر کے روزی کما سکیں اور اپنے گھریلو اخراجات بھی چلا سکیں، یہ سلسلہ عرصہ دراز سے جاری ہے، جس کی وجہ سے سینکڑوں لڑکیاں اپنی روزی کما رہی ہیں۔ اس کے علاوہ غریبوں اور مزدوروں کو جو بے روزگار ہیں انہیں ان کے پیروں پر کھڑا کرنے اور روزگار کی تلاش کے لیے مفت ہاتھ گاڑیاں فراہم کی گئی ہیں، انہیں روزگار کی تلاش کے لیے ہر قسم کا سامان بھی دیا گیا ہے تاکہ وہ روزگار کر کے اپنے بچوں کا پیٹ پال سکیں۔ یہ سلسلہ بھی کافی عرصے سے جاری ہے جس کی وجہ سے بڑی تعداد میں غریب لوگوں کو روزگار فراہم ہوا ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ امریکہ میں مقیم غلام محی الدین کی جانب سے غریبوں، بے سہاروں اور مزدوروں کی خدمت کرنے سے ذہنی سکون ملتا ہے اور اللہ تعالیٰ اس سے راضی ہوتا ہے، غریب عوام کی خدمت کا یہ سلسلہ تاحیات جاری رہے گا۔

ویلفیئر، سہارو آرگنائیزیشن اور ریڈ پاکستان کی جانب سے گورنمنٹ کرم شاہ سکول مورو میں غریب طلبہ وطالبات میں سکول کے یونیفارمز اور شوز تقسیم کئے گئے

حاجی بھلیڈنو میمن مورائی ویلفیئر ایسوسی ایشن مورو عرصہ دراز سے غریب عوام کی فلاح و بہبود اور بہتری کے لیے خدمات سرانجام دے رہی ہے

مورو۔ (رپورٹ: سندھی الطاف سومرو) مرحوم حاجی بھلیڈنو میمن ویلفیئر ایسوسی ایشن کے کوآرڈینیٹر غلام محی الدین میمن مورائی کی جانب سے ویلفیئر کے صدر غلام ہادی میمن اور جنرل سیکریٹری نذر حسین میمن کی نگرانی میں ویلفیئر، سہارو آرگنائیزیشن اور ریڈ پاکستان کی جانب سے گورنمنٹ کرم شاہ سکول مورو میں غریب طلبہ و طالبات میں سکول کے یونیفارمز اور شوز تقسیم کئے گئے۔ اس موقع پر غلام ہادی مورائی اور نذر حسین میمن نے کہا کہ حاجی بھلیڈنو میمن مورائی ویلفیئر ایسوسی ایشن مورو عرصہ دراز سے غریب عوام کی فلاح و بہبود اور بہتری کے لیے خدمات سرانجام دے رہی ہے اور غریب عوام کو کبھی نہیں بھولی ہے، ہم غریب عوام کی زندگی کے ہر دکھ اور خوشی میں ان کے ساتھ رہے ہیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ ادارے کی جانب سے سلائی و کڑھائی کا فن سکھانے کے بعد غریب لڑکیوں کو مفت سلائی مشینیں فراہم کی گئی ہیں تاکہ وہ گھر پر سلائی کر کے روزی کما سکیں اور اپنے گھریلو اخراجات بھی چلا سکیں، یہ سلسلہ عرصہ دراز سے جاری ہے، جس کی وجہ سے سینکڑوں لڑکیاں اپنی روزی کما رہی ہیں۔ اس کے علاوہ غریبوں اور مزدوروں کو جو بے روزگار ہیں انہیں ان کے پیروں پر کھڑا کرنے اور روزگار کی تلاش کے لیے مفت ہاتھ گاڑیاں فراہم کی گئی ہیں، انہیں روزگار کی تلاش کے لیے ہر قسم کا سامان بھی دیا گیا ہے تاکہ وہ روزگار کر کے اپنے بچوں کا پیٹ پال سکیں۔ یہ سلسلہ بھی کافی عرصے سے جاری ہے جس کی وجہ سے بڑی تعداد میں غریب لوگوں کو روزگار فراہم ہوا ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ امریکہ میں مقیم غلام محی الدین کی جانب سے غریبوں، بے سہاروں اور مزدوروں کی خدمت کرنے سے ذہنی سکون ملتا ہے اور اللہ تعالیٰ اس سے راضی ہوتا ہے، غریب عوام کی خدمت کا یہ سلسلہ تاحیات جاری رہے گا۔

ڈی ایس پی لوئر محبوب خان نے ہائیر سیکنڈری سکول کلایہ کرکٹ گراؤنڈ میں منعقدہ کرکٹ ٹورنامنٹ کے فائنل میچ میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی

اس موقع پر انہوں نے کھلاڑیوں سے ملاقات کی

ہنگو) محمد خالق اورکزئی سے)۔۔۔۔ پریس ریلیز ڈی ایس پی لوئر محبوب خان نے ہائیر سیکنڈری سکول کلایہ کرکٹ گراؤنڈ میں منعقدہ کرکٹ ٹورنامنٹ کے فائنل میچ میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر انہوں نے کھلاڑیوں سے ملاقات کی، ان کی حوصلہ افزائی کی اور نوجوانوں میں کھیلوں کے فروغ کی اہمیت پر زور دیا۔ تفصیلات کے مطابق مذکورہ کرکٹ ٹورنامنٹ میں مجموعی طور پر پندرہ (15) ٹیموں نے شرکت کی، جس میں علاقہ بھر کی باصلاحیت ٹیموں نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کیا۔ ٹورنامنٹ کا فائنل میچ کلایہ سیدان اور پانزاڑی کرکٹ ٹیم کے درمیان کھیلا گیا، جس میں دونوں ٹیموں نے بھرپور مقابلہ کیا۔ تاہم سنسنی خیز مقابلے کے بعد کلایہ سیدان کی ٹیم نے عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے فائنل اپنے نام کر لیا۔ فائنل میچ کے اختتام پر ڈی ایس پی لوئر محبوب خان نے کامیاب ٹیم کو مبارکباد پیش کی اور کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے۔ انہوں نے کہا کہ کھیلوں کی سرگرمیاں نوجوانوں کو مثبت سمت فراہم کرتی ہیں، صحت مند معاشرے کے قیام میں اہم کردار ادا کرتی ہیں اور منفی سرگرمیوں سے دور رکھتی ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ آئندہ بھی اس طرح کے صحت مند مقابلے منعقد ہوتے رہیں گے۔ تاکہ نوجوان نسل منشیات آئس جیسے ناسور سے محفوظ رہے۔ آخر میں منتظمین اور کھلاڑیوں نے ڈی ایس پی لوئر محبوب خان کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے ٹورنامنٹ میں شرکت کر کے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کی اور کھیلوں کے فروغ کے لیے اپنی بھرپور حمایت کا اظہار کیا

ڈی پی او ہنگو خان زیب مہمند کا تھانہ دوابہ کی حدود میں واقع تمام حساس چیک پوسٹوں (زریاب ڈیم، مردارے موڑ زرگیری)، طورہ وڑی قلعہ اور تھانہ صدر کا اچانک اور تفصیلی دورہ

اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہنگو نصیر خان، ڈی ایس پی ہیڈکوارٹر محمد دیار خان، ڈی ایس پی ٹل مجاہد خان اور ایس ایچ او دوابہ انسپکٹر عمران الدین خان بھی ڈی پی او ہنگو کے ہمراہ تھے

ہنگو) محمد خالق اورکزئی سے)۔ ڈی پی او ہنگو خان زیب مہمند کا تھانہ دوابہ کی حدود میں واقع تمام حساس چیک پوسٹوں (زریاب ڈیم، مردارے موڑ زرگیری)، طورہ وڑی قلعہ اور تھانہ صدر کا اچانک اور تفصیلی دورہ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہنگو نصیر خان، ڈی ایس پی ہیڈکوارٹر محمد دیار خان، ڈی ایس پی ٹل مجاہد خان اور ایس ایچ او دوابہ انسپکٹر عمران الدین خان بھی ڈی پی او ہنگو کے ہمراہ تھے۔ دورے کے دوران ڈی پی او ہنگو نے چیک پوسٹوں پر تعینات نفری، دستیاب سہولیات، سیکیورٹی انتظامات اور آپریشنل تیاریوں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈی پی او ہنگو نے خصوصی طور پر حساس چیک پوسٹوں میں تعینات جوانوں کے مسائل سنے اور ان کے فوری حل کے لیے متعلقہ افسران کو موقع پر ہی واضح اور مؤثر احکامات جاری کیے انہوں نے موجودہ سیکیورٹی صورتحال میں پولیس فورس کے بلند حوصلے، پیشہ ورانہ مہارت اور فرض شناسی کو سراہتے ہوئے کہا کہ ہنگو پولیس فتنہ الخوارج دہشتگردوں کے خلاف جاری کارروائیوں میں فرنٹ لائن فورس کا کردار ادا کر رہی ہے اور انشاءاللہ یہ جنگ اپنی منطقی اور فیصلہ کن کامیابی کے قریب پہنچ چکی ہے۔ ڈی پی او ہنگو خان زیب مہمند نے تمام نفری کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کہا کہ دہشتگرد عناصر کو ہر صورت شکست دینا ہنگو پولیس کا پختہ ارادہ ہے اور کسی بھی قیمت پر دشمن کو سر اٹھانے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انشاءاللہ)

ڈی پی او ہنگو زیب خان کا مختلف علاقوں اور جوانوں کا دورہ

نیند کے دوران جسم پر مہلک دباؤ، جاپانی ماہر نے انکشاف کر دیا

قلمِ حق
انجینئر بخت سید یوسفزئی
engr.bakht@gmail.com

تحریر: انجینئر بخت سید یوسفزئی - قلمِ حق

جاپان کے معروف ماہرِ دردِ عضلات اور ریڑھ کی ہڈی ڈاکٹر ہیروشی تاناکا کی تازہ ترین تحقیق نے صحت کے ماہرین اور عام لوگوں دونوں کو چونکا دیا ہے۔ اس تحقیق میں یہ چونکا دینے والا انکشاف سامنے آیا ہے کہ وہ عام تکیہ، جسے لوگ سکون، آرام اور بہتر نیند کی علامت سمجھتے ہیں، درحقیقت خاموشی کے ساتھ انسانی گردن، کندھوں اور اعصابی نظام کو نقصان پہنچا رہا ہے۔ یہ تحقیق ٹوکیو اسپائن انسٹی ٹیوٹ میں کی گئی، جہاں جدید سائنسی آلات کے ذریعے انسانی جسم پر نیند کے اثرات کا باریک بینی سے جائزہ لیا گیا۔ ڈاکٹر تاناکا کے مطابق نیند کے دوران گردن کا قدرتی خم برقرار رہنا نہایت ضروری ہوتا ہے، کیونکہ یہی خم ریڑھ کی ہڈی کے توازن کو درست رکھتا ہے۔ بدقسمتی سے عام تکیے اس قدرتی ساخت کو سہارا دینے کے بجائے اسے بگاڑ دیتے ہیں، جس کے نتیجے میں گردن ایک غیر فطری زاویے پر آ جاتی ہے اور یہی زاویہ کئی گھنٹوں تک برقرار رہتا ہے۔ اس تحقیق میں جدید مسل مانیٹرنگ ٹیکنالوجی استعمال کی گئی، جو پوری رات عضلات کی سرگرمی، تناؤ اور حرکت کو ریکارڈ کرتی ہے۔ حاصل ہونے والے ڈیٹا نے واضح طور پر دکھایا کہ گردن اور کندھوں کے درمیان موجود نہایت اہم عضلہ، یعنی ٹریپیزیئس مسل، نیند کے دوران بھی مکمل طور پر آرام نہیں کرتا بلکہ مسلسل تناؤ کی حالت میں رہتا ہے۔ عام طور پر یہ تصور کیا جاتا ہے کہ نیند جسم کے لیے مرمت اور بحالی کا وقت ہوتی ہے، مگر ڈاکٹر تاناکا کی تحقیق اس تصور کو چیلنج کرتی ہے۔ ان کے مطابق اگر نیند کے دوران جسم غلط پوزیشن میں رہے تو نیند خود ایک ایسی اذیت بن جاتی ہے جو بظاہر محسوس نہیں ہوتی مگر اندرونی طور پر مسلسل نقصان پہنچاتی رہتی ہے۔ ڈاکٹر تاناکا اس کیفیت کی وضاحت ایک سادہ مثال سے کرتے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ اگر کسی شخص کو دن کے وقت آٹھ گھنٹے تک گردن موڑ کر یا ایک ہی زاویے پر کھڑا رہنے کو کہا جائے تو وہ چند منٹ بھی برداشت نہیں کر پائے گا، مگر یہی عمل ہم روزانہ نیند کے دوران غیر شعوری طور پر کرتے ہیں۔ اس مسلسل دباؤ کا پہلا اثر عام طور پر گردن کے درد کی صورت میں سامنے آتا ہے۔ ابتدا میں یہ درد ہلکی اکڑن یا معمولی کھچاؤ محسوس ہوتا ہے، جسے لوگ عام تھکن یا نیند کی کمی سمجھ کر نظرانداز کر دیتے ہیں اور سنجیدگی سے نہیں لیتے۔ وقت کے ساتھ ساتھ یہی درد شدت اختیار کر لیتا ہے اور گردن کی حرکت میں رکاوٹ پیدا ہونے لگتی ہے۔ بعض افراد کو گردن موڑنے، جھکانے یا سیدھا رکھنے میں دشواری ہوتی ہے، جو روزمرہ کاموں، گاڑی چلانے اور حتیٰ کہ آرام سے بیٹھنے میں بھی مسئلہ بن جاتی ہے۔ گردن کے درد کے ساتھ سر درد کی شکایت بھی عام ہو جاتی ہے، جو اکثر کنپٹیوں، آنکھوں کے پیچھے یا سر کے پچھلے حصے میں محسوس ہوتی ہے۔ یہ درد خاص طور پر صبح کے وقت زیادہ ہوتا ہے، جس سے دن کا آغاز ہی بوجھل اور پریشان کن ہو جاتا ہے۔ نیند جو عام حالات میں انسان کو تازگی، توانائی اور ذہنی سکون فراہم کرتی ہے، آہستہ آہستہ غیر مؤثر محسوس ہونے لگتی ہے۔ انسان پوری رات بستر پر رہنے کے باوجود خود کو تھکا ہوا، بے چین اور غیر مطمئن پاتا ہے، جس کا اثر اس کے مزاج اور کارکردگی دونوں پر پڑتا ہے۔ ایسی صورتحال میں اکثر لوگ مہنگے علاج، درد کش ادویات، مساج تھراپی یا فزیوتھراپی کا سہارا لیتے ہیں۔ اگرچہ ان طریقوں سے وقتی طور پر کچھ آرام مل جاتا ہے، مگر مسئلہ دوبارہ لوٹ آتا ہے کیونکہ بنیادی وجہ بدستور موجود رہتی ہے۔ ڈاکٹر تاناکا کے مطابق اصل مسئلہ اس وقت تک حل نہیں ہو سکتا جب تک نیند کے دوران گردن کی پوزیشن درست نہ کی جائے۔ محض علاج پر انحصار کرنا ایسے ہی ہے جیسے ٹپکتے نل کے نیچے برتن رکھ دیا جائے مگر نل بند نہ کیا جائے۔ تحقیق یہ بھی ظاہر کرتی ہے کہ مسلسل عضلاتی تناؤ ریڑھ کی ہڈی کے اوپری حصے پر اضافی دباؤ ڈالتا ہے، جو وقت کے ساتھ اعصابی مسائل کو جنم دے سکتا ہے۔ اس کے نتیجے میں ہاتھوں میں سن ہونا، کندھوں میں جلن یا بازوؤں میں کمزوری جیسی علامات پیدا ہو سکتی ہیں۔ جدید طرزِ زندگی نے اس مسئلے کو مزید سنگین بنا دیا ہے۔ دن بھر موبائل فون، لیپ ٹاپ اور کمپیوٹر استعمال کرنے سے گردن پہلے ہی دباؤ کا شکار ہوتی ہے، اور رات کو غلط تکیہ اس دباؤ کو کم کرنے کے بجائے کئی گنا بڑھا دیتا ہے۔ ڈاکٹر تاناکا کی تحقیق کے مطابق غلط زاویے میں سونے سے خون کی روانی بھی متاثر ہوتی ہے۔ جب عضلات تک مناسب مقدار میں خون نہیں پہنچ پاتا تو ان کی مرمت اور بحالی کا قدرتی عمل سست پڑ جاتا ہے، جس کے نتیجے میں درد دیرپا شکل اختیار کر لیتا ہے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ بہت سے افراد کو اپنی تکلیف کی اصل وجہ کا اندازہ ہی نہیں ہوتا۔ وہ سمجھتے ہیں کہ یہ درد بڑھتی عمر، ذہنی دباؤ یا کام کی زیادتی کا نتیجہ ہے، حالانکہ اصل مسئلہ ان کے بستر میں موجود ہوتا ہے۔ ڈاکٹر تاناکا اس بات پر زور دیتے ہیں کہ انسانی جسم ایک متوازن نظام ہے۔ جب ہم نیند جیسے بنیادی عمل میں اس توازن کو خراب کرتے ہیں تو جسم خاموشی سے اس کے نتائج برداشت کرتا رہتا ہے، یہاں تک کہ بیماری کی صورت میں ردعمل ظاہر کرتا ہے۔ یہ مسئلہ صرف بڑی عمر کے افراد تک محدود نہیں بلکہ نوجوان نسل بھی اس سے تیزی سے متاثر ہو رہی ہے۔ خاص طور پر وہ لوگ جو گھنٹوں بیٹھ کر کام کرتے ہیں یا مسلسل اسکرین کے سامنے رہتے ہیں، ان میں گردن اور کندھوں کے مسائل کم عمری میں ہی سامنے آ رہے ہیں۔ نیند کا مقصد صرف آنکھیں بند کرنا نہیں بلکہ جسم اور دماغ کو مکمل آرام فراہم کرنا ہے۔ اگر نیند کے دوران ہی عضلات تناؤ میں رہیں تو نیند کا بنیادی مقصد ہی فوت ہو جاتا ہے اور جسم مسلسل تھکن کا شکار رہتا ہے۔ ڈاکٹر تاناکا کی یہ تحقیق ہمیں مجبور کرتی ہے کہ ہم اپنی روزمرہ عادتوں پر نظرثانی کریں۔ اکثر ہم چھوٹی چیزوں کو غیر اہم سمجھ کر نظرانداز کر دیتے ہیں، حالانکہ یہی معمولی چیزیں وقت کے ساتھ بڑے مسائل کی بنیاد بن جاتی ہیں۔ ایک عام سا تکیہ، جو ہر رات ہمارے سر کے نیچے ہوتا ہے، اگر جسمانی ساخت کے مطابق نہ ہو تو وہ خاموشی کے ساتھ صحت کو نقصان پہنچاتا رہتا ہے۔ اس نقصان کا احساس اس وقت ہوتا ہے جب درد معمول کی زندگی کو متاثر کرنے لگتا ہے۔ یہ تحقیق دراصل ایک سنجیدہ وارننگ ہے کہ سہولت اور عادت کے نام پر صحت سے سمجھوتہ کرنا دانشمندی نہیں۔ بستر، تکیہ اور سونے کا انداز ایسے عوامل ہیں جن پر توجہ دینا طویل المدت صحت کے لیے ناگزیر ہے۔ آخرکار یہ حقیقت واضح ہو جاتی ہے کہ درد اکثر اچانک پیدا نہیں ہوتا بلکہ برسوں کی لاپرواہی کا نتیجہ ہوتا ہے۔ ایک غلط تکیہ بھی وقت کے ساتھ گردن، کندھوں اور اعصابی نظام کو شدید متاثر کر سکتا ہے۔ ڈاکٹر تاناکا کی دریافت ہمیں یہ پیغام دیتی ہے کہ صحت کے تحفظ کے لیے شعور، احتیاط اور درست انتخاب ضروری ہیں۔ نیند کو واقعی آرام کا ذریعہ بنانا ہی ایک متوازن، فعال اور صحت مند زندگی کی بنیاد ثابت ہو سکتا ہے۔